القدّوس: اعداد (170) یہ اسم روحانیت کو جلا دیتا ہے۔ اس کا قاری ملکوتی صفات سے متصف ہوتا ہے۔ اگر کوئی نام کے اعداد کے مطابق پڑھے تو ارواح اولیاء و انبیاء سے مشرف ہو۔ اس کا نقش مشک و زعفران سے کسی نیک ساعت یا شرف قمر میں لکھے۔ حامل نقش عوام کی نظروں میں مقبول ہوگا اور جمیع مقاصد میں کامیابی و کامرانی ہوگی۔

۷۸۶

۱۰۳	۳۲	۵۹	۷
۳۳	۱۰۶	۴	۵۸
۵	۵۷	۳۴	۱۰۵

السّلام: اعداد (131) اس کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت میں رکھتا ہے۔ ہر مشکل میں سلامتی بخشتا ہے۔ اس کا نقش لکھ کر سوداوی مریض کو پلایا جائے تو شفا ہوگی۔

۷۸۶

۵۹	۳۲	۳۹	۳۲
۳۳	۶۲	۶۹	۳۸
۳۰	۳۷	۳۴	۶۱

الصّبور: فطرت جمالی، عنصر بادی، اعداد (298) اس کا ذاکر گناہوں سے تائب ہو جاتا ہے اس کا نقش دل کو صبر دینے کے لیے خوب ہے۔ جس کو کوئی سخت صدمہ پہنچا ہو اس کو نقش پلائیں۔

۷۸۶

۱	۹۱	۱۹۹	۷
۹۲	۴	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۹۳	۳

المؤمن: اس نقش کا حامل امراض سے محفوظ رہتا ہے۔ شمس المعارف میں لکھا ہے کہ اس اسم کے ورد سے انسان شب بیدار اور عبادت گزار ہو جاتا ہے چالیس دن اس کی ریاضت کرنے والے پر وہ امور منکشف ہوتے ہیں جو بیان سے باہر ہیں یہ نقش 21 دن تک پہننا ہے۔

۷۸۶

۳۹	۳۲	۸۹	۷
۳۳	۴۲	۴	۸۸
۵	۸۷	۳۴	۴۱

المانع: فطرت جلالی، عنصر آبی، اعداد (161) یہ اسم ہر برائی اور ہر نقصان کے مانع ہے۔ جو شخص اپنے دشمن کی دشمنی سے بچنا چاہے۔ وہ اسم کے اعداد کے برابر قرات کرے اور نقش اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

۴۰	۳۲	۶۹	۵۱
۳۳	۴۳	۴۸	۶۸
۴۹	۶۷	۳۴	۴۲

النّور: فطرت مشترک، عنصر آبی، اعداد (256) اہل کشف کے لیے اس اسم کا ذکر خوب ہے۔ حامل نقش کو عزت و وقار حاصل ہوتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۹	۳۲	۱۹۹	۷
۳۳	۵۲	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۳۴	۵۱

نقش سورہ جن: ہر قسم کے جن، آسیب، سحر، جادو، کو دفع کر سکتا ہے۔

۷۸۶

۲۳۳۵۲	۲۳۳۴۵	۲۳۳۵۰
۲۳۳۴۷	۲۳۳۴۹	۲۳۳۵۱
۲۳۳۴۸	۲۳۳۵۳	۲۳۳۴۶

نقش گلے میں ڈالیں یا تازہ پانی میں گھول کر پلائیں۔

چور اور دشمن سے مال کی حفاظت کے لیے

۷۸۶

۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶

نقش لکھ کر جہاں قیمتی مال رکھا ہے وہاں رکھ دیں یا دروازہ پر چسپاں کر دیں۔

حفاظت جان اور بیماری سے صحت کے لیے

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بیماری کا علاج فون پر دم کرائیں
عامل حکیم خضر عباس پیاسی۔ روحانی سوجھلا شفا خانہ (رجسٹرڈ)
0333 6474494, 0302 7909693, 0346 7328884, 0313 6435252

+ تاریخی مجلس مرادِ شبیہ بابت امام حسنؑ ۲۸ صفر بمقام مزار انار دانہ چوک جہان روڈ اسلام پورہ لاہور۔ منجانب: آغا عابد عباس زیدی مرحوم و پسران و دار دفعی

نماز استغاثہ

(بحوالہ مکارم الاخلاق)

مسز نگینہ زہرا انجم (کراچی) 0336 2331839

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حاجت مند جب رات کو سونے کا ارادہ کرے تو اپنے سرہانے پاکیزہ برتن میں پاک پانی بھر کر کسی چیز سے ڈھانپ کر رکھے۔ رات کے آخر میں تہجد کے لیے بیدار ہو کر اس پانی سے تین گھونٹ پی کر باقی پانی سے وضو کریں۔ اذان اور اقامت کے بعد 2 رکعت نماز استغاثہ اس طرح پڑھیں۔ (۱) نماز میں الحمد کے بعد کوئی بھی سورت پڑھ لیں اور جب رکوع میں جائیں تو 25 مرتبہ **یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ** پڑھے۔ (۲) رکوع سے سر اُٹھانے کے بعد سجدہ میں جانے سے پہلے پھر 25 مرتبہ پڑھیں (۳) پہلے سجدہ میں 25 مرتبہ (۴) سجدہ میں سے سر اُٹھانے کے بعد 25 مرتبہ (۵) دوسرے سجدہ میں 25 مرتبہ (۶) سر اُٹھانے کے بعد پھر 25 مرتبہ۔ اسی طرح دوسری رکعت میں بھی پہلی رکعت کی طرح پڑھیں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد اپنے سر کو آسمان کی طرف کر کے 30 مرتبہ یہ کلمات کہے "مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْلِ" اسکے بعد اپنی حاجت طلب کرے۔ جو کہ بہت جلد انشاءاللہ پوری ہوگی۔ دونوں رکعتوں میں کل 300 مرتبہ پڑھنا ہے۔ آزمودہ ہے۔

نماز وحشت قبر

میت کے دفن کی رات اس کیلئے دو (۲) رکعت نماز پڑھی جاتی ہے۔ جسے نماز وحشت قبر کہتے ہیں۔ یہ نماز میت کیلئے قبر میں پہلی رات کے خوف کو دُور کرنے کیلئے پڑھی جاتی ہے اور دفن میت کی پہلی ہی رات میں مغرب کی نماز کے بعد سے لیکر طلوع فجر تک پڑھی جاسکتی ہے کیونکہ میت پر قبر میں پہلی رات سے زیادہ سخت گھڑی اور نہیں ہوتی ہے۔

طریقہ نماز: پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ (یعنی سورۂ الحمد) کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ قدر (یعنی انا انزلناہ) پڑھی جائے۔ سلام پڑھنے کے بعد کہو! (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّابْعَثْ ثَوَابَ هَاتَیْنِ الرَّکْعَتَیْنِ اِلٰی قَبْرِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ) (فلاں بن فلاں کی جگہ پر میت اور اس کے باپ کا نام لے)

ہر نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر 11 مرتبہ **یَا قَوِیُّ** پڑھو تو دماغی قوت و طاقت نصیب ہوگی

نماز میں شفا ہے

تمام حمد اور بڑائیاں اُس خالق کائنات کے لیے جو مالک و مختار حقیقی ہے۔ تمام سجدوں اور تعریفوں کے لائق ہے جو چاہے کر سکتا ہے۔ مختار کل ہے۔ قارئین امامیہ جنتری کے لیے آلِ رسول رحمت العالمین کا گراں قدر تحفہ لیکر حاضر ہوں ان کرب کے لمحات میں جب وطن عزیز بدامنی، دہشت گردی اور مختلف بیماریوں کی لپیٹ میں ہے۔ کہیں ڈینگی، خسرہ، اور کہیں گیسٹرو وڈیرے جمائے اپنا تسلط قائم کر رہی ہے۔ ایک عمل روحانی ان امراض سے بچاؤ کے لیے پیش خدمت قارئین ہے "نماز میں شفا ہے"

جس کو کوئی بیماری، وبا، یا کوئی ناگہانی آفت نے گھیرا ہو تو غسل کر کے پاک و معطر لباس زیب تن کر کے خلوت کی جگہ (2 نوافل) دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ جسکی ہر رکعت میں میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص ایک ایک بار پڑھیں۔ نماز ادا کرنے کے بعد سجدہ میں جا کر یہ عرض کرے۔

فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَاسَيِّدَتِيْ وَ مَوْلَاتِيْ اَدْرِكِيْنِيْ اَدْرِكِيْنِيْ اَدْرِكِيْنِيْ . فَاِنِّيْ اَشْهَدُ اَنَّ لَكِ عِنْدَ اللّٰهِ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الْمَعْلُوْمُ وَالْجَاهُ وَالْكَرَامَةُ اَسْتَغِيْثُ بِكِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ يَا اَللّٰهُ اِلَيْكَ لِفَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ۔

پھر یوں سجدے سے سر اُٹھا کر 1000 مرتبہ (یا اللہ) پڑھے۔ بعد میں یوں کہے

يَارَبِّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّادْفَعْ هٰذِهِ الْعِلَّةَ اَوِ الْخَوْفَ اَوِ الْغَمَّ

یاد رہے کہ وَادْفَعْ کے بعد بیماری، وبا، یا پریشانی کا نام لے مثلاً خسرہ، گیسٹرو، شوگر وغیرہ۔ وبا سے بچنے کے لیے تمام گھر والے ملکر بیٹھ کر (سورۃ تغابن) کی تلاوت کریں۔ اگر پڑھنا نہ جانتے ہوں تو ایک شخص پڑھے اور ناخواندہ غور سے سنیں۔ قرآن کریم اور آل رسولؐ تمام بیماریوں اور پریشانیوں سے حفاظت کا ذریعہ ہیں۔ دونوں کی محبت اللہ کی رضا اور قرب کا ذریعہ ہے۔ دعا ہے کہ گلشن فاطمۃ الزہرا کے طفیل اللہ رب العزت ہر بچے کو اور والدین کے گلشن کو مہکتا رکھے آمین ثم آمین۔ کوئی بات سمجھ نہ آئے تو فون کر کے دریافت کر لیں۔

خاکپائے گلشن فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

محمد یوسف اکبر 0306-4359761 چائنہ سکیم گجر پورہ لاہور۔

6 روزہ عباس شہادت امام حسینؑ 5 تا 10 بجے بمقام امام بارگاہ قصر فاطمہ سادات کھروڑ پکا کے زیر اہتمام: کاروان شہزادی کبریٰ

قرآنی دعائیں

(سیّد بابر حسین رضوی) 0313-2009666

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

دعائے حضرت آدمؑ: رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۲۳ اعراف۔

دعائے حضرت نوحؑ: رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ۲۸ نوح

دعائے حضرت ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ: رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۱۲۷ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۱۲۸ البقرہ

دعائے حضرت ابراہیمؑ: رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۠ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ ۴۰ (۱۴ قصص)

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۴۱

دعائے حضرت موسیٰؑ: رَبِّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ۭ

دعائے نبویؐ: رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۱۱۸ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۸۰ بنی اسرائیل

قرآن سے طلب شفا:

آقائے سیّد محمود حمیدی کا بیان ہے کہ (ماہ محرم ۱۳۳۷ ہجری) میں جبکہ شیراز کے بیشتر باشندے انفلوئنزا کے وبائی مرض میں مبتلا تھے۔ اور میرے گھر کے تمام لوگ بیمار ہوئے اور میں مرض کی شدت کی وجہ سے بے ہوش ہو گیا۔ اسی عالم میں سیّد جلیل مرحوم آقائے سیّد مرزا (امام جماعت مسجد فتح) کو دیکھا کہ انہوں نے مسجد میں نماز جماعت کے بعد ایک شخص سے فرمایا کہ لوگوں کو بتا دو کہ اپنا داہنا ہاتھ اپنی دونوں کنپٹیوں پر رکھ کر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ پڑھ کر آیہ مبارکہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا (بنی اسرائیل آیت ۸۲) کو سات بار پڑھیں اور جس شخص کے اوپر بھی اسے پڑھو گے خدا اُسے شفا عطا کرے گا۔ جب میں ہوش میں آیا تو میں نے اسی آیہ مبارکہ کو سات مرتبہ پڑھا خدا نے مجھے فوراً شفا عطا فرمائی۔ میں اٹھا اور اپنے بیٹے کی کنپٹی پر ہاتھ رکھ کر پڑھا وہ بھی فوراً صحتیاب ہو کر بستر سے اٹھ کھڑا ہوا۔ یہاں تک کہ گھر کے جملہ افراد اسی روز ٹھیک ہو گئے۔ اور اس سال سے اب تک میرے خاندان میں جس شخص کو کوئی تکلیف عارض ہوتی ہے میں اس پر یہی آیت پڑھتا ہوں اور وہ شفایاب ہو جاتا ہے۔

شوکر کے مریضوں کے لیے مجرب دعا:

اول و آخر تین مرتبہ محمدؐ و آل محمد علیہم السلام پر درود پڑھیں اور اس آیت مبارکہ کی تلاوت صبح و شام کم از کم 1/2-2 ماہ تک کریں۔ انشاءاللہ شفا کامل ہو گی۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا (پارہ ۱۵ آیت ۸۰)

بخار کا علاج: اگر کسی کو بخار آ رہا ہو تو اس کی پیشانی یا شانے پر ہاتھ رکھ کر یہ آیات پڑھی جائے۔ يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلى مریض کا نام لے اور کہے بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اس طرح تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھا جائے۔ (پارہ ۱۷ سورۃ انبیاء ۶۹)

وظیفہ برائے قلب: یہ آیت شفائے قلب ہے۔ اسکی تلاوت دل کے مریض کے لیے بہت موثر ہے۔ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ (الرعد ۲۸)

کشتہ برائے قلب: جسمانی، روحانی اور قلب کی قوت کے لیے کم از کم 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ يَا قَوِيُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِيْ وَقَلْبِيْ اے مضبوط قدرت رکھنے والے طاقت ور مجھے اور میرے دل کو مضبوط بنا۔

دل کے مرض سے محفوظ رہنے کے لیے: ہر واجب نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر پہلے درود پڑھے۔ پھر 11 مرتبہ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ کہے اور بارہویں مرتبہ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَآ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ پھر آخر میں درود پڑھے۔

برائے بخار و بلڈ پریشر: مندرجہ بالا آیات پانی پر 41 بار پڑھ کر پلانا بخار اور بلڈ پریشر کے لیے موجب شفا ہے۔ يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ (الانبیاء ۷۰-۶۹)

دعا برائے شفاء: اگر اس قرآنی دعا کو ہر روز 11 مرتبہ پڑھے تو اسے طویل بیماری سے شفا نصیب ہو گی۔ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (سورہ انبیاء ۸۳)

نوٹ: ہر آیت سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ پڑھا جائے۔

17 مفت مقام اسکالرشپ میٹرک تا ایم فل طلبہ و طالبات راولپنڈی۔ اسلام آباد۔ ہائی سیرت ممتاز حسین مرحوم 051 3360317

12 محرم الحرام 1441ھ بمطابق 12 ستمبر 2019ء بروز جمعرات کشمیر کمیونٹی آباد (رجسٹرڈ) ہائی سیّد تنویر حسین شاہ

مکتبہ کاظمیہ قصر ابوطالب عابد مجید روڈ مغل آباد راولپنڈی 0332 5177271
سیّد نیوز ایجنسی منگلا روڈ دینہ جہلم 0544 631631

عمل حاجت روائی نادعلیؑ

تحریر: راجہ اعجاز حسین (کراچی)
0345-2887962,0321-2542434

اللہ کی حمد وثناء کرتا ہوں اس کی نعمتوں کی تکمیل چاہنے اس کی عزت وجلال کے آگے سر جھکانے اور اسکی معصیت سے حفاظت حاصل کرنے کے لیے اور اس سے مدد مانگتا ہوں اس کی کفایت اور دستگیری کا محتاج ہوں۔

دعا ہے کے خداوند کریم بصدقہ پنجتن پاکؑ آغا افتخار حسین صاحب کو صحت وسلامتی میں رکھے اور بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد صاحب (مرحوم) کی مغفرت فرمائے جن کی کاوش کی بدولت لاکھوں مومنین روحانی فیض حاصل کر رہے ہیں۔

فی زمانہ میں انسان طرح طرح کی پریشانیوں اور روکاٹوں کا شکار ہے سب سے بڑا مسئلہ روزگار کا نہ ہونا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اسکے سدباب کے لیے روحانیت سے کس طرح استفادہ حاصل کیا جائے نادعلیؑ صغیر کا مجرب ولاجواب عمل قارئین کی نظر کر رہا ہوں جس سے تمام مومنین استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی سخت سے سخت مشکل، حاجت درپیش ہو جس کے ہونے کی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو نادعلیؑ کا عمل اس طرح سے کریں۔ عروج ماہ میں اتوار کے دن غسل کریں بعد نماز مغربین کوئی ایک ٹائم مخصوص کریں جس پر آپ روزانہ آسانی کے ساتھ عمل کر سکیں عمل شروع کرنے سے پہلے دو رکعت نماز حاجت ادا کریں اسکا ثواب مولاعلیؑ کی بارگاہ میں ہدیہ کریں اور نادعلیؑ کا نقش زعفران کی سیاہی کے ساتھ لکھیں دوران عمل نقش سامنے رکھیں اور توجہ اور یکسوئی کے ساتھ تعداد کے مطابق نادعلیؑ کا ورد کریں اسی طرح روزانہ عمل کے دوران نقش سامنے رکھیں اختتام عمل نقش کو چاندی یا سٹیل کی ڈبی میں بند کروا کر گلے میں ڈال لیں انشا اللہ ایک ماہ کے اندر آپ اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جائیں گے میں نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے اگر پھر بھی سمجھ میں نہ آئے تو فون پر وضاحت طلب کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نادِ علیؑ صغیر

نَادِ عَلِيًّا مَّظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ، كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ

کل اعداد: نادعلیؑ ۵۵۲۲ نفی ۳۰ = ۴+۵۴۹۲ = ۱۳۷۳ کسر کوئی نہیں۔

آغاز عمل اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار درمیان میں توجہ اور یکسوئی کے ساتھ نادعلیؑ کا ورد کریں۔

دن	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
تعداد	۹۹	۹۹	۹۱	۶۷	۴۷	۴۳	۲۸

۷۸۶

قوطائیل شمکائیل شفتائیل

۱۳۸۰	۱۳۸۳	۱۳۸۶	۱۳۷۳
۱۳۸۵	۱۳۷۴	۱۳۷۹	۱۳۸۴
۱۳۷۵	۱۳۸۸	۱۳۸۱	۱۳۷۸
۱۳۸۲	۱۳۷۷	۱۳۷۶	۱۳۸۷

قطمشائیل لوبیائیل

محمد علی بن غلام سکینہ کو ترقی مال وکشائش رزق عطا ہو۔

فوائد عمل: ترقی کاروبار، ترقی عہدہ، حصول ویزا بیرون ملک سفر، حصول ملازمت، دختران وپسران کی بخت کشائی، مہربانی افسران

عمل برائے حل مشکلات

مکارم الاخلاق میں ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ جو کوئی مشکل اور پریشانی کے وقت اس دعا کو دس مرتبہ پڑھیگا تو اسکی مشکل حل ہو جائیگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

مکروفریب سے بچنے کے لئے

ذیل کی آیات مکروفریب سے بچنے کیلئے کم از کم گیارہ مرتبہ تلاوت کریں

وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ (آل عمران: ۵۴)

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾

مغلوبی دشمن کے لئے

کثرت سے اس دعا کا پڑھنا مغلوبی دشمن کیلئے اکسیر ہے

اَللّٰهُمَّ رَبِّ اكْفِنِيْ اَعْدَآئِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَكْفِنِيْ اَعْدَائِيْ اِلَّا اَنْتَ

0333-5141505 سید فرزند علی۔ پیر راولپنڈی۔ شہر کی نامور بارگاہ دربار شاہ دبہار بارگاہ امام بارگاہ عزا بمقام امام بارگاہ عباس 11 محرم، 27، 28 صفر، 19 ربیع الاول، 24، 25 ربیع الثانی، 16 جمادی الثانی

صدقہ، خیرات، زکوٰۃ اور امام ضامن ڈالنے کے لیے

صندوقچیاں

دہشت گردی، ناگہانی حادثات، پریشانیوں اور نت نئی خطرناک جان لیوا بیماریوں کے اِس پُرآشوب دور میں آفات وبلیاتِ ارضی و سماوی سے محفوظ رہنے کے لیے تمام افراد کا اپنی اپنی حیثیت اور استطاعت کے مطابق ہر روز صبح وشام صدقہ نکالنا انتہائی ضروری ہے۔ کیونکہ معصومینؑ کی طرف سے اس کی بہت تاکید کی گئی ہے۔

صدقہ ردِّ بلا ہے۔ اپنے فقر وتنگدستی کو صدقہ کے ذریعہ دُور کرو (قولِ معصومؑ)

جن احباب نے ابھی تک اپنے گھر، دکان، دفتر یا فیکٹری میں صندوقچی نہیں رکھی تو وہ ضرور صندوقچی لے کر رکھیں۔ اور حسبِ حیثیت ہر روز صبح وشام اس میں اپنی جان، مال اولاد اور عزت وناموس کے تحفظ کے لیے

صدقہ، خیرات، زکوٰۃ اور امام ضامن

کی رقم ڈالتے رہیں۔ پروردگارِ عالم آپ کے ان صدقات کی وجہ سے آپ کے جان ومال وعزت کی حفاظت فرمائے گا، آپ کو ہر قسم کی آفات وبلیاتِ ارضی وسماوی اور حادثات سے محفوظ رکھے گا، آپ کے مریضوں کو صحت وتندرستی کے ساتھ طول عمر اور آپ کے مرحومین کی مغفرت فرمائے گا۔ نیز آپ کی پریشانیوں کو دُور کر کے آپ کے گھر پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے گا۔ چونکہ قطرہ قطرہ ہی مل کر دریا بنتا ہے۔ لہٰذا آپ کی صندوقچیوں سے نکلنے والی یہ تھوڑی تھوڑی رقم آپ کے اپنے رفاہی اور فلاحی ادارے

تنظیم غلامانِ آلِ عمران (رجسٹرڈ) لاہور

کی مالی معاونت کا باعث بن کر ضرورت مند مستحقین کے لیے راشن یا وظائف، مقروض مومنین ومومنات کے قرض کی ادائیگی یا ناداد مریضوں کی جان بچانے کے لیے دوادارو مہیا کرنے کے کام بھی آسکتی ہے۔ ہر ماہ تنظیم کا نمائندہ آپ کے پاس آکر صندوقچی سے رقم نکال کر آپ کو رسید جاری کرے گا۔ تنظیم کے زیرِ انتظام العمران راشن سٹور سے ہر ماہ سادات وغیر سادات 1200 خاندانوں کو راشن اور وظائف تقسیم کیے جاتے ہیں۔ تنظیم کے زیرِ انتظام لاہور شہر کے مختلف مقامات پر العمران ہسپتال کی پانچ برانچیں مستحق مریضوں کے علاج معالجہ میں مصروف ہیں جن سے روزانہ ہزاروں خواتین وحضرات استفادہ کرتے ہیں۔

شیخ دلشاد اختر شاد انچارج شعبہ صندوقچی

0300-4155727,0315-4155727,0321-4155727,0345-4155727

تنظیم غلامانِ آلِ عمران (رجسٹرڈ) لاہور

العمران بلڈنگ کوچہ قاضی خانہ اندرون موچی گیٹ لاہور

37667661-2, 37659866

گذشتہ 37 سال سے دُکھی انسانیت اور بے سہارا مخلوقِ خدا کی
بے لوث خدمت میں دن رات مصروفِ عمل ملّت کا رفاہی اور فلاحی ادارہ

تنظیم غلامانِ آلِ عمران (رجسٹرڈ) لاہور پاکستان

ملتِ اسلامیہ کی فلاح و بہبود کے سلسلے میں تنظیم کے زیرِ نظر چلنے والے تقریباً 21 شعبہ جات
(جن کی تفصیل سامنے صفحہ پر درج ہے) پر

ہر ماہ تقریباً 30 لاکھ سے پینتیس لاکھ روپیہ

سے زیادہ اخراجات اٹھتے ہیں۔ حقوق العباد سے متعلقہ اِن امورِ خیریہ اور صدقہ جاریہ میں آپ اپنی حیثیت اور استطاعت کے مطابق کتنا اور کس قدر حصّہ ڈال رہے ہیں یہ آپ خود بہتر جانتے ہیں۔

جو مخیّر خواتین و حضرات اِن کارہائے خیر میں ابھی تک حصہ نہیں ڈال سکے وہ اپنی پسند کے کسی بھی شعبہ کے لیے

ماہانہ چندہ جات، عطیات، صدقات، خیرات
نذورات، مالِ خدا، مالِ امامؑ اور مالِ سادات

کی مدّات میں رقوم ارسال کر کے ادارہ سے تعاون کر سکتے ہیں۔ آپ کے دستِ تعاون بڑھانے سے تنظیم کے دائرہ کار کو مزید بڑھایا جا سکتا ہے اور دُکھی انسانیت کی بہتر سے بہتر خدمت ہو سکتی ہے۔

مطمئن رہیں کہ آپ کے دیئے ہوئے عطیات کسی بھوکے کا پیٹ بھرنے، کسی جاں بلب مریض کی جان بچانے، کسی مقروض کو قرض اور سُود در سُود کی لعنت سے بچانے، کسی غریب و یتیم بچے کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے یا بے سہارا یتیم بچی کے ہاتھ پیلے کرنے میں معاون و مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔

لہٰذا مذکورہ مدّات میں آپ دل کھول کر ادارہ سے تعاون فرمائیں تا کہ اِن تمام سعادتوں میں آپ حصّہ دار بن کر انشاءاللہ رب العزّت اور سید المرسلین کی بارگاہ میں اَجرِ کثیر کے مستحق قرار پا سکیں۔

العمران شفاخانہ جات
5 شفا خانہ جات کا قیام

العمران راشن سٹور
برائے سادات

العمران راشن سٹور
برائے غیر سادات

حسینیہ آلِ عمران
مشہد مقدس ایران فیز I فیز II

شعبہ امداد برائے شادی
(غریب یتیم سادات اور غیر سادات بچیوں کیلئے)

العمران سکول سسٹم
ملت اسلامیہ کے بچوں کی دینی و دنیاوی تعلیم و تربیت اور کردار سازی کے لیے ایک خوبصورت اور معیاری درسگاہ

شعبہ قرض
برائے روزگار

خدمت انسانیت میں پیش پیش

تنظیم غلامان آلِ عمران (رجسٹرڈ) لاہور



SINCE 1976

شعبہ امداد برائے علاج

شعبہ دینیات سنٹر
ملک بھر میں دینیات سنٹرز کا نیٹ ورک

شعبہ تعلیمی وظائف
یتیم اور نادار بچوں اور بچیوں کی تعلیمی کفالت

شعبہ العمران کمپیوٹر سنٹر
(برائے طلباء و طالبات)

شعبہ مجالس و محافل
(بسلسلہ ولادت و شہادت چہاردہ معصومین)

گذشتہ 37 سال سے دکھی انسانیت اور بے سہارا لوگوں کی بے لوث خدمت میں مصروف غیر منافع بخش رفاہی ادارہ

تنظیم غلامانِ آلِ عمران (رجسٹرڈ) لاہور پاکستان

21 شعبہ جات پر ہر ماہ تقریباً 30 سے 35 لاکھ روپیہ اخراجات ہوتے ہیں ان کارہائے خیر میں آپ ماہانہ چندہ، عطیات، صدقات خیرات، نذورات، مال امام اور مال سادات کی مد میں رقوم ارسال کر کے ادارہ سے تعاون کر سکتے ہیں۔

شعبہ حفظ کل قرآن پاک

شعبہ اشاعت
"ماہنامہ ندائے آلِ عمران"

شعبہ سنڈے سکول
دوم کلاس سے ہشتم کلاس کے بچوں اور بچیوں کی دینی تعلیم کے لیے

شعبہ جزوی حفظ قرآن پاک

ہفتہ وار پروگرام مجالس ترحیم مومن پورہ
(برائے ایصال ثواب جمیع مرحوم مومنین و مومنات)

العمران رہائشی سکیم
دین پورہ

شعبہ اشاعت مفاتیح الجنان
(اردو ترجمہ)

العمران سادات رہائشی سکیم

اسلامک سی ڈیز کی اشاعت
(نہج البلاغہ، صحیفہ کاملہ اور مفاتیح الجنان کی جدید کمپیوٹر سوفٹ ویری ڈیز)

آیت الکرسی فوائد واعمال

عامل علی احمد کاشف
L-925 سیکٹر-2 نارتھ کراچی۔ پاکستان 75850
0346-2489941/0345-2995094

آیت الکرسی کے فوائد واعمال قارئین کرام کے استفادہ کے لیے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ جو حضرات مستفید ہوں درخواست ہے کہ جنتری ہذا کے بانیان وکارکنان کے لیے اور میرے والدین کے لیے دعائے خیر ضرور فرمائیں۔ آیت الکرسی بے شمار فضائل وبرکات کی حامل ہے اسکی عظمت کا اندازہ اس بات سے بہ خوبی لگایا جاسکتا ہے کہ آیت الکرسی کی عظمت کے سبب سترہ ہزار فرشتے اس کے ساتھ نازل ہوئے۔ آیت کے بے شمار فوائد کا احاطہ ناممکن ہے۔ حسب توفیق چند فوائد پیش ہیں۔

☆ آیت الکرسی زیادہ سے زیادہ پڑھنے والے سے جنات وشیاطین خوف زدہ رہتے ہیں۔ ☆ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرنے سے نظر بد کے اثرات زائل ہوتے ہیں۔ ☆ آیت الکرسی لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں پہننے سے جنات وشیاطین وسحر نہیں ہوتا۔ ☆ آیت الکرسی کمرے کی دیوار پر آویزاں کرنے سے جنات وشیاطین کمرے میں بسیرا نہیں کرتے۔

☆ ویران میدان یا جنات والی جگہ سے داہنا ہاتھ سر پر رکھ کر آیت الکرسی پڑھتے ہوئے گزر جائیں محفوظ رہیں گے۔ ☆ آیت الکرسی بارش کے پانی یا آب زم زم سے دھو کر پلانے سے جادو کے اثرات اور امراض ختم ہو جاتے ہیں، اور انسان وسوسہ شیطانی وانسانی سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ ☆ ہر فرض نماز کے ساتھ آیت الکرسی پڑھنے کا بہت زیادہ ثواب ہے اور اسکی توفیق صرف شہدا کو ہوتی ہے۔ ☆ جو شخص صبح کو تلاوت کرے تو شام تک اور شام کو تلاوت کرے تو صبح تک زہریلے کیڑوں کے کاٹنے سے محفوظ رہتا ہے۔ ☆ کسی سواری پر سوار ہو کر آیت الکرسی پڑھنے والا فرشتوں کی حفاظت میں آجاتا ہے۔ اور سواری سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ ☆ بچے کے رونے کو روکنے کے لیے آیت الکرسی لکھ کر گلے میں ڈال دیں شفا ہوگی۔ ☆ ہر جائز حاجت کے لیے کوئی عمل کرنے کے لیے آیت الکرسی کا حصار کیا جاتا ہے۔ ☆ آیت الکرسی پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر پھونک ماریں اور دونوں ہاتھوں کو آپس میں دستک (تالی) دیں۔ جہاں تک آواز جائے گی حصار قائم ہو گا۔ ☆ گھر بند کر کے تالے پر آیت الکرسی دم کر دیں، گھر چوری سے محفوظ رہے گا۔ ☆ آیت الکرسی پڑھ کر سونے والا فالج سے محفوظ رہتا ہے۔

ہر جائز حاجت کے لیے آیت الکرسی کے 2 عمل پیش خدمت ہیں

(۱) اپنی حاجت کے اعداد بحساب ابجد قمری نکالیں اور ان کے برابر تعداد میں آیت الکرسی روزانہ تلاوت کریں۔ اکتالیس (41) یوم میں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

(۲) اپنے نام کے اعداد کے مطابق اکتالیس (41) یوم تلاوت کریں کامیابی ہوگی۔ طریقہ یہ ہے۔ پہلے 2 رکعت نماز حاجت پڑھیں روزانہ اول وآخر درود ضرور پڑھیں۔ قمر در عقرب میں شروع نہ کریں۔

مثال نمبر1: نام کاشف ہو تو: ک + ا + ش + ف

20+1+300+80=401 کل میزان

روزانہ اول وآخر 11 مرتبہ درود کے ساتھ 401 مرتبہ آیت الکرسی اکتالیس (41) دن تلاوت کریں۔

مثال نمبر2: حاجت ملازمت ہو تو: م + ل + ا + ز + م + ت

40+30+1+7+40+400=518 کل میزان

ملازمت کے لیے روزانہ اول وآخر 11 مرتبہ درود کے ساتھ 518 مرتبہ آیت الکرسی اکتالیس (41) دن تلاوت کریں۔ انشاءاللہ پنجتن پاکؑ اور امام زمانہؑ کے صدقے میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔ مضمون کا کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو جوابی لفافہ یا فون پر معلوم کر سکتے ہیں۔ بہ تصدق چہاردہ معصومین علیہم السلام اللہ تعالیٰ نے مومنین کا خدمتگار ہونے کا شرف عطا فرمایا ہے۔

امامیہ جنتری (رجسٹرڈ) پاکستان کاپی رائٹ ایکٹ 1962 گورنمنٹ آف پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ رجسٹریشن نمبر 9573 ہے۔ جنتری کا جعلی ایڈیشن شائع کرنے والوں کے خلاف ادارہ سخت قانونی کاروائی کا حق رکھتا ہے۔ جنتری میں تمام مضامین واشتہارات خالص نیک نیتی کے جذبے سے شائع ہوتے ہیں۔ مضمون نویس سے لین دین کا ادارہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ادارہ ذمہ دار ہے۔ البتہ کسی بھی شکایت سے ادارہ کو مطلع ضرور کریں۔
(افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ اسلام پورہ لاہور) Ph:042-37223686

5 شعبان المعظم یوم مغرب حسن حضرت عباس علمدارؑ و شہزادہ قاسم شاہ نجف سے روڈ کمر وڑ پکا۔ بانی خورشید حسن عادل۔ سید محمد امتیاز رضوی ✦ دور روز قدیمی مجلس 27,28 صفر المظفر امام بارگاہ قمر شاہ نجف سے روڈ کمر وڑ پکا۔ سید محمد امتیاز رضوی

نسخہ کیمیا

شیخ حسن علی نخودکیؒ جانب سے امام خمینیؒ کے نام **نسخہ کیمیا** کا تحفہ

تحریر و تحقیق ڈاکٹر سید مسرور حسین رضوی 0345-2372669

آیت اللہ العظمیٰ سید موسیٰ شبیری زنجانی فرماتے ہیں: امام خمینیؒ نے میرے والد کے ہمراہ صحن حرم امام رضاؑ میں عارف باللہ اور سالک الی اللہ الحاج شیخ حسن علی نخودکیؒ سے ملاقات کی۔ امام خمینیؒ کی عمر اس وقت تیس چالیس سال کے قریب ہوگی، سلام و جواب کے بعد امام خمینیؒ نے عارف واصل مرحوم شیخ نخودکیؒ سے کہا میں آپ کا تھوڑا سا وقت لینا چاہتا ہوں اور پھر امام خمینیؒ نے شیخ نخودکیؒ سے مخاطب ہو کر امام رضاؑ کے روضے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: میں آپ کو امام رضاؑ کی قسم دیتا ہوں اگر واقعی آپ کے پاس علم کیمیا ہے تو ہمیں بھی دے دیں۔ حاج شیخ حسن علی نخودکیؒ نے فرمایا! اگر ہم آپ کو **کیمیا گری** کا علم دے دیں اور آپ دشت و دمن اور کوہ و صحرا کو سونے میں تبدیل کرنا شروع کر دیں تو کیا ہوگا؟ پہلے آپ وعدہ کریں کہ اس کا بجا طور پر ہی استعمال کریں گیا اسکی حفاظت کریں گے۔ اور ہر جگہ بروئے کار نہیں لائیں گے؟ امام خمینیؒ نے جو بچپن اور نوجوانی سے ہی سچائی کا پیکر تھے، تھوڑی دیر تک سوچنے کے بعد کہا! نہیں! میں ایسا وعدہ نہیں کر سکتا! شیخ نخودکیؒ نے جب امام خمینیؒ کی یہ بات سنی تو فرمایا! آپ **علم کیمیا** کی حفاظت نہیں کر سکتے تو میں **کیمیاگری** سے بھی ایک بہتر نسخہ آپ کو دیتا ہوں اس سے استفادہ کیجئے۔ جو کچھ یوں ہے!

☆ واجب نمازوں کے بعد ایک بار آیت الکرسی "وھو العلی العظیم" تک پڑھیے۔ ☆ اس کے بعد تسبیحات سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا ☆ اس کے بعد تین بار سورۃ اخلاص ☆ تین بار صلوات "اللھم صل علی محمد و آل محمدؐ" پڑھ کر ☆ تین مرتبہ یہ آیت تلاوت کیجئے

آیات درج ذیل ہیں۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (سورہ طلاق ۲-۳)

اور جو اللہ سے ڈرے تو وہ اس کے لیے نجات کا راستہ پیدا کر دیتا ہے اور ایسے ایسی راہ سے روزی دیتا ہے جو اس کے شان و گمان میں بھی نہ ہو اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو وہ اس کے لئے کافی ہے، یقیناً اللہ اپنے امر کا پورا کرنے والا ہے اللہ نے ہر چیز کے لئے ایک مقدار مقرر کی ہے (سورہ طلاق کی آیت ۳،۲)

حاج شیخ حسن نخودکیؒ نے اس کے بعد فرمایا! یہ وظیفہ نماز واجب کے بعد کیمیا کام کرتا ہے بلکہ علم کیمیا سے بہتر ہے۔

پُراثر مجرب دعائیں

ذاکر اہلبیت آغا سید سلیم عباس جعفری 0335 0134788

*** برائے حفاظت جان:** تمام دن ہر قسم کی بلا سے محفوظ رہنے کے لیے نماز صبح کے بعد بغیر کسی سے کلام کیے 6 مرتبہ سورۃ توحید پڑھ لیا کریں۔ اول دائیں طرف رخ کر کے، دوئم بائیں طرف رخ کر کے، سوئم سامنے کی طرف، چہارم پشت کی طرف رخ کر کے۔ پنجم آسمان کی طرف رخ کر کے، ششم پاؤں کی طرف رخ کر کے کسی افسر یا حاکم کے سامنے جانے سے پہلے اسی طرح پڑھ کر جائے تو وہ بے حد مہربان ہوگا۔

*** بُری عادت میں مبتلا بچوں کے لیئے:** نشہ کرنا، جوا کھیلنا، ماں باپ کا نافرمان ہونا۔ جب بچہ سو رہا ہو تو اس سے کچھ دور ہو کر تھوڑی اونچی آواز میں سورۃ توحید پڑھ کر اس پر دم کر دے۔ 21 دن تک یہ عمل کریں انشاءاللہ بچہ ٹھیک ہو جائے گا

*** حفاظت جان و مال و دشمن کے شر سے بچنے کے لیئے:**
70 مرتبہ آیت الکرسی یا 11 مرتبہ آیت الکرسی روزانہ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ تک پڑھنی ہے مع اول و آخر درود پاک 5،5 مرتبہ۔

*** وسعت رزق کے لیئے:** روزانہ نماز مغربین کے بعد اول و آخر درود پاک 5/7 یا 14 مرتبہ پڑھ کر 1000 مرتبہ اللہُ الصمدؔ پڑھیں۔

*** جائز حاجت کے لیئے:** ایک ہی نشست میں 70 مرتبہ سورہ یٰسین پڑھنے سے ہر جائز حاجت پوری ہو جاتی ہے۔ (آزمودہ ہے)

*** بچوں کی تعلیم کے لیئے:** 786 مرتبہ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا 7 بادام پر پڑھ کر روزانہ 21 دن تک کھلائیں انشاءاللہ دل لگے گا اور حافظہ بھی تیز ہوگا۔

*** ڈپرشن و ذہنی دباؤ سے نجات کے لیئے:** (1) آج کل کے ماحول میں ایک مرض عام ہوتا جا رہا ہے جس کو ذہنی دباؤ یا ڈپرشن کہا جاتا ہے اس کے لیے روزانہ اول و آخر درود 5 یا 7 مرتبہ درود پڑھے اور رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ 100 مرتبہ پڑھے (2) ذہنی دباؤ ڈپرشن سے نجات کے لیے روزانہ 21 مرتبہ سورۃ الحمد تلاوت کرے اور پانی پر دم کر کے پیئے 21 دن تک اول و آخر درود پاک پڑھنا ہے

*** جادو یا سحر سے نجات کے لیئے:** سورۃ الناس، سورۃ الفلق، اور آیت الکرسی 70 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے جو متاثر ہے اُس کو 21 دن تک پلائیں اور 21 دن تک اُس کا صدقہ دیتے رہیں۔

*** کاروبار میں روکاوٹ یا بندش:** کاروبار میں روکاٹ، بندش، ملازمت میں کوئی بندش یا ترقی نہ ہو رہی ہو تو بسم اللہ سوا لاکھ مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھنی ہے۔ **نوٹ:** بے اولاد حضرات فی سبیل اللہ تعویذ افتخار بک ڈپو مین بازار اسلام پورہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

ماہنامہ مجلس ہر سال 21 اپریل ہر سال بمقام موضع کھنڈوالی ضلع منڈی بہاؤالدین۔ منجانب سید حسن رضوی و برادران

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَسرارِ مکنونہ یدفع جمیع الآفات

سورۂ مزمل کا مجرب عمل

تحریر: علامہ زاہد نقوی مختار الاعمال روحانی مرکز احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور 0331-7559391 0301-7776838

کائنات میں کوئی کسی کا اتنی شدت سے انتظار نہیں کرتا۔
جتنا اللہ اپنے بندے کی توبہ کا انتظار کرتا ہے۔ (حضرت علیؑ)

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصّٰلِحٰتُ یَا ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ ھُوَ ھُوَ یَا مَنْ لَیْسَ ھُوَ اِلَّا ھُوَ یَا ھُوَ یَا مَنْ لَّا ھُوَ اِلَّا ھُوَ

اسم اعظم۔ "البحار" جلد نمبر ۹۵ صفحہ نمبر ۱۹۵۔

فرمان حضرت علی علیہ السلام

ایک بار پھر اللہ تبارک وتعالیٰ و پنجتن پاک علیہم السلام کے طفیل قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں حاضر ہونے کی سعادت نصیب ہوئی ہے کوئی بھی دُعا یا عمل خیر ہو آغا افتخار بھائی و جملہ قارئین و معاونین امامیہ جنتری کو دُعاؤں میں ضرور یاد رکھیں اس پُرآشوب دور میں ہر شخص کسی نہ کسی مسئلہ میں پریشان نظر آتا ہے جس کی وجہ غالباً اسلام سے دوری ہے کیونکہ آج کے دور میں اسلام صرف ہماری زبان تک محدود رہ گیا ہے چوتھے تاجدار امامت امام زین العابدین علیہ السلام جن کا لقب سیّد الساجدینؑ بھی ہے یعنی عبادت کرنے والوں کی زینت سجدہ کرنے والوں کے سردار سرکار امام سجاد علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص پانچ کام کرلے اس کی دُعا کبھی قبول نہیں ہوتی۔

۱۔ جسکا پیشہ حرام ہو مثلاً شراب بنانا۔ بیچنا حرام کام کرنا۔
۲۔ جس کی ملازمت حرام کی ہو مثلاً کسی جابر ظالم کی ملازمت کرنا۔
۳۔ جس کا مصرف حرام ہو مثلاً رزق حلال کو حرام کاموں پر خرچ کرنا۔
۴۔ جس کی اُجرت حرام کی ہو مثلاً مالک سے جو اُجرت لے رہا ہے وہ حرام مال سے ہو۔ ۵۔ غاصب نہ ہو مثلاً کسی کی زمین جائیداد یا کوئی مال غصب کیا ہو ایک اور مقام پر حضرت امیر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ انسان پوری زندگی تین چیزوں کے لیے محنت کرتا ہے میرا نام اونچا ہو میرا لباس اچھا ہو میرا مکان خوبصورت ہو۔ لیکن مرتے ہی اللہ پاک سب سے پہلے اس کی ان تین چیزوں کو بدل دیتا ہے۔

۱۔ نام مرحوم ۲۔ لباس کفن ۳۔ مکان قبر

قارئین جو عمل لیکر حاضر ہوا ہوں سورۂ مزمل کا ہے جسے میرے فاضل دوست مولانا فضل حسین شمسی۔ شمس دواخانہ راجن پور۔ نے آج سے دس سال قبل عطاء کیا تھا جسے کئی بار عمل کیا بہت ہی مجرب پایا کیونکہ لفظ مزمل کے کل اعداد 117 نو (۹) بنتے ہیں سن 2014ء کا عدد (۷) بنتا ہے اور اگر پنجتن پاک علیہم السلام کے کل اعداد کو جمع کیا جائے تو منفرد عدد سات (۷) بنتا ہے لفظ محمدؐ میں چار حرف لفظ فاطمہؑ میں پانچ حرف چار اور پانچ نو (۹) کو آپس میں جمع کیا جائے تو وہی سات بنتا ہے لفظ اللہ کا منفرد عدد (۳) بنتا ہے سات نمبر ۷ کو تین سے ضرب دیں تو وہی تین بنتا ہے یعنی سات (۷) عدد ایک ایسا پرتاثیر اور بابرکت عدد ہے جس کا احاطہ ناممکنات میں سے ہے۔ سورۂ مزمل کا جو عمل لیکر حاضر ہوا ہوں ترقی روزگار رزق کے لیے اور حاسدوں و باغیوں کی دُشمنی کو دُور کرنے کیلئے قیدی کو قید سے نکالنے کے واسطے اس طرح عمل کرے کہ تین دفعہ روزانہ اور ستائیس (۲۷) دن تک مسلسل بلاناغہ عمل کریں تمام مشکلات آسان ہو جائیں گی اور تمام پریشانیاں حل ہوں گی۔ جس میں چند شرائط کا لحاظ رکھنا بہت ضروری ہے۔

۱۔ عمل کرنے کی جگہ روزانہ ایک ہی ہو۔ ۲۔ اور تنہائی میں بیٹھ کر عمل کریں ۳۔ روزانہ ایک ہی وقت صرف بعد نماز صبح یا بعد نماز عشاء عمل کریں یعنی عمل کے اوقات کا خیال رکھیں۔ ۴۔ واجبات کا تارک نہ ہو۔
۵۔ حرام کا ارتکاب نہ کرتا ہو ۶۔ اکل حلال اور صدق فعال یعنی سچ بولنا اور رزق حلال بھی ضروری ہے۔

سب سے پہلے دو رکعت نماز حاجت نماز صبح کی طرح ادا کرنا ضروری ہے نماز حاجت کے بعد سیدھا بیٹھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اللھم صل علی محمد وآل محمد پڑھ کر سورۂ مزمل کو پڑھنا شروع کرے جب بمقام لفظ تَبْتِیْلًا پر پہنچے تو پچاس دفعہ یہ آیت پڑھے۔

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا ۝ وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا (سورہ طلاق آیت نمبر ۲۔۳)

پھر جب رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ کے بعد لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ

مجالس محرم 10 محرم الحرام روزانہ بعد نماز عشاء بمقام امام بارگاہ سادات مہاجرین بھون روڈ چکوال۔ زیارت برادران: 0333-5576119

وَكِيْلاً پڑھے اور لفظ سَبِيْلاً پر پہنچے تو اس آیت کو پچاس دفعہ پڑھے۔
رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ
اور سورۂ مزمل کو پڑھتے ہوئے جب لفظ قَرْضًا حَسَنًا پر پہنچے تو (۲۱) اکیس دفعہ یہ پڑھے اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ وَاِلَى اللّٰهِ تُصِيْرُ الْاُمُوْرُ کو پڑھ کر سورۂ مزمل کو ختم کرنے کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر یہ دُعا ایک دفعہ پڑھیں۔ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ کو ایک دفعہ پڑھیں یاد رکھیں سورۂ مزمل کا یہ عمل تمام عملیات کا سردار ہے جس کو پڑھتے ہوئے سورۂ مزمل کا نقش اپنے پاس ضرور رکھیں اور رجال الغیب کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے رجال الغیب اور سورۂ مزمل کا نقش دونوں درج ذیل ہیں۔

نقش سورۃ مزمل



دائمی نقشہ رجال الغیب

آپریشن مت کروائیں دل کی بند شریانیں کھولیں

یہ نسخہ کولیسٹرول لیول، ہائی بلڈ پریشر، موٹاپا، نمونیہ، دمہ، گاڑھا خون جیسی بیماریوں کو جڑ سے نکالتا اور مریض کو آرام دیتا ہے۔ خاص کر دل کی بند شریانیں، انجینا کا بہترین علاج ہے۔ گزارش ہے کہ خدا کے لیے بازار کی بنی ہوئی یہ دوائی نہ خریدیں خود بنائیں خالص صاف اور کم قیمت پر اصلی علاج کریں۔

نسخہ: دیسی لہسن کا رس 3 کپ، دیسی ادرک کا رس 3 کپ، لیموں کا رس 3 کپ، سرکہ سیب 3 کپ کو مٹی کی ہانڈی یا نان سٹک یا کانچ کے برتن میں ڈال کر ہلکی آگ پر پکائیں جب یہ ایک حصہ ختم ہو 3 حصہ رہ جائے تو اتار کر اسی مقدار میں شہد ملائیں خالص مل جائے تو کیا کہنا ورنہ کوئی بھی کمپنی کا شہد لیں۔

طریقہ استعمال: دل کے لیے: 3 چمچے ٹیبل سپون نہار منہ اور رات کو مریض کو دیں۔ **موٹاپے کے لیے:** ایک گلاس گرم پانی میں 3 چمچے ملا کر 3 ٹائم دیں کولیسٹرول اور دیگر امراض کے لیے 3 ٹائم روزانہ 3 چمچہ دیں۔ پھر بھی سمجھ نہ آئے تو رابطہ کریں۔ **لیڈی ڈاکٹر مسز میجر کاظمی** Email: drkazmi@hotmail.com:Ph 0333-5234125

دمہ: بانس کے سبز پتے 2 کلو لیں اور 4 کلو پانی میں ملا کر (2 کلو چینی ڈالیں) جب پانی کلو رہ جائے تو چھان لیں چینی ملا کر شربت تیار کر لیں۔ صبح شام ایک کپ لیں دمہ سے نجات ہوگی **شوگر:** کلونجی 10 تولہ، برگ سا کمی 10 تولہ، تخم میتھر 10 تولہ سب کو باریک پیس کر رکھیں صبح شام پانی کے ساتھ ایک ٹی سپون لیں آپ کی شوگر کنٹرول ہوگی۔ ☆ کریلہ 1 تولہ، نیم کی کونپلیں 1 تولہ، جامن کی گٹھلی 1 تولہ کا سفوف بنائیں اور رات کو بھگو دیں صبح نہار منہ پی لیں اور دعا کریں ☆ روزانہ ماپک کثرت سے کھائیں، چکوترے کے 3 پھل روزانہ کھائیں ہرگ لسوڑا 8 عدد بھگو دیں صبح چھان کر پی لیں صبح بھگوئیں شام کو پی لیں 20 سے 30 دن کریں شوگر نارمل ہوگی

ہیپاٹائٹس (یرقان) ☆ سونف، ملٹھی اور ہلدی کو پیس کر ہم وزن کابلی چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ 2 گولیاں دودھ یا لسی کے ساتھ لیں۔ ☆ پھٹکری سفوف ایک پاؤ کو 2 کلو مولی کے پانی میں ڈال کر (آہستہ آہستہ پانی پھٹکری پر ڈالیں) پھٹکری جب حل ہو اتار کر سفوف بنالیں اور نمی سے محفوظ رکھیں 2½ چمچہ دہی میں ملا کر 3 ٹائم دیں۔

"الرزاق"

"بہت روزی دینے والا"

تحریر و تحقیق: ظہیر عباس 0333 3854175

مکان نمبر H-13، شیٹ نمبر 27، ایکسٹینشن ماڈل کالونی، ملیر کراچی۔

قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں ننانوے اسمائے الحسنیٰ کی مالا سے ایک موتی "الرزاق" لے کر حاضر ہوا ہوں۔ اس اسم مبارک کے تحت تین تعریفیں ذکر کی جاتی ہیں۔ رزق لغت میں ہر اس چیز کو کہا جاتا ہے جس سے کسی بھی نوعیت کا فائدہ حاصل کیا جائے۔

(۱) الرزاق وہ ذات ہے جس نے رزق کی ذمہ داری لی ہے اور ہر جاندار کے لیے اس کے رزق کا بندوبست کیا ہے اس کا رزق اور اسکی رحمت تمام مخلوقات کو کافی ہے اور اس رزق میں اللہ نے مومن اور کافر کی کوئی تخصیص نہیں فرمائی اور نہ ہی دوست و دشمن میں کوئی فرق فرمایا ہے۔ اللہ اس کمزور شخص کو (اور چھوٹے بچے کو) بھی روزی پہنچاتا ہے جو نہ کمانے کی طاقت رکھتا ہے اور نہ اس کے پاس کوئی ذریعہ معاش ہے۔ جیسا کہ اس شخص کو روزی دیتا ہے جو مضبوط، توانا اور تندرست ہے۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جس کا ترجمہ ہے:

"اور بہت سے جانور ہیں جو اپنی روزی اُٹھائے نہیں پھرتے ان سب کو اور تمھیں بھی اللہ تعالیٰ ہی روزی دیتا ہے"۔

(۲) وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَرْزَاقَ وَاَعْطَی الْخَلَائِقَ اَرْزَاقَهَا وَاَوْصَلَهَا اِلَیْهِمْ:

ترجمہ: جس نے تمام روزیوں کو پیدا کیا اور پھر ہر ہر مخلوق کو اسکی روزی عطاء فرمائی اور اپنے فضل و کرم سے ہر ہر مخلوق تک اس کی روزی پہنچائی۔

(۳) اللہ تعالیٰ "الرزاق جل جلالہ" ہے۔ اپنی تمام مخلوقات کو رزق دینے والا ہے۔ زمین پر کوئی چیز ایسی نہیں جسکو اللہ تعالیٰ رزق نہ دیتا ہو۔

اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے بندوں کیلئے رزق دو طرح کا ہے۔

(i) رزقِ عام، جو نیک و بد، اگلوں و پچھلوں سب کو شامل ہے۔ یہ رزق بدنی کہلاتا ہے۔

(ii) رزقِ خاص، یہ دلوں کا توشہ ہے اور دلوں کی غذا علم اور ایمان سے حاصل ہوتی ہے۔

الرزاق بھی اللہ پاک کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور اُس کی طرف سے عطا کردہ رزق کی دو قسمیں ہیں:

(i) ایک رزق وہ ہے جو اللہ پاک کی طرف سے حضور اکرمؐ اور آئمہ طاہرینؑ کے ذریعے دنیا والوں کو عطا کیا گیا ہے۔ اسکو دلوں کی غذا کہا جاتا ہے۔ اور اسکی بھی دو قسمیں معروف ہیں: ایک علم اور دوسرا ایمان اور دوسری قسم اجسام و ابدان کا رزق شمار کی جاتی ہے۔ یہی وہ رزق حلال ہے جسکا عطا کرنے والا ہمارا ربّ ہے اور بزرگی ساری احسان کرنے والے (اللہ تعالیٰ) ہی کے لئے ہے۔

(ii) دوسری قسم یعنی، رزق بدنی اسکو اعضاء تک پہنچانے کیلئے جسم کی نالیوں میں کامل حکمت اور علم کے ساتھ بمقدار ضرورت چلایا جاتا ہے۔ اب یہ رزق حلال بھی ہوتا ہے اور حرام بھی اور دونوں کو رزق ہی کہا جاتا ہے۔ اور رزق عطاء کرنے والا اللہ پاک ہی ہے اور ایک چیز (حلال) رزق کو چھوڑ کر صرف دوسری چیز (حرام) پر رزق کا اطلاق کرنا صحیح نہیں۔

حضرت علیؑ ابن ابی طالب سے کسی نے پوچھا کہ اگر کسی کو ایسی کوٹھڑی میں بند کر دیں وہ چاروں طرف سے بند ہو تو رزق کہاں سے آئے گا؟ فرمایا: جہاں سے موت آئے گی یعنی اللہ تعالیٰ موت کی طرح رزق کو بھی اندر پیدا کر دیتا ہے۔

سبحان اللہ میرے مولاؑ نے کیا ہی پیارا جواب دیا ہے۔ اس رزق کے آنے کو ایسی حالت میں کوئی ناممکن نہ سمجھے۔ انسان سرکش ہو جاتا ہے اور اس بات کو بالکل فراموش کر دیتا ہے کہ رزاق حقیقی تو کوئی اور ہے۔ وہ رزاق اگر رزق روک لے تو کوئی دوسرا ایسا رزاق نہیں ہے جو رزق عطا کر سکے۔

اسی لئے انسان کو اس سے ڈرایا گیا کہ اللہ تعالیٰ کا جو رزق تم کو آسمان سے پانی برسنے اور زمین سے نباتات اُگانے کے ذریعے مل رہا ہے یہ کوئی تمھاری ذاتی جاگیر نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی عطاء و بخشش ہے وہ اسکو روک بھی سکتا ہے، جیسا کہ اللہ پاک کا ارشاد ہے:

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ (سورۃ الملک آیت ۲۱)

ترجمہ: "اگر وہ اپنا رزق روک لے تو کون ہے جو تمھیں رزق دے سکے؟ (کوئی نہیں) بلکہ یہ سرکشی اور حق سے بھاگنے کے لئے لگے ہوئے ہیں"

یعنی وہ رزاق حقیقی ہے جس کیلئے چاہتا ہے رزق میں وسعت پیدا کر دیتا ہے اور جس کیلئے چاہتا ہے رزق کی تنگی پیدا کر دیتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اَوَلَمْ یَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ ؕ (سورۃ الزمر آیت ۵۲)

ترجمہ: "کیا انہیں یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کیلئے چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور جس کیلئے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے"

فطرت انسان اس رزاق حقیقی پر بھروسہ نہ ہونے کی وجہ سے انسان کبھی تو یہ سمجھتا ہے کہ مجھے دکان پالتی ہے، کبھی سمجھتا ہے کہ مجھے ملازمت پالتی ہے، کبھی سمجھتا ہے کہ میری زمین اور تجارت مجھے پالتی ہے، کبھی سمجھتا ہے کہ اپنے کو اور اپنے خاندان کو میں

سالانہ مجلس عزا بسلسلہ چہلم سید الشہداؑ 29 محرم الحرام بمقام چک 19 شمالی قادر کے سابیانوالہ تحصیل چک جمرو ضلع فیصل آباد (سید اعجاز حسین جعفری، سید جاوید حیدر جعفری) 0334-2388082

خود پالتا ہوں اور یوں اپنی ناقص عقل کی بناء پر ان چیزوں کو بڑا سمجھ کر ان کی پرستش (عبادت) میں لگا رہتا ہے۔

اذان میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف بلاتے ہوئے " اللہ اکبر " کہہ کر سب ان فاسد خیالات کی جڑ کاٹ دی جاتی ہے اور بتا دیا جاتا ہے کہ یہ سب چیزیں چھوٹی ہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، وہ ہر بلندی سے بلند اور ہر بڑائی سے بڑا ہے اور وہ ایک بڑا (الرزاق جل جلالہ) ہی سب کو پالتا ہے۔ نہ دکان، نہ ملازمت، نہ تجارت اور نہ زمین تمھیں پال سکتی ہے اور نہ تم خود اپنے آپ کو پال سکتے ہو۔ پالنا صرف اسکی شان ہے اور وہ انسانوں کو بھی پالتا ہے اور حیوانوں کو بھی پالتا ہے۔ وہ پرندوں کو بھی پالتا ہے اور کیڑے مکوڑوں کو بھی پالتا ہے۔ جن اسباب وسائل پر انسان کو اعتماد ہے وہ سب فانی ہیں، دکان فانی، ملازمت فانی، تجارت فانی، دولت فانی، انسان خود فانی، ان فانی چیزوں پر اعتماد نہ کرو بلکہ اس ذات پر اعتماد کرو جو خود باقی اور اسکی ہر صفت باقی، ملکیت باقی، خالقیت باقی، رزاقیت باقی، قدرت باقی، علم باقی غرض یہ کہ اسکی کوئی صفت فنا سے آشنا نہیں ہو سکتی۔ قرآن کریم میں اللہ جل جلالہ فرماتا ہے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ :

ترجمہ: جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لئے (مصرتوں سے) نجات کی شکل نکال دیتا ہے اور اسکو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے۔ جہاں سے اسکا گمان بھی نہیں ہوتا "

تقویٰ یعنی گناہوں سے ڈرنے اور بچنے کا اہتمام کرنے اور گناہ ہو جائے تو فوراً سچی توبہ و استغفار کر لینے سے الرزاق جل جلالہ ایسی جگہ سے روزی دیتا ہے کہ انسان کو وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

تقویٰ کے تین درجات ہیں: پہلا درجہ دل اور دیگر اعضاء کو حرام کاموں سے بچایا جائے۔ دوسرا درجہ مکروہات سے پرہیز کیا جائے۔ تیسرا درجہ فضول اور بے مقصد باتوں سے بھی پرہیز کیا جائے۔

تقویٰ کا پہلا درجہ بندہ کی روح کو زندگی اور جلا بخشتا ہے۔ دوسرا درجہ روح کو صحت اور قوت بخشتا ہے اور تیسرا درجہ روح کو فرحت، سرور اور تازگی بخشتا ہے۔

جیسا کہ آپ نے مضمون میں مطالعہ کر لیا ہے کہ الرزاق کے کیا معنی ہیں۔ پھر بھی چند ایک فوائد لکھ رہا ہوں یہ لوح ہر ستارے کے شرف و اوج میں تیار کی جا سکتی ہے خاص طور پر مئی 2014ء میں جو ستارہ مشتری کو شرف حاصل ہو رہا ہے اس میں بھی بنائی جا سکتی ہے۔ فوائد حامل لوح کو دن بدن ترقی رزق، ترقی کاروبار، ترقی جائیداد، ترقی زراعت، ترقی ملازمت، ترقی علم اس لوح کے ادنیٰ کرشمات میں سے ہیں۔



اگر مضمون کی کوئی جز سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافے سے وضاحت مفت حاصل کریں حالانکہ میں نے اپنی علمی بساط کے مطابق اسم الرزاق کی شرح لکھی ہے۔

استغاثہ بحضور فاطمہ سلام اللہ علیہا

بعد از غسل نصف شب دو رکعت نماز ادا کرے پھر تسبیح حضرت فاطمہؑ پڑھے اور نماز و تسبیح کا ثواب سیدہ عالمینؑ کو ہدیہ کرے اس کے بعد درج ذیل کلمہ "استغاثہ" سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ کہے: پھر دائیں طرف رخسار کو زمین پر رکھ کر سو مرتبہ یہی ذکر پڑھے پھر بائیں رخسار کو زمین پر رکھ کر سو دفعہ یہی ذکر پڑھے پھر سیدھا سجدہ گاہ پر سر رکھ کر یہی ذکر سو مرتبہ پڑھے کل تعداد ۴۰۰ ہو جائے گی

يَا مَوْلَاتِيْ يَا فَاطِمَةُ اَغِيْثِيْنِيْ

(اے میری مخدومہ اے فاطمہؑ میری فریاد کو پہنچیں)

حرزِ فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا

☆ یہ حرز جانی نقصان کا ضامن اور چار دیواری کا کام دیتا ہے جو کوئی اس کو جان کی ضمانت و حفاظت کیلئے لکھ کر باندھے یا سر سجدہ میں رکھ کر پڑھ لے تو وہ ہر قسم کے جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہے گا تجربہ شدہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ فَاَغِثْنِيْ وَلَا تَكِلْنِيْ

اے زندہ اے پائندہ تیری رحمت کے ذریعے فریاد کر رہا ہوں پس میری فریاد رسی کیجیے اور مجھے حوالے نہ کرنا

اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ

میرے نفس کے پلک جھپکنے جتنے (وقت) تک بھی اور میرے تمام حالات میں بہتری پیدا فرما

سورۂ یٰسین کا مجرب نقش

تحریر: حاجی عابد حسین جاڑا 0308-5691283
بمقام وڈاکخانہ جاڑا تحصیل پور، ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان،
صوبہ خیبر پختونخواہ

اسلام علیکم، سب سے پہلے دعا کہ خداوند کریم بحق چہاردہ معصومینؑ آغا نثار احمد صاحب کی مغفرت فرمائے اور آغا افتخار حسین صاحب کو اپنے حفظ وامان میں رکھے جو امامیہ جنتری شائع فرما کر مومنین کی دعائیں لے رہے ہیں۔ گزشتہ سال کا عمل "ہر مقصد میں کامیابی" کو بہت پسند کیا گیا۔ اور اس عمل و نقش سے کثیر تعداد بلاتفریق مذہب، ملت اندرون ملک اور بیرون ملک فائدہ اٹھایا گیا۔ بیرون ملک سے بہت فون آئے میں حیران ہوگیا کہ امامیہ جنتری دنیا کے کونے کونے میں پہنچتی ہے اور زیادہ تر لوگ اس سے استفادہ حاصل کرتے ہیں۔ آخر پر دعا ہے کہ خداوند کریم افتخار بک ڈپو کو زیادہ ترقی عطاء فرمائے۔

اس مرتبہ امامیہ جنتری 2014 کے لیے سورۂ یٰسین کا مجرب نقش آپ کے لیے حاضر ہے۔ کیونکہ سورۂ یٰسین قرآن پاک کا دل ہے میں ہمیشہ کہتا آرہا ہوں کہ پہلے یقین پھر عمل تو کامیابی قدم چومے گی ہاں دیر یا جلدی ہوجاتی ہے اس سے مایوس نہ ہوا کریں۔ بلکہ اپنی غلطی مان کر پھر اُس عمل کو دوبارہ شروع کیا کریں کامیابی یقینی ہوگی۔ انشاءاللہ۔ اگر ممکن ہو تو پہلے اس نقش کی زکوٰۃ نکالیں۔ یہ نقش جو واقعی دریا در کوزہ کا مصداق ہے۔ اگر کوئی زکوٰۃ نہ بھی نکال سکے تو نقش لکھنے والا روزانہ صبح سورۂ یٰسین کی تلاوت کرنے کا عادی ہو تو وہ متقی پرہیزگار بھی ہو تو وہ یہ نقش لکھ کر اپنے استعمال میں لاسکتا ہے یا لکھ کر دے گا اُس کو فائدہ پہنچائے گا۔ نقش لکھتے وقت چاروں کونوں پر موکلات کے نام ضرور لکھے۔ یہ موکل حاکم نقش ہیں۔ ان کے نام جبرائیلؑ، میکائیلؑ، اسرافیل، اور عزرائیلؑ ہیں۔ یہ نقش مخمس ہے۔ اس نقش کے ۲۵ خانے ہیں اور خانوں کے اُوپر سے لیکر ۲۵ تک عدد لکھے ہوئے ہیں۔ ان کو آپ نے اپنے نقش پر نہیں لکھنا بلکہ آپ کو سمجھانے کے لیے لکھے ہیں کہ نمبر 1 خانہ پہلے کرنا ہے پھر نمبر 2 پھر نمبر 3 اس طرح نمبر 25 تک پر کرنے ہیں ویسے عام وخاص کو میری طرف سے لکھنے کی اجازت ہے۔ اگر کسی کو لکھنے میں کوئی دقت ہو تو وہ رابطہ کرسکتا ہے اور پوچھ سکتا ہے۔ نقش یہ ہے

نوٹ: مقصد لکھنے کا طریقہ میں نے (امامیہ جنتری 2013) گزشتہ مضمون "ہر جائز مقصد میں کامیابی" میں وضاحت کے ساتھ سمجھا دیا ہے۔ اُس کو پڑھ لیں۔

نقش سورئہ یٰسین کے خواص:

(۱) **گمشدہ آدمی:** نیک ساعت میں نقش لکھ کر وزن کے نیچے رکھ دے 50 برس کا گمشدہ آدمی واپس آجائے گا بشرط یہ کہ زندہ ہو۔ نقش کے نیچے گمشدہ کا نام بمع والدہ ضرور لکھیں۔

(۲) **چور دریافت کرنے کے لیے:** نیک ساعت میں لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں چور بمع مال کے خواب میں آئیگا اور معلوم ہوگا کہ مال فلاں جگہ رکھا ہوا ہے۔

(۳) **آسیب زدہ مکان گھر:** نیک ساعت میں لکھ کر مکان کے اندر دیوار پر یہ نقش لگا دیا جائے تو آسیب جن بھاگ جائے گا۔

(۴) **آسیب و جن گھر میں پتھر یا ناپاکی پھینکتا ہو:** تو اس نقش کو نیک ساعت میں لکھ کر مکان کی چاروں دیواروں پر لگا دیں۔ پھر کبھی گھر میں پتھر یا ناپاکی نہیں آئے گی۔

(۵) **زن و شوہر میں محبت پیدا کرنا:** جمعرات کی صبح سات عدد نقش لکھ کر عطر اور خوشبودار تیل میں ہر رات ایک نقش جلانا شروع کردے تین روز میں کام ہوجائے گا اور زیادہ سے زیادہ سات روز میں کام ہوجائے گا۔ جس کو مسئلہ ہو دوسرے کے لیے کرسکتا ہو۔

(۶) **شادی خانہ آبادی:** جمعہ کی صبح کو دو نقش لکھے جائیں طالب ایک نقش دائیں بازو پر باندھ لے اور دوسرا وزن کے نیچے رکھ دے۔ اگر مطلوب کا پتہ ہے تو اُس کا نام بمع والدہ پہلے اور طالب بمع والدہ بعد میں لکھے۔ (یہ عمل جائز مقصد کے لیے کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا)

(۷) **حمل کا ساقط ہونا:** اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہوجاتا ہو تو یہ نقش نیک ساعت میں لکھ کر کمر کے ساتھ باندھ لیں، گلے میں یا دائیں بازو میں باندھ سکتی ہے۔ حمل ساقط نہیں ہوگا۔

20 معزز کمیٹی ممبران و عہدیداران بمقام امام بارگاہ موسیٰ کاظمؑ موضع تحصیل ضلع چکوال منجانب تصور حسین گاگی و برادران: 0300-5476561

(۸) **قوت مردانہ باندہ دی گئی ہو:** تو یہ نقش سات عدد لکھ کر مریض کو دھو کر پلائیں۔ انشاءاللہ پورا مرد بن جائے گا۔ (اگر گلاب کیوڑہ سے لکھ کر پلائیں تو زیادہ موثر ہونگے۔

(۹) **اضافہ دولت کے لیے:** یہ نقش ساعت مشتری میں جمعرات کے روز صبح کے وقت لکھ کر اپنے پاس رکھے بہت برکت ہو اور مال کم نہ ہوگا۔ اور جیب خالی نہیں رہے گی۔

(۱۰) **بانجھ عورت:** جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اگر 40 دن تک یہ نقش لکھ کر گلاب اور کیوڑہ میں دھو کر پلاؤ تو انشاءاللہ حاملہ ہو جائیگی۔

(۱۱) **سحر جادو دفع کرنے کے لیے:** تین دن یہ نقش دھو کر پلانے سے جادو سحر وغیرہ دور ہو جائیگا۔

(۱۲) **آسیب زدہ اور پاگل:** اگر یہ نقش تین روز موتواتر پلایا جائے تو صحت ہو۔ آسیب والے کے مکان پر یہ نقش لگا دیا جائے تو آسیب بھاگ جائے گا۔

(۱۳) **مرد یا عورت شادی پر راضی نہ ہوتے ہوں:** تو تین مرتبہ نقش لکھ کر پشت پر طالب کا نام بمع والدہ لکھے اور مطلوب کا نام بمع والدہ لکھے اُس مرد یا عورت کو پلائیں وہ نکاح پر راضی ہو جائیں گے۔

خدانہ کرے کہ کسی کو سانپ نے ڈس لیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر دھو کر پلائیں تو فوراً زہر دور ہو جائیگا۔

(۱۴) **شفائے مریض:** کے لیے تازہ پانی میں نقش دھو کر مریض کو پلائے۔ اگر زندگی ہے تو چند یوم میں شفاء پائے گا۔

ھدایات: ہر مقصد کے لیے جو نقش لکھیں اُس کے نیچے اپنا نام بمع والدہ اور مقصد جو بھی ہے لکھیں۔ ہماری دعا ہے کہ خداوند کریم بحق محمدؐ و آل محمدؐ آپ سب کو اپنے اپنے نیک مقصد میں کامیاب فرمائے۔ کوشش کریں کہ نقش خود تحریر کریں یا صاحب عمل سے تحریر کروالیں میرے پاس وقت نہیں ہوتا اگر انتہائی مجبوری ہو تو پھر ہم لکھ کر بھیجیں گے۔ یہ بھی خیال کیا کریں صبح 6 بجے سے رات 9 بجے تک فون کھلا ہوتا ہے اور نماز کے اوقات میں فون کرنے سے پرہیز کریں۔ شکریہ

اَلْجَامِعُ اگر کسی کے احباب منتشر ہو گئے ہوں یا کوئی چیز یا کوئی شخص گم ہو جائے تو دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر اول و آخر ۱۲۱ مرتبہ یَا جَامِعُ پڑھ کر یہ آیت مع دعا کے درمیان میں ۴۱ پڑھے تو اسکی مراد پوری ہوگی۔

رَبَّنَا اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِجْمَعْ ضَالَّتِيْ

عمل نادعلیؑ صغیر باموکل

(عامل نادعلی باموکل) سید مرتضیٰ حسین کراچی 0301-2845261

اوقات فون دوپہر 2 بجے سے رات 10 بجے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ناد علیؑ صغیر

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ. كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي

بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ

ترجمہ: ابتدا اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

عجائب خدا کے جلوہ بردار حضرت علی ابن علی ابی طالب علیہ السلام کو ذرا پکارو تو سہی! تم ہر مصیبت اور ہر بلا میں ان کو اپنا مشکل کشا پاؤ گے، تجھے تیری بے پناہ عظمتوں کا واسطہ ہے، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، آپ کو آپ کی وسیع نبوت کا واسطہ ہے، اے محمدؐ، اے محمدؐ، اے محمدؐ، آپؐ کی ولایت کے صدقے میں تمام رنج و غم دفع فرمائیے اور ہماری خبر گیری کیجئے یا علیؑ، یا علیؑ، یا علیؑ

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

نادعلیؑ کے فضائل بے شمار ہیں چند پیش کئے جا رہے ہیں

شوھر اور بیوی میں محبت کے لیئے: 41 مرتبہ نادعلیؑ بحق یاوَدودُ یا وَدودُ بحق (یہاں شوہر کا نام لیں) 90 دن پڑھیں۔

اولاد ھونے کے لیئے: 41 مرتبہ نادعلیؑ بحق سورۃ کوثر 90 دن پڑھیں

ھرکام میں فتح کے لیئے: 41 مرتبہ نادعلیؑ بحق نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِيْبٌ 90 دن پڑھیں۔

دشمن کو زیر کے لیئے: 41 مرتبہ نادعلیؑ بحق رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھیں

دروان عمل ہر جمعرات کو حضرت علیؑ اور حضرت رسولؐ پاک کی نذر دیں۔ اور ہر جمعرات حضرت رسولؐ خدا اور حضرت علیؑ کی خدمت میں دو رکعت نماز ادا کریں۔ تین دن تک کسی بھی سائل کو کھانا خیرات کریں اور تین دن ایک پاؤ گائے کا گوشت صدقہ کریں۔ بعد میں وضو کریں۔ 10 سال اور اس سے کم عمر بچوں کو حاضرات ہوتے ہیں۔ عمل کا کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو فون پر رابطہ کریں۔

عمیر مغل (علوم فلکیات)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ

2014 عیسوی

۱۴۳۵ ھجری

نوروز عالم افروز

طول بلد 73-04E

تحویل آفتاب در برج حمل

مورخہ 20 مارچ 2014ء بروز جمعرات

رات 09 بجکر 57 منٹ 04 سیکنڈ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم

عرض بلد 33-43N

بادشاہ: مشتری

وزیر: زحل

سپہ سالار: مریخ

مشیر: قمر

خوراک: زرد میوہ جات (بادام، خرما) امرود، انبہ شیریں، زردہ، زرد مٹھائیاں، زرد پھل، گندم، جو، کچنار، دال نخود

صدقات: دال نخود، پارچہ زرد، شکر، نمک، ہلدی، روغن سرسوں، عقیق زرد، کپڑا، طلاء، پوشاک زرد، پاپوش زرد، عود، کافور۔ (بروز جمعرات بوقت شام)

مؤرخہ 20 مارچ 2014ء مطابق بروز جمعرات 18 جمادی الاوّل 1435 ہجری/06 چیت 2070 بکرمی کو بوقت رات 09 بجکر 57 منٹ 04 سیکنڈ (پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم) مطابق دارالحکومت اسلام آباد (73 درجہ 04 دقیقہ شرقی/33 درجہ 43 دقیقہ شمالی) پاکستان کے مروجہ وقت شمس در برج حمل کے صفر درجہ پر تحویل آفتاب ہوگا۔

نوٹ: سواری، پوشاک وغیرہ کی کیفیت صرف اہل ہنود میں پائی جاتی ہے۔ اسلام میں اس کا تصوّر نہیں۔

نوٹ: تحویل آفتاب کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہے۔ بیرون ملک مقیم قارئین نوروز کے پاکستانی وقت رات 09:57 میں سے 5 گھنٹے نفی کرلیں تو گرین وچ ٹائم نکل آئے گا۔ اس میں اپنے ملک کے سٹینڈرڈ ٹائم جمع یا نفی کرنے سے مطلوبہ وقت نوروز حاصل ہو جائے گا۔

رفتار ہائے سیارگان

بوقت تحویل آفتاب در برج حمل

(جمعرات 20 مارچ 2014، بوقت 21 بجکر 57 منٹ 04 سیکنڈ رات)

سیارگان	درجہ۔ دقیقہ۔ ثانیہ در بروج	زائچہ میں درج کیے جانے والے درجات و دقائق	
طالع	16 درجہ 22 دقیقہ 47 ثانیہ برج عقرب	16.23	عقرب
شمس	00 درجہ 00 دقیقہ 00 ثانیہ برج حمل	00.00	حمل
قمر	17 درجہ 21 دقیقہ 09 ثانیہ برج عقرب	17.21	عقرب
عطارد	03 درجہ 19 دقیقہ 06 ثانیہ برج حوت	03.19	حوت
زہرہ	13 درجہ 29 دقیقہ 48 ثانیہ برج دلو	13.30	دلو
مریخ	25 درجہ 14 دقیقہ 42 ثانیہ برج میزان	25.15	میزان
مشتری	10 درجہ 46 دقیقہ 15 ثانیہ برج سرطان	10.46	سرطان
زحل	23 درجہ 02 دقیقہ 48 ثانیہ برج عقرب	23.03	عقرب
یورانس	11 درجہ 45 دقیقہ 07 ثانیہ برج حمل	11.45	حمل
نیپچون	05 درجہ 58 دقیقہ 17 ثانیہ برج حوت	05.58	حوت
پلوٹو	13 درجہ 24 دقیقہ 57 ثانیہ برج جدی	13.25	جدی
راس	28 درجہ 33 دقیقہ 17 ثانیہ برج میزان	28.33	میزان
ذنب	28 درجہ 33 دقیقہ 17 ثانیہ برج حمل	28.33	حمل

اہم نظرات زائچہ نوروز

شمس زحل تثلیث، قمر عاشر تربیع، قمر پلوٹو تسدیس، قمر مشتری تثلیث، قمر زہرہ تربیع، عطارہ مشتری تثلیث، زہرہ طالع تربیع، زہرہ یورانس تسدیس، مریخ عاشر تسدیس، مشتری طالع تثلیث، مشتری پلوٹو مقابلہ، مشتری نیچون تثلیث، مشتری یورانس تربیع، زحل عاشر تربیع، یورانس پلوٹو تربیع، طالع عاشر تربیع۔

نذر مولا مشکل کشا

نوروز کے وقت مولا مشکل کشاؑ سے رجوع کیجیے۔ کیسی بھی مشکل ہو وقت تحویل مولاؑ کی نذر دیکر ان کے وسیلہ سے دعا کیجیے۔ اللہ تعالیٰ حاجت پوری کرے گا۔ کتنے ہی بے اولاد مرد اور بانجھ عورتوں کو اس عمل سے اولاد عطا ہوئی۔

نقش نوروز

27	5-19	6-39	11-53	5-01	5-13	6-56	5-43
28	5-19	6-40	11-54	5-01	5-13	6-57	5-43
29	5-20	6-41	11-54	5-01	5-13	6-58	5-42
30	5-21	6-42	11-54	5-01	5-12	6-58	5-42

ہدایات حضرت امام رضا علیہ السلام: رات کو پانی پینا صحت کے لئے مضر ہے۔ غسل میں کمی چاہیے۔ ساگ، پودینہ، ادرک سے پرہیز، نہار منہ ایک گھونٹ پانی پینا مفید ہے

برائے دفع بواسیر خونی و بادی: دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ الم نشرح، دوسری میں سورہ فیل پڑھے۔ بعد سلام 70 بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ۝ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ پڑھے۔ چند روز اسی طرح کرے انشاءاللہ بواسیر سے نجات ہوگی۔

تمام مسائل اور امراض روحانی وجسمانی کے لیے آیات قرآنی سے علاج فی سبیل اللہ اور جوابی امور کے لیے لفافہ لازمی ارسال کریں۔ صرف جائز امور کے لیے رابطہ کریں۔ محمد نعیم قادری: قادری ہاؤس محلہ شمس آباد کالج روڈ تونسہ شریف

Ph: 0333 8916586, 0301 7906477

شمسی و قمری گرہن 2014ء

مکمل قمری گرہن : محمد عمیر معل 0323 4556369

منگل 15 اپریل 2014ء کو مکمل چاند گرہن ہوگا۔ گرہن کی ابتداء 10 بجکر 57 منٹ 46 سیکنڈ پر ہوگی۔ مکمل گرہن 12 بجکر 45 منٹ 40 سیکنڈ پر اور اختتام گرہن 14 بجکر 33 منٹ 34 سیکنڈ پر ہوگا۔ فلکیاتی حساب سے یہ گرہن برج میزان کے 25 درجہ 15 دقیقہ 58 ثانیہ پر واقع ہوگا۔ اس گرہن کا کل دورانیہ 03 گھنٹے 35 منٹ 48 سیکنڈ ہوگا۔ یہ گرہن بحرالکاہل میں ابتداء سے اختتام تک نظر آئے گا' براعظم آسٹریلیا، انڈونیشیا، ملائیشیا، جاپان، مشرقی روس میں طلوع چاند کے وقت نظر آئے گا جبکہ نیویارک اور مشرقی الاسکا، پرتگال، اسپین، گرین لینڈ، ارجنٹائن، برازیل، مراکش، برطانیہ میں بوقت غروب چاند یہ گرہن نظر آئے گا۔ پاکستان، بھارت، میانمار (برما)، چین، روس، ایران، افغانستان، سعودی عرب، عراق، مصر، سوڈان، لیبیا، مڈغاسکر، جنوبی افریقہ، اور تمام یورپی ممالک مین دن ہونے کے سبب نظر نہیں آئے گا۔

ہالہ دار گرہن :

منگل 29 اپریل 2014ء کو ہالہ دار سورج گرہن ہوگا۔ گرہن کی ابتداء صبح 08 بجکر 52 منٹ 58 سیکنڈ پر ہوگی۔ مکمل گرہن 11 بجکر 03 منٹ 28 سیکنڈ قبل از دوپہر اور اختتام 13 بجکر 14 منٹ 18 سیکنڈ پر ہوگا۔ فلکیاتی حساب سے یہ گرہن برج ثور کے 08 درجہ 51 دقیقہ 47 ثانیہ پر واقع ہوگا۔ اس گرہن کا کل دورانیہ 04 گھنٹے 21 منٹ 20 سیکنڈ ہوگا۔ یہ گرہن براعظم آسٹریلیا، انڈونیشیا، ملائیشیا میں نظر آئے گا۔ پاکستان اور تمام ایشیائی ممالک، براعظم یورپ، افریقہ اور تمام امریکی ریاستوں میں نظر نہیں آئے گا۔

مکمل گرہن :

بدھ 08 اکتوبر 2014ء کو مکمل چاند گرہن ہوگا۔ گرہن کی ابتداء 14 بجکر 14 منٹ 14 سیکنڈ پر ہوگی۔ مکمل گرہن 15 بجکر 54 منٹ 33 سیکنڈ پر اور اختتام گرہن 17 بجکر 34 منٹ 52 سیکنڈ پر ہوگا۔ فلکیاتی حساب سے یہ گرہن برج حمل کے 15 درجہ 05 دقیقہ 04 ثانیہ پر واقع ہوگا۔ گرہن کا کل دورانیہ 03 گھنٹے 20 منٹ 38 سیکنڈ ہوگا۔ یہ گرہن آسٹریلیا، انڈونیشیا، ملائیشیا، چین، روس، بھارت، سری لنکا، میانمار (برما)، لاؤس، تھائی لینڈ، نیپال، بھوٹان، افغانستان، منگولیا، جنوبی جاپان میں طلوع چاند کے وقت نظر آئے گا۔ ارجنٹائن، برازیل، چلی، لاطینی امریکہ، مشرقی امریکی ریاستیں، میکسیکو، پانامہ، بہاماس، مشرقی الاسکا میں غروب چاند کے وقت گرہن نظر آئے گا۔

امامیہ تقویم ماہ دسمبر 2014 عیسوی

صفر المظفر / ربیع الاوّل ۱۴۳۶ ہجری

عمومی تقویم				استخراج و کوائف سیارگان			اسلامی تقویم			یادداشت
ایام	عیسوی	بکرمی	شمسی	مطابق اہل ہرصغیر			ہجری	نیک نحس	ولادت و شہادت معصومین علیہم السلام	
	2014	2071	1936	قمر فی البروج	قمر فی المنازل	سیارگان فی البروج	۱۴۳۶ صفر المظفر		اسلامی معلومات	
	دسمبر	پوہ	نوس							
31										
پیر	1	16	09	حمل 06:14	شرطین 06:14		۸	نیک	سفر کے لئے بد	
منگل	2	17	10		بطین 04:24		۹	نیک	شہادت حضرت عمار بن یاسرؓ ۳۸ھ	فتح جنگ نہروان
بدھ	3	18	11	ثور 10:15	ثریا 02:45		۱۰	نحس اکبر		
جمعرات	4	19	12		دبران 01:18		۱۱	نیک	وفات حضرت اویس قرنیؓ ۳۷ھ - لیلۃ الحریر 37ھ	
جمعہ	5	20	13	جوزا 15:28	ھقعہ 00:06 ھنعہ 23:12	04:56 مریخ در دلو	۱۲	نیک		
ہفتہ	6	21	14		زراعہ 22:40		۱۳	نحس	شہادت بی بی سکینہؑ ۱۱۷ھ	وفات حضرت سلمان فارسی 35ھ
اتوار	7	22	15	سرطان 23:34	نثرہ 22:34		۱۴	نیک		
پیر	8	23	16		طرفہ 22:57		۱۵	نیک	قرض لینے دینے کے لئے بد	
منگل	9	24	17		جبہہ 23:50		۱۶	نحس		
بدھ	10	25	18	اسد 08:14	جبہہ تمام دن	21:42 زہرہ در رجعتی	۱۷	نحس اکبر	شہادت امام علی رضاؑ ۲۰۳ھ	
جمعرات	11	26	19		زہرہ 01:12		۱۸	نیک		
جمعہ	12	27	20	سنبلہ 20:19	صرفہ 02:58		۱۹	نیک		
ہفتہ	13	28	21		عوا 05:01	03:59 قمر در اوترین	۲۰	نحس اکبر	چہلم امام حسینؑ علیہ السلام	عرس داتا گنج بخشؒ
اتوار	14	29	22		سماک 07:07		۲۱	نحس		
پیر	15	30	23	میزان 09:05	غفرہ 09:05		۲۲	نیک		
منگل	16	پوہ	24		زبانہ 10:39		۲۳	نیک	آغاز حکومت بنی عباس	
بدھ	17	2	25	عقرب 19:52	اکلیل 11:40	08:53 عطارد در رجعتی	۲۴	نحس	بروایت شہادت بی بی زینبؑ	
جمعرات	18	3	26		قلب 12:00		۲۵	نحس		عرس سائیں فضل الٰہی قصور
جمعہ	19	4	27		شولہ 11:36		۲۶	نیک	نکاح و سفر کے لئے بد	
ہفتہ	20	5	28	قوس 02:55	نعائم 10:28		۲۷	نیک	نکاح کے لئے بد	
اتوار	21	6	29		بلدہ 08:42		۲۸	نحس اکبر	وصال حضرت رسول خدا ﷺ شہادت حضرت امام حسنؑ ۵۰ھ	
پیر	22	7	جنتی	جدی 06:25	ذابح 06:25		۲۹	نیک	نکاح کے لئے بد	
منگل	23	8	2		بلعہ 03:45	21:34 زحل در قوس	۳۰	نیک	نکاح کے لئے بد	
بدھ	24	9	3	دلو 07:52	سعود 00:51 اخبیہ 21:53	21:33 قمر نزدیک تر	ربیع الاوّل	نیک	حضرت رسول اکرم کی مکہ سے مدینہ ہجرت	
جمعرات	25	10	4		مقدم 18:58		۲	نحس		پیدائش قائداعظمؒ
جمعہ	26	11	5	حوت 09:07	موخر 16:13		۳	نحس		
ہفتہ	27	12	6		رشا 13:45		۴	نحس اکبر	تعمیر مکان کے لئے نیک	
اتوار	28	13	7	حمل 11:35	شرطین 11:35		۵	نحس		
پیر	29	14	8		بطین 09:47		۶	نیک		
منگل	30	15	9	ثور 15:56	ثریا 08:20		۷	نیک		عرس میاں میر لاہور
بدھ	31	16	10		دبران 07:14		۸	نحس	شہادت امام حسن عسکریؑ ۲۶۰ھ	رخصت ایام عزا

ماہ صفر کا (★) دیکھ کر سورۂ حمٰ سجدہ (پارہ ۲۵) یا آئینہ، پانی یا انگوٹھی دیکھیں۔

قمر در عقرب: ابتدا 17 دسمبر (بدھ) رات 7 بجکر 52 منٹ۔ اختتام 20 دسمبر (ہفتہ) نصف شب 2 بجکر 55 منٹ

اوقات شرعی برائے لاہور - کراچی

تاریخ	لاہور: نماز فجر	لاہور: طلوع آفتاب	لاہور: زوال آفتاب	لاہور: غروب آفتاب	لاہور: نماز مغربین	کراچی: طلوع آفتاب	کراچی: غروب آفتاب
	بابت ماہ دسمبر - لاہور					کراچی	
1	5-22	6-43	11-55	5-01	5-12	6-59	5-43
2	5-22	6-43	11-55	5-01	5-12	7-00	5-43
3	5-23	6-44	11-55	5-01	5-12	7-01	5-43
4	5-24	6-45	11-55	5-01	5-12	7-01	5-43
5	5-25	6-46	11-56	5-01	5-12	7-02	5-43
6	5-25	6-46	11-56	5-01	5-12	7-02	5-43
7	5-26	6-47	11-57	5-01	5-12	7-03	5-43
8	5-26	6-48	11-57	5-02	5-13	7-04	5-43
9	5-27	6-49	11-58	5-02	5-13	7-05	5-44
10	5-28	6-50	11-58	5-02	5-13	7-05	5-44
11	5-29	6-51	11-59	5-02	5-13	7-06	5-44
12	5-29	6-51	11-59	5-02	5-14	7-06	5-44
13	5-30	6-52	12-00	5-02	5-14	7-07	5-45
14	5-31	6-53	12-00	5-03	5-14	7-07	5-45
15	5-31	6-53	12-01	5-03	5-14	7-08	5-46
16	5-32	6-54	12-01	5-03	5-15	7-09	5-46
17	5-32	6-54	12-02	5-04	5-15	7-10	5-46
18	5-33	6-55	12-02	5-04	5-16	7-10	5-46
19	5-33	6-55	12-03	5-05	5-16	7-11	5-47
20	5-34	6-56	12-03	5-05	5-17	7-11	5-47
21	5-35	6-56	12-04	5-06	5-17	7-12	5-48
22	5-35	6-57	12-04	5-06	5-18	7-12	5-48
23	5-36	6-57	12-05	5-07	5-18	7-13	5-49
24	5-36	6-58	12-05	5-07	5-19	7-13	5-49
25	5-36	6-58	12-06	5-08	5-19	7-14	5-50
26	5-37	6-59	12-06	5-08	5-20	7-14	5-50
27	5-37	6-59	12-07	5-09	5-20	7-15	5-51
28	5-38	7-00	12-08	5-10	5-21	7-15	5-52
29	5-38	7-00	12-08	5-10	5-21	7-15	5-53
30	5-39	7-00	12-09	5-11	5-22	7-15	5-53
31	5-39	7-00	12-09	5-12	5-23	7-16	5-54

ہدایات حضرت امام رضا علیہ السلام

لطیف غذائیں، چھوٹا گوشت، نیم برشت انڈا، مچھلی کا شوربہ مفید ہے۔ لہسن اور پیاز کا استعمال مفید ہے۔

علامہ مجلسیؒ کی مشہور کتاب

حلیۃ المتقین

کا اردو ترجمہ (از مولانا مقبول احمد مرحوم)

تہذیب الاسلام

المعروف تہذیب المومنین

عام کاغذ -/350، اعلیٰ کاغذ -/500

افتخار بک ڈپو اسلام پورہ لاہور۔

حکیم غضنفر مہدی

ابن حافظ تصدق حسین

کی گرانقدر تصنیف

طب آل محمدؐ اور امراض جسمانی

جلد اول، دوم، سوئم۔ فی جلد -/200 روپے

افتخار بک ڈپو اسلام پورہ لاہور۔

پاکستان میں یہ گرہن بعد از غروب آفتاب نظر آئے گا۔ بحرالکاہل میں ابتداء سے اختتام تک قابل دید ہوگا جبکہ ایران، ازبکستان، ترکمانستان، سعودی عرب، تمام یورپی ممالک، تمام افریقی ممالک اور برطانیہ میں نظر نہیں آئے گا۔

جزوی شمسی گرہن:

جمعہ 24 اکتوبر 2014ء کو جزوی سورج گرہن ہوگا۔ گرہن کی ابتداء بعد از نصف شب 00 بجکر 37 منٹ 54 سیکنڈ پر ہوگی۔ مکمل گرہن 02 بجکر 44 منٹ 25 سیکنڈ پر اور اختتام گرہن 04 بجکر 51 منٹ 02 سیکنڈ پر ہوگا۔ فلکیاتی حساب سے یہ گرہن برج عقرب کے 00 درجہ 24 دقیقہ 53 ثانیہ پر واقع ہوگا۔ اس گرہن کا کل دورانیہ 04 گھنٹے 13 منٹ 08 سیکنڈ ہوگا۔ یہ گرہن ریاست ہائے متحدہ امریکہ، میکسیکو، پانامہ، الاسکا، جزیرہ ہوائی، مشرقی جاپان، گرین لینڈ، بحرالکاہل، اور انتہائی قطب شمالی کے علاقوں میں نظر آئے گا۔ پاکستان، تمام ایشیائی و یورپی اور تمام افریقی ممالک میں نظر نہیں آئے گا۔

تنبیہ برائے حاملہ خواتین: کے لئے ان اوقات میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ گرہن کے اوقات میں خواتین گھر کے اندر رہیں۔ چت لیٹی رہیں۔ پیٹ پر کسی قسم کا دباؤ نہ ہو۔ چاقو۔ چھری۔ قینچی بالکل استعمال نہ کریں۔

خصوصی نوٹ: تمام گرہن چاہے دنیا کے کسی خطے میں ہوا ثرات رکھتے ہیں۔ گرہن کے اوقات میں صدقہ اور نماز آیات کا ادا کرنا ضروری ہے۔

صدقہ: 2 کلو ٹوٹہ چاول اور 1 کلو باجرہ قبرستان میں ڈالیں۔

نماز آیات

طریقہ: پہلے نیت کرے کہ نماز آیات پڑھتا ہوں (دو رکعت) واجب قربۃً الی اللہ۔ اس کے بعد تکبیرۃ الاحرام کہے اور سورۂ الحمد اور کوئی سورہ پڑھ کر رکوع کرے۔ پھر کھڑا ہو اور مثل سابق الحمد اور کوئی سورۂ پڑھ کر رکوع کرے۔ اسی طرح پانچ رکوع کرنے کے بعد دونوں سجدوں سے فارغ ہو کر دوسری رکعت بھی بجالائے۔ اور ہر دوسرے رکوع سے قبل قنوت پڑھے اور تشہد و سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔ اس طرح اس نماز کی پہلی رکعت میں ۵ رکوع اور ۲ قنوت (دوسرے اور چوتھے رکوع سے قبل) اور دوسری رکعت میں ۵ رکوع اور ۳ قنوت (پہلے، تیسرے اور پانچویں رکوع سے قبل) ہو جائیں گے۔ اس نماز میں کل ۱۰ رکوع اور ۵ قنوت ہوتے ہیں۔ پانچویں اور دسویں رکوع کے بعد (سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ) کہے۔ ہر رکوع میں جانے سے پہلے اور اُٹھنے کے بعد تکبیر کہنا مستحب ہے لیکن پانچویں اور دسویں رکوع کے بعد نہیں۔ الحمد اور سورہ کا بآواز بلند پڑھنا مستحب ہے۔

امامیہ تقویم ماہ جنوری 2015 عیسوی

مطابق ربیع الاوّل / ربیع الثانی ۱۴۳۶ ہجری

ایام 31	جنوری 2015ء	ربیع الاوّل	نیک نحس	یادداشت
جمعرات	1	۹	نیک	عید شجاع۔ اہلبیتؑ نبی سوگ بڑھایا
جمعہ	2	۱۰	نحس اکبر	وصال حضرت عبدالمطلب
ہفتہ	3	۱۱	نیک	
اتوار	4	۱۲	نیک	عید میلاد النبیؐ۔ ہفتہ وحدت مسلمین کا آغاز
پیر	5	۱۳	نحس	
منگل	6	۱۴	نیک	
بدھ	7	۱۵	نیک	قرض لینے دینے کے لئے بد
جمعرات	8	۱۶	نحس	تعمیر کے لئے نیک
جمعہ	9	۱۷	نیک	میلاد مسعود حضرت رسول خدا۔ امام جعفر صادقؑ
ہفتہ	10	۱۸	نیک	ولادت باسعادت حضرت ام کلثومؑ
اتوار	11	۱۹	نیک	
پیر	12	۲۰	نحس اکبر	تعمیر کے لئے نیک
منگل	13	۲۱	نحس	
بدھ	14	۲۲	نیک	قمر در عقرب ابتدا 04/44
جمعرات	15	۲۳	نیک	
جمعہ	16	۲۴	نحس	قمر در عقرب اختتام 13/01
ہفتہ	17	۲۵	نحس	
اتوار	18	۲۶	نحس	رحلت حضرت ابوطالب علیہ السلام
پیر	19	۲۷	نیک	
منگل	20	۲۸	نیک	نکاح کے لئے بد
بدھ	21	۲۹	نیک	نکاح کے لئے بد
جمعرات	22	ربیع الثانی	نحس اکبر	
جمعہ	23	۲	نیک	
ہفتہ	24	۳	نحس	
اتوار	25	۴	نیک	سفر کے لئے بد
پیر	26	۵	نحس	
منگل	27	۶	نیک	
بدھ	28	۷	نیک	
جمعرات	29	۸	نیک	سفر کے لئے بد
جمعہ	30	۹	نیک	
ہفتہ	31	۱۰	نیک	میلاد مسعود امام حسن عسکریؑ ۲۳۲ھ

امامیہ جنتری، قرآن پاک و اسلامی کتب کا قدیمی مرکز **بلتستان بک ڈپو** نیا بازار اسکردو

امامیہ تقویم ماہ فروری 2015 عیسوی

مطابق ربیع الثانی/ جمادی الاوّل ۱۴۳۶ ہجری

ایام 28	فروری 2015ء	ربیع الثانی	نیک نحس	یادداشت
اتوار	1	۱۱	نحس اکبر	
پیر	2	۱۲	نیک	نماز فرض ہوئی ساقط
منگل	3	۱۳	نحس	
بدھ	4	۱۴	نیک	
جمعرات	5	۱۵	نیک	قرض لینے دینے کے لئے بد
جمعہ	6	۱۶	نحس	تعمیر کے لئے نیک
ہفتہ	7	۱۷	میانہ	قرض لینے دینے کے لئے بد
اتوار	8	۱۸	نیک	سفر کے لئے بد
پیر	9	۱۹	نیک	
منگل	10	۲۰	میانہ	قمر در عقرب ابتدا 12/05
بدھ	11	۲۱	نحس	
جمعرات	12	۲۲	نیک	قمر در عقرب اختتام 21/46
جمعہ	13	۲۳	نیک	
ہفتہ	14	۲۴	نحس	
اتوار	15	۲۵	نحس	
پیر	16	۲۶	نیک	نکاح و سفر کے لئے بد
منگل	17	۲۷	نیک	
بدھ	18	۲۸	نحس اکبر	
جمعرات	19	۲۹	نیک	نکاح کے لئے بد
جمعہ	20	۳۰	نیک	نکاح کے لئے بد
ہفتہ	21	جمادی الاوّل	نیک	
اتوار	22	۲	نیک	
پیر	23	۳	نحس	
منگل	24	۴	نیک	
بدھ	25	۵	نیک	بروایت میلاد مسعود حضرت زینبؑ ۵ھ
جمعرات	26	۶	نیک	
جمعہ	27	۷	نیک	
ہفتہ	28	۸	نیک	سفر کے لئے بد

عمر بتائیں۔ نام بتائیں
زائچہ تیار کروائیں
عامل عالم
سید مختار حسین رضوی
2 جہانگیر روڈ
اسلام پورہ لاہور
Ph: 0321 4606850

رشتوں میں رکاوٹ و
حصول اولاد نرینہ کیلئے
صرف خواتین رابطہ کریں۔
مسز نقوی
0332 4662358
0322 4179311

علمِ دَم۔ شمسی وقمری سُریں

سید انور حسین رضوی (کراچی) فون نمبرز: 0300 2194117
Email: anwerrizvi14@yahoo.com, 0312 2001273,

انسانی زندگی کا دارومدار سانس کی آمدورفت پر ہے۔ کبھی ہمارا دایاں سُر چلتا ہے اور کبھی بایاں۔ جب ایک نتھنے میں سانس کا بہاؤ دوسرے نتھنے کے مقابلے میں زیادہ تیز ہوتا ہے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ دایاں یا بایاں سر چل رہا ہے۔ اگر دائیں نتھنے میں سانس کا بہاؤ تیز ہے تو دایاں سر چل رہا ہے۔ اگر بائیں میں بہاؤ تیز ہے تو بایاں سر چل رہا ہے۔ نتھنوں کے قریب انگلیوں کو لائے بغیر ہی یہ معلوم ہونے لگتا ہے کہ کونسے نتھنے سے سانس کس وقت زیادہ زور کے ساتھ چلتا ہے۔ ان سروں کو چلانے میں تین رگیں اہم فرض ادا کرتی ہیں۔ یوں تو ہمارے جسم میں کل ۷۲۰۰ رگیں ہیں۔ مگر ان میں سے مندرجہ ذیل تین رگوں کا سروں کے چلانے کے کام سے زیادہ تعلق ہے۔

اول:	رگِ آفتابی یعنی دائیں رگ
دوم:	رگِ ماہتابی یعنی بائیں رگ
سوم:	رگِ لطیف یعنی درمیانی رگ

رگیں اور سُر: اول:۔ رگِ آفتابی۔ جب ہوا رگ آفتابی سے اندر کھنچتی جاتی ہے تو سانس دائیں نتھنے سے چلنے لگتا ہے۔ یعنی انسان کے دائیں سر کا بہاؤ تیز ہوتا ہے۔ بالفاظ دیگر انسان کا دایاں سر چلنے لگتا ہے۔ اس وقت جسم میں گرمی کی حرارت بڑھنے لگ جاتی ہے۔ کیونکہ حکما دائیں سر کو آفتاب سے منسوب کرتے ہیں۔ یعنی دایاں سر سورج کے زیر اثر ہے۔

دوم:۔ رگِ ماہتابی۔ جب سانس بائیں نتھنے سے چلنے لگتا ہے تو اس وقت جسم میں ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔ کیونکہ بائیں سر کا تعلق ماہتاب (قمر) سے ہے۔ یعنی بایاں سر قمر کے زیر اثر ہے۔

سوم:۔ رگِ لطیف۔ جب سانس ایک نتھنے سے دوسرے نتھنے میں تبدیل ہوتی ہے۔ اس وقت کئی منٹوں (زیادہ سے زیادہ تین چار منٹ) تک دونوں نتھنوں سے اس کی آمدورفت ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ تھوڑی دیر کے بعد ایک ہی نتھنے میں اس کا بہاؤ تیز ہو جاتا ہے۔

جس وقت دونوں نتھنوں سے سانس مساوی تیزی کے ساتھ چلتی ہے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ رگ لطیف سے سانس آتی جاتی ہے۔ بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے مگر بہت کم جب کہ ایک نتھنے سے دوسرے نتھنے میں سانس کی تبدیلی کے وقت صرف چند مرتبہ ایک نتھنے سے مثلاً بائیں سے سانس چلتی ہے۔ اور چند مرتبہ دوسرے نتھنے مثلاً دائیں سے سانس چلتی ہے۔ اس کے بعد پھر بائیں نتھنے سے اور پھر دائیں نتھنے سے۔ ایسا ہی کئی مرتبہ ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ چند منٹوں کے اندر اندر سانس کی آمدورفت صرف ایک نتھنے سے باقاعدہ ہونے لگتی ہے۔ رگ لطیف سے سانس کی آمدورفت کا یہ ایک دوسرا مختلف طریقہ ہے۔

سانس زیر اثر سیارگان: جس طرح خارجی دنیا میں سمندر، زمین اور نباتات وغیرہ کے متعلق تمام گوناگوں تغیرات میں سیاروں کی گردش کا حصہ یعنی اثر ہے۔ اسی طرح انسانی زندگی کے جملہ واقعات میں بھی اس کا اثر کارگر ہوتا ہے۔ اس اصول کے ماتحت ہر قمری مہینے میں سورج اور قمر کے زیر اثرات روزانہ طلوع آفتاب کے وقت کبھی ماہتابی یا بایاں سر خود بخود جاری ہوتا ہے۔ اور کبھی آفتابی یا دایاں سر خود بخود جاری ہو جاتا ہے۔

رفتار سر میں باقاعدگی: اگر چاند کی یکم تاریخ کو طلوع آفتاب کے وقت بایاں سر خود بخود جاری ہے۔ تو یہ سر تقریباً دو گھنٹے جاری رہے گا۔ دو گھنٹے بعد دایاں سر خود بخود چلتا رہے گا۔ پھر تقریباً دو گھنٹے کے بعد بایاں سر۔ اسی طرح اگلے دن طلوع آفتاب تک ہر دو گھنٹے کے بعد سر خود بخود بائیں دائیں بائیں دائیں تبدیل ہوتا رہے گا۔ اگلے دن فرض کریں۔ طلوع آفتاب کے وقت دایاں سر خود بخود جاری ہے دو گھنٹے بعد بایاں سر چلنے لگے گا۔ اسی طرح اگلے دن طلوع آفتاب تک ہر دو گھنٹے بعد سر بدلتا رہے گا۔ نارمل حالت میں سارے قمری ماہ میں دائیں بائیں سروں کی رفتار یہی رہے گی۔ البتہ جس وقت سر دائیں نتھنے سے بائیں نتھنے یا بائیں نتھنے سے دائیں نتھنے میں بدلے گا تو تقریباً تین چار منٹوں کا وقفہ ضرور پڑے گا۔

سروں میں تبدیلی: قمری مہینے کے دو حصے ہیں ایک ہلال تا بدر یعنی چاندنی کے ایام، دوم بدر تا ہلال یعنی اندھیرے کے ایام۔ اس کا اصول یہ ہے کہ جس روز ہلال ہو اس دن طلوع آفتاب کے وقت بایاں سر یعنی ماہتابی سر خود بخود جاری ہونا چاہئے۔ اسی طرح جب بدر کی رات گزر کر اگلی صبح ہو تو اس دن طلوع آفتاب کے وقت دایاں سر یعنی آفتابی سر خود بخود جاری ہونا چاہئے۔ دونوں صورتوں میں ہر دو گھنٹے بعد سر تبدیل ہونا چاہئے۔

سانس اور عناصر: انسانی جسم میں پانچ قسم کے عنصر موجود ہیں۔ سر خواہ ماہتابی ہو خواہ آفتابی، نارمل حالت میں تقریباً دو گھنٹے جاری رہتا ہے۔ اس عرصہ میں مندرجہ ذیل پانچ عناصر یکے بعد دیگرے اپنا اپنا اثر انسانی جسم پر غالب رکھتے ہیں۔

اول:۔ خاک یا مٹی: یہ عنصر ۲۴ گھنٹہ اپنا اثر جاری رکھتا ہے۔
دوم:۔ آگ: ۲۴ منٹ۔ سوم:۔ ہوا: ۲۴ منٹ۔
چہارم:۔ پانی: ۲۴ منٹ۔ پنجم:۔ ایتھر: ۲۴ منٹ۔

ان مندرجہ بالا عناصر کے اثر سے انسانی زندگی میں کبھی راحت و آرام کا زمانہ آتا ہے۔ کبھی انسان طرح طرح کی مصیبتوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ کبھی بیماری وبال جان بن جاتی ہے۔ اور کبھی تندرستی سے اس کو جینے کا لطف ملتا ہے۔ جب ان عناصر میں کوئی خرابی واقع ہوتی ہے اور ان میں توازن قائم نہیں رہتا اور اسی طرح جب سانس کی آمد و رفت کے عام قوانین میں کوئی خرابی ہو جاتی ہے تو انسان کو بیماری، دماغی تکلیف، بے چینی، ڈپریشن، شکست مایوسی، خوف اور طرح طرح کے ذہنی و جسمانی عوارض سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔

سانس بطور گھڑی: چاندنی کے ایام یعنی قمری مہینہ کے پہلے پندرہ ایام میں طلوع آفتاب کے وقت دایاں یا بایاں سُر کا چلنا مندرجہ ذیل تاریخوں کے مطابق ہوتا ہے۔

(چاندنی):

۱۔ پہلی، دوسری، تیسری تاریخ	بایاں سُر
۲۔ ساتویں، آٹھویں، نویں تاریخ	بایاں سُر
۳۔ تیرھویں، چودھویں، پندرھویں تاریخ	بایاں سُر
۴۔ چوتھی، پانچویں، چھٹی تاریخ	دایاں سُر
۵۔ دسویں، گیارھویں، بارھویں تاریخ	دایاں سُر

اندھیرے کے ایام میں یعنی بدر کے بعد آخری ایام میں طلوع آفتاب کے وقت دایاں یا بایاں سُر کا چلنا مندرجہ ذیل تاریخوں کے مطابق ہوتا ہے۔

(اندھیر):

۱۔ پہلی، دوسری، تیسری تاریخ	دایاں سُر
۲۔ ساتویں، آٹھویں، نویں تاریخ	دایاں سُر
۳۔ تیرھویں، چودھویں، پندرھویں تاریخ	دایاں سُر
۴۔ چوتھی، پانچویں، چھٹی تاریخ	بایاں سُر
۵۔ دسویں، گیارھویں، بارھویں تاریخ	بایاں سُر

جب قدرتی طور پر اوپر دیئے ہوئے طریقہ کے برخلاف بوقت طلوع آفتاب سانس چل رہا ہو۔ تو وہ دن کسی قسم کی پریشانی یا تکلیف کا دن ہوگا۔

روزانہ وقت کا اندازہ سروں سے: اگر انسان کچھ مدت تک لگاتار ہر قمری مہینہ مندرجہ بالا پروگرام کے مطابق دائیں بائیں سروں کی نارمل آمد و رفت کا مشاہدہ کرتا رہے تو اسے سروں سے وقت کا اندازہ لگانے میں اتنی مہارت ہو جائے گی کہ اسے وقت معلوم کرنے کے لئے گھڑی کی ضرورت نہ رہے گی۔

سروں سے روزانہ صحت کا اندازہ: طلوع آفتاب کے وقت غور کریں کہ ناک کے کس سوراخ سے سانس کی آمد و رفت جاری ہے۔ اگر اس وقت اسی سوراخ سے سانس چل رہی ہے جس سے طبعی حالت میں قاعدہ کے مطابق چلنا چاہئے تو کوئی فکر کی بات نہیں۔ اور اگر قاعدہ کے خلاف دوسرے سوراخ سے سانس چل رہی ہے یعنی اگر اس وقت دائیں سوراخ سے سانس چلتی ہے جب کہ قاعدہ کے مطابق بائیں سوراخ سے چلنی چاہئے۔ تو سمجھ لینا چاہئے کہ جسم میں کوئی خرابی یا تکلیف ہے۔ دل و دماغ میں کوئی خرابی واقع ہو گئی ہے۔ خواہشات دل کی محفل کو درہم برہم کر رہی ہیں۔ اور اسی قسم کے دیگر نقائص موجود ہیں۔ سانس کی ایسی غیر طبعی حالت کو درست کرنے کے لئے کئی طریقے ہیں۔ جس پر باقاعدگی سے عمل کر کے ان بیماریوں اور تکالیف سے نجات حاصل ہو سکتی ہے۔

سانس کے بہاؤ کو تبدیل کرنے کے طریقے: سانس ناک کے ایک سوراخ سے دوسرے سوراخ میں یوں تو مخالف رگ کے متحرک ہونے پر خود بخود تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ مگر انسان کو خود بھی یہ طاقت حاصل ہے کہ جس وقت چاہے ایک سوراخ سے دوسرے سوراخ کا بہاؤ تبدیل کر دے۔ بیماریوں سے نجات پانے کے لئے مندرجہ ذیل طریقے ایک قسم کا قدرتی علاج ہیں۔ اگر دایاں یا بایاں سر قاعدہ کے مطابق چل رہا ہو۔ تو ایسی صورت میں سانس کے بہاؤ کو بدلنے کی کوشش نہیں کرنا چاہئے۔ بعض اوقات ایسا کرنا خطرناک ثابت ہوتا ہے۔

طریقہ اول: جس سوراخ سے سانس آتی جاتی ہے اس میں صاف مگر پرانی روئی لگا دیں فوراً دوسرے سوراخ سے سانس چلنے لگے گا۔

طریقہ دوم: جس طرف سانس چل رہا ہو اسی طرف منہ کر کے لیٹ جائیں اور اسی طرف کی بغل کو خوب دبائیں، ایسا کرنے سے سانس ایک سوراخ سے دوسرے سوراخ میں بدل جائے گا۔

طریقہ سوم: ماہرینِ علمِ تنفس کا خیال ہے کہ خالص گھی پینے سے بائیں سوراخ سے اور شہد کے استعمال سے دائیں سوراخ سے سانس آنے جانے لگتا ہے۔

قبل از وقت بیماری کا علاج: دائیں بائیں سروں میں بے قاعدگی کی وجہ سے پیدا شدہ بیماریوں سے نجات پانے کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کرنا چاہئے۔ اگر مرض پیدا ہوتی معلوم ہو تو چاندنی حصہ کے پہلے روز صبح کے وقت دائیں سوراخ سے سانس کی آمد و رفت کو روکنے کے لئے اس میں صاف اور پرانی روئی لگا دیں، ایسا کرنے سے بائیں سوراخ سے قاعدہ کے مطابق سانس کی آمد و رفت جاری ہو جائے گی۔ اور بیماری اور تکلیف دور ہونا شروع ہو جائے گی۔ اسی طرح اگر اندھیرے حصہ کے پہلے روز صبح کے وقت بائیں سوراخ سے سانس چل رہا ہے تو بائیں سوراخ کو پرانی اور صاف روئی سے بند کر دیں۔ ایسا کرنے سے دائیں سوراخ سے طبعی حالت میں سانس چلنے لگے گا۔ اور بیماری یا تکلیف رفع ہو جائے گی۔ انشاءاللہ

تندرستی کا نسخہ: اگر انسان ہمیشہ توانا و تندرست رہنا چاہے۔ تو اسے کھانا کھاتے اور لیٹتے وقت دائیں نتھنے سے سانس لینا چاہئے۔ پانی پینے اور پیشاب کرنے میں بائیں سُر کو حرکت دینی چاہئے۔ ہمیشہ دونوں باتوں کا خیال رکھا جائے تو انسان کے پاس بیماری پھٹک نہیں سکتی۔ تندرستی اس کا ایک سرمایہ جاودانی ہو جائے گا۔ جن لوگوں کو معدہ کی تکلیف رہا کرتی ہے ان کو اس عمل سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے۔

احمد سٹیشنرز 18/20 فیڈرل بی ایریا کراچی
الحسن بک ڈپو مسجد باب العلم نارتھ ناظم آباد کراچی 021 6626074

تحفہ امامیہ جمیع حاجات

برائے خاص امامیہ جنتری 2014

طالب دعا : زاھد حسین جعفری
رحمن کالونی۔ گلی نمبر 10 سی خانیوال روڈ ملتان
Mob: 0333 7865470
0300 6159033
0321 6360455

دعا وسیلہ: قارئین امامیہ جنتری کے لیے بہت ساری دعائیں۔ دعا عمل ایک وسیلہ ہوتا ہے۔ تاجدار ولایت کے چھٹے امام ناطق حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ایک عمل ایک سال کے بعد اللہ کے ہاں قبول ہوتا ہے قدر مطلق چاہے تو جلدی قبول کر لے۔ ہر دعا کلام اسم اعظم میں بہت اثر ہوتا ہے۔ لیکن یاد رکھیں ذکر بداعمالیوں کی وجہ سے بے اثر ہو جاتا ہے۔ عمل یا وظیفہ شروع کرنے کے فوراً بعد نتیجے کا انتظار نہ کریں بلکہ کچھ وقت گزرنے کے بعد نتیجہ خود بخود سامنے آجائے گا۔

نماز برائے حاجت و رزق: دو رکعت نماز برائے حاجت اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں **سورۃ الحمد** کے بعد دس بار **سورۃ آل عمران** کی آیت 27-26 قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ سے بِغَيْرِ حِسَابٍ تک دوسری رکعت میں بھی **سورۃ الحمد** کے بعد دس بار پڑھیں۔ سلام کے فوری بعد کسی سے کلام کیے بغیر **سورۃ طلاق** کی آیت نمبر 3-2 اکیس بار پڑھیں اسکے بعد دس بار اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ اسکے بعد حاجت طلب کریں۔ اول و آخر دس بار درود پاک پڑھیں۔

عمل برائے حاجت شیخ بہائیؒ: مجرب ترین عمل حاجت کے لیے لکھ رہا ہوں یہ دعا شب جمعہ گندم کے 41 دانوں پر پڑھ کر چھت پر ڈال دیں تاکہ پرندے کھائیں ہر دانے پر ایک بار پڑھیں اور علامہ بہائیؒ کا فرمان ہے اگر حاجت پوری نہ ہو تو بروز قیامت میرا دامن پکڑیں۔ یہ عمل مزید آگے بڑھا سکتے ہیں۔ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِعَوْنِكَ وَقُدْرَتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِحَقٍّ وَ حُرْمَتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَرَجًا فَرَجْتَنِيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا رَّبَّنَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

من پسند شادی: اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی من پسند شادی میں رکاوٹ ہو رشتہ طے نہیں ہوتا یا منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہے تو ایسے میں **سورۃ ممتحنہ** اور **آیات نجات** جو بارہ ہیں نہایت مجرب ترین ہیں۔ کا نقش خالص مشک و زعفران سے لکھیں قمر در عقرب نہ ہو رجال الغیب پشت پر ہو اور باوضو ہو کر لکھیں روزانہ ایک بار **سورۃ ممتحنہ** اور ایک ایک بار **آیات نجات** کی تلاوت کریں۔ **آیات نجات** یہ ہیں۔ **سورۃ بقرہ** آیات نمبر 157-156، **سورۃ آل عمران** آیت نمبر 174-173 **سورۃ انبیاء** آیات نمبر 88-87 **سورۃ مومن** آیات نمبر 45-44، **سورۃ آل عمران** آیت نمبر 136-135، کی روزانہ چالیس دن تک تلاوت کریں اور شادی کے لیے دعا کریں انشاءاللہ جلد بندوبست ہو جائے گا

عمل برائے حاجت و شادی: آجکل کے مشکل دور میں شادی ایک مسئلہ ہے والدین سخت پریشان ہیں۔ رشتہ پسند کرنے کے بعد دوبارہ نہیں آتے تو ایسے میں یہ ایک مجرب اور آزمودہ عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

70 بار روزانہ اور آیات قطب جو کہ 2 آیات یہ ہیں **سورۃ آل عمران** آیت نمبر 154، **سورۃ الفتح** آیت نمبر 29۔ علامہ مقدس اردبیلیؒ سے منقول ہے قرآن مجید میں 2 آیات ایسی ہیں جن میں تمام حروف تہجی جمع ہیں عملیات کی زبان میں ان آیات کو آیات قطب کہتے ہیں جو کہ ہر حاجت کے لیے اسم اعظم کا درجہ رکھتی ہیں۔ سورۃ فاتحہ کے بعد ان آیات کو روزانہ گیارہ مرتبہ 40 دن تک پڑھیں انشاءاللہ جلد شادی کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ دوران عمل شادی بھی ہو جائے تو عمل 40 دن پورا کرنا ہے۔

نوٹ: **آیات نجات** اور **آیات قطب** کی فوٹو کاپی اور **سورۃ ممتحنہ** کا نقش بذریعہ لیٹر منگوائے جا سکتے ہیں۔

حفاظت طلاق: جس عورت کا شوہر طلاق دینے پر آمادہ ہو جائے تو وہ حفاظت طلاق کے لیے **سورۃ فاتحہ** تین بار **سورۃ حشر** آیت نمبر 8 اور اکتالیس بار سورۃ اخلاص باوضو پڑھ کر بستر پر چلی جائے اور کسی سے کلام کیے بغیر سو جائے۔

قبولیت دعا کے لیئے شرط: دعا یا عمل کی قبولیت کے لیے دو چیزیں ضروری ہیں۔ رجوع قلب اور خوف خدا سے رونا اللہ قادر مطلق نے حضرت موسیٰؑ سے دعا کی تھی کہ موسیٰ اپنی دو چیزیں مجھے دے دو۔ دل کی رجوع اور اپنی آنکھ کے آنسو۔ جتنا خلوص، یقین، عقیدہ زیادہ ہوگا اتنا عمل جلدی قبول ہوگا۔

افکار: سید تنویر حیدر نقوی (تنویر عصری) ایم۔اے

غصّہ، حسد، ظلم سے نجات

معرفت اویس ٹریڈرز 377 H سردار عالم روڈ راولپنڈی 0333-5398050

تمام تعریفیں علیم وخبیر رب العالمین صاحب ذوالجلال والاکرام کے لیے۔ درود وسلام والاکرام کل انبیاءؑ اوصیاءؑ صالحین وفقراء، اولیا قطب وابدالوں بالخصوص ختم المرسلین محمد مصطفیٰؐ اور منبع علم وہدایت آئمہ اطہارؑ پر۔ امامیہ جنتری کے بانیان، مدیران اور متعلقین ادارہ واہل خانہ، قارئین وشائقین مطالعہ کی صحت ووقار طول عمر کی دعا کے بعد اچھوتے عنوان پر قلم اٹھانے کی جسارت کر رہا ہوں۔

سورہ آل عمران کی آیت 134 میں بغض، حسد، ظلم، غصہ کی حالت میں اپنے کو قابو رکھ کر صبر کرنے والوں کو جنت کی نوید سنائی گئی ہے۔ تفسیر قمی میں امام محمد باقرؑ کا فرمان موجود ہے کہ "جو شخص ایسے وقت میں غصہ کو روکے جبکہ وہ اسکا بدلہ لینے پر پوری قدرت وطاقت رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسکے دل کو امن وامان کے ساتھ ایمان سے بھر دے گا" مزید فرمایا کہ جو شخص خواہش کے وقت، غضب وغصہ کے وقت (اسمیں ضد اور ہٹ دھرمی بھی شامل ہے) اپنے نفس پر قابو رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے جسم کو آتش جہنم پر حرام کر دیگا۔

نفسیاتی امراض سے نجات حاصل کر کے پرسکون ماحول پیدا کرنے میں مندرجہ ذیل استغفار نہایت ہی مفید ثابت ہوگی، اگر ان کو واجبات نماز کے بعد اول وآخر 5 مرتبہ درود کے ساتھ 11 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پانی پر دم کر کے استعمال کرے تو بہت مفید ہے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنَ

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ

عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ

مندرجہ ذیل آیات کے عمل میں لانے سے طبیعت میں سکون حدت میں کمی، تیزی نفس وغیض وغضب میں اعتدال، مزاج سلطان جابر، حاکم ظالم، دشمن بدباطن کی اصلاح کے علاوہ وہ جسمانی بیماریاں جن سے نجات ناممکن نظر آتی ہے انتہائی مفید ہیں۔ مثلاً بلڈ پریشر، کینسر، السر، دردسولی، نہ اترنے والا بخار وغیرہ۔ گھر کے تمام افراد خانہ خصوصاً مائیں اس عمل پر سختی سے عمل کرنا اپنا معمول بنالیں اور اس کے ثمرات سے اولاد کو تربیت کریں تو چند نسلوں کے اندر معاشرہ سکون وآشتی کا ماحول اور گھر امن وسکون کا گہوارہ ثابت ہونا شروع ہو جائے گا۔ ماحول میں ایک توازن، اعتدال قائم کرنے کی ہمت وجرات ظاہر ہونا شروع ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱) صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ (سورۃ البقرہ آیت 171)

(۲) يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ (سورۃ انبیا آیت 69)

(۳) لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا (النسا 148)

(۴) وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (آل عمران 134)

تمام دعاؤں کے آخر میں حضرت امام جعفر صادقؑ کے فرمان کے مطابق مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور درود کی ادائیگی لازمی کریں۔

استعمال: مندرجہ بالا چاروں آیات قرآنی کو ہدایت کے مطابق 21 دن تک مسلسل 101 مرتبہ پڑھ کر شربت چینی، پانی پینے کی بوتل پر اور متعلقہ افراد کو دم بھی کر دیا جائے اگر افراد موجود نہ ہوں تو انکی فوٹو پر دم کر دیا جائے اور عمومی تحفظ کے لیے آسمان کی طرف منہ کر کے تصور میں افراد کو لا کر پھونک ماردیں پھر مسلسل زندگی کے معمول میں لاتے ہوئے روزانہ فجر کی نماز یا بحالت مجبوری کسی بھی نماز کے بعد 11 مرتبہ پڑھنا پڑھوانا عادت بنالیں۔ انشا اللہ تعالیٰ وہ اپنے کرم سے نوازے گا۔

نماز سے فارغ ہونے کے بعد ایک سانس میں جتنی مرتبہ آجائے۔

يَارَبِّ، يَارَبِّ، يَارَبِّ پھر، يَارَبَّاهُ، يَارَبَّاهُ، يَارَبَّاهُ، پھر، يَارَبِّ، يَارَبِّ، پھر، يَآاَللّٰهُ، يَآاَللّٰهُ، پھر، يَاحَيُّ، يَاحَيُّ يَارَحِيْمُ يَارَحِيْمُ پھر يَارَحْمٰنُ، يَارَحْمٰنُ، آخر میں يَآاَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ 7 مرتبہ ادا کر کے جو دعا مانگے گا پوری ہوگی۔ انشا اللہ۔

سورج نکلنے سے پہلے 200 مرتبہ اَلْوَدُوْدُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر کے تمام افراد اس پانی کو استعمال۔ نیز نئے چاند کے پہلے جمعہ کو سورج نکلنے کے بعد پہلے گھنٹے میں 1000 مرتبہ یہی اسم ورد کر کے چینی پر دم کر کے گھریلو استعمال کی چینی میں شامل کر لیں۔ گھر کے تمام افراد اس چینی کو استعمال کریں۔ نہ صرف خاوند زوجہ بلکہ اولاد بھی نیک صالح وفرمانبردار ہو کر گھر میں جنت کا ماحول بنادیگی۔

عامل وجفار تنویر عصری 0333-5398050

نوٹ: اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور محمدؐ وآل محمدؐ کی سرپرستی اور عنایت کے سبب بچوں کے نام اور اسم اعظم نکالنے کے علاوہ محدود پیمانے پر ہر قسم کی انگشتریاں، کلمہ طیبہ کے چھلے، قاضی الحاجات انگشتری، نقوش۔ الواح، ستاروں کے طلسمات، جامع، شرف مشتری، میں تیار طلسم صحت ودولت بھی موجود ہیں شائقین فیض اٹھا سکتے ہیں۔

اسرار روحانی

تحریر: محمد الیاس وجیاں، معصوم آباد۔ تحصیل وضلع ہری پور
Ph: 0345 6400017, 0300 8367092

اس سال 2014 میں حروف مقطعات کا عمل جنکی مکرر تعداد چودہ ہیں۔ اہم امور میں فوائد حاصل کرنے میں اپنی مثال آپ ہیں پیش ہے۔ جن کے اندر بے پناہ مخفی اسرار موجود ہیں جن کا احاطہ کرنا مشکل ہے۔ صرف پڑھنے والے پر منحصر ہے کہ اسکے اندر کتنی روحانی لطافت موجود ہے جس سے وہ کما حقہ فائدہ حاصل کرسکتا ہے۔ جو کوئی ان حروف مقطعات کو نوچندی ہفتہ میں لکھ کر دھو کر پیئے تو سال بھر تک آشوب چشم نہ ہو۔

حروف مقطعات مندرجہ ہیں۔

الٓمّٓ الٓمّٓصٓ الٓرٰ الٓمّٓرٰ کٓهٰیٰعٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ طٰسٓمٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ

روزانہ ایک تسبیح پڑھنے سے روحانی قوت متحرک ہوگی آشوب چشم کے لیے حروف مقطعات کو نوچندی ہفتہ میں لکھ کر دھو کر پیئے تو سال بھر تک آشوب چشم نہ ہو۔

برائے حفاظت جان و مال: جو شخص مندرجہ ذیل اسماء الحسنیٰ کی کم از کم ایک تسبیح روزانہ صبح پڑھے جان و مال کی حفاظت ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اللّٰهُ، یَاحَافِظُ، یَارَقِیْبُ یَاوَکِیْلُ

شر شیاطین سے بچاؤ کے لیے: جس شخص کے گھر میں جنات اور آسیب ڈھیلے یا پتھر پھینکتے ہوں۔ اس آیت کو چار مغنیوں کے اوپر 25 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اُس گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے۔ شر جن و آسیب سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّهُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا فَمَهِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا ۳۰ طارق ۱۶-۱۷

(۲) حضرت رسول اللہ سے روایت ہے کہ جب جن پتھر مارے تو اس پتھر کو لے کر ادھر پھینکیں جہاں سے وہ آیا ہو اور یہ کہے۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَ کَفٰی وَسَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعَا لَیْسَ وَرَآءَ اللّٰهِ مُنْتَهٰی مزید جنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے گھر میں مرغی، کبوتر، بھیڑ کا رکھنا مفید ہے۔

دعا برائے امراض قلب: امراض قلب کے لیے یہ دعا سات مرتبہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ط سورۃ زمر آیت نمبر 22 ہر فرض نماز کے بعد پانی پر سات مرتبہ دم کر کے پئیں۔

دردِ دانت کے لیے: (1) حضرت امیر المومنینؑ سے روایت ہے کہ اپنے ہاتھ کو سجدہ کی جگہ مس کر کے درد کرنے والے دانت پر رکھ کر یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّافِی اللّٰهُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

(۲) گیارہ مرتبہ درود شریف گیارہ مرتبہ اَلْعَظْمَتُ لِلّٰهِ اور گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر درد دانت کو اس کلام کی برکت سے حکم دیں درد کافور ہوجائے گا۔ بلکہ ہر قسم کے درد کے لیے مفید ہے۔

خاتمہ پریشانی: حدیث کساء کو سات جمعرات تک بلاناغہ پڑھے یعنی نوچندی جمعرات سے شروع کرے اور اسکے بعد ہر آنے والی جمعرات کو حدیث کساء پڑھے اور گھر کے تمام افراد باوضو بیٹھ کر سنیں گھر کو صاف ستھرا کر کے خوشبو سے معطر کریں۔ پڑھائی کے بعد مقصد کی کامیابی کی دعا کے لیے وسیلہ پنجتن پاک دعا کریں اور حسب توفیق نیاز تقسیم کریں۔

(۱) سورۃ النازعٰت پارہ نمبر ۳۰ گھر کی سلامتی کے لیے ہفتے میں ایک بار ضرور پڑھیں

(۲) سورۃ المجادلہ پارہ نمبر ۲۸ گھر سے نحس اثرات، جادو، وغیرہ دور کرنے کے لیے ہر روز پڑھیں۔

ستاروں کی نحوست دور کرنے کے لیے مجرب دعا

حکیم سید مجتبیٰ نقوی
مکان نمبر 1443 گلی نمبر 6 محلہ
کامل پور سیداں، اٹک
Ph: 0321-5708995

مندرجہ بالا دعا 9 بار روزانہ وقت مقررہ پر مع اول و آخر 11 مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ مشکلیں آسان ہونگی۔ جادو کا اثر ختم ہوگا۔ انشاءاللہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ

یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ یَا مَالِكُ یَا قُدُّوْسُ یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالِ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ اِحْفَظْنِیْ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَمِنْ نُحُوْسَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعَطَارِدِ وَالزُّهْرَةِ وَالْمِرِّیْخِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّحَلِ وَالرَّاْسِ وَالذَّنْبِ بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَعَلِیِّ ابْنِ الْحُسَیْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ وَجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسٰی ابْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِیِّ ابْنِ مُوْسٰی وَ مُحَمَّدٍ ابْنِ عَلِیٍّ وَعَلِیِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ وَالْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

قیدی کی رہائی کے واسطے
مجرب عمل

ہمارے شہر قائم پورہ میں کربلا کی دیوار کا تنازعہ شدت اختیار کر گیا۔ اتفاق کی بات ہے کہ مجھے مولاؑ کی سنت ادا کرنے کا شرف حاصل ہوا اور مجھے مورخہ 26.05.2013 بروز اتوار کو 44 دن کے لیے نیو سنٹرل جیل بہاولپور، ساہیوال اور سبی کی جیلوں میں نظر بند رکھا گیا۔ وہاں میں نے قیدیوں کے مسائل جانے اور اُن پر ہونیوالے ظلم و تشدد کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ جیل ایک ایسا مقام ہے جس کے تصور سے جھرجھری آجاتی ہے۔ یہاں زندگی ناپید، سانس لینا دشوار اور چلنا پھرنا مشکل ہے۔ یہاں موت زندگی سے پہلے اور بیماری تندرستی سے پہلے پہنچ جاتی ہے۔ یہاں سانس رکتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ یہاں قیدی پانی کو ترستے ہیں۔

میں ایک عامل ہونے کیساتھ ساتھ صحافی اور لکھاری بھی ہوں، لکھاری چونکہ بہت حساس ہوتے ہیں میں نے وہاں پرکھا، مجھے پتا چلا کہ سو فیصد میں سے 75 فیصد قیدی بے گناہ ہیں جو سیاسی یا ذاتی رنجشوں یا مذہبی رنجشوں کی بھینٹ چڑھائے گئے ہیں۔ وہاں میں نے کچھ مومنین قیدیوں حوالاتیوں اور دیگر قیدیوں سے وعدہ کیا کہ امامیہ جنتری 2014 میں قید سے رہائی کے 2 عملیات جو مجرب ہیں اور میرے آزمائے ہوئے ہیں آپکی اور قارئین کی نذر کروں گا تاکہ ان سے بھرپور استفادہ کیا جاسکے۔ سو اب میں مطمئن ہوں کہ میں نے اپنا وعدہ پورا کیا اور میں سرخرو ہوگیا ہوں۔ میری دعا ہے کہ مولائے کائنات تمام قیدیوں کو رہائی دیں۔ آمین۔ عمل درج ذیل ہے۔

عمل نمبر 1 : پنجگانہ نماز میں پانچوں وقت سو مرتبہ 7 دن تک پڑھیں بفضل خدا رہائی ہوگی۔

يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ
مُّتَفَرِّقَةٍ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ
عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ يَا خَالِصُ

عمل نمبر 2 : اگر کوئی شخص ناحق قید ہو جائے تو ہر روز 1000 بار یہ کلمات پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد قید سے رہائی ہوگی۔

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ وَيَا نَاصِرَ الْمَظْلُوْمِيْنَ انْصُرْنِيْ بِفَضْلِكَ

سید مبارک علی شمسی (روحانی سکالر) گدی نشین، دربار پیر محمد حسین شمس
شمسی ہاؤس گلی نمبر 1 محلہ منظور آباد P/O قائم پور۔ تحصیل حاصل پور ضلع بہاولپور
پوسٹ کوڈ 63040 فون: 0300-7850809, 03217850809

گرفتاری سے بچنے کی دعا

اگر کسی شخص کو کسی ظالم کی طرف سے گرفتاری کا خوف ہو اور وہاں سے نکلنا دشوار ہو تو ذیل کی آیت کو پڑھے۔ اور اللہ تعالیٰ سے خلاصی کی دعا کرے تو انشاءاللہ گرفتاری سے بچ جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ
لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔
اے ہمارے رب ہمیں اس بستی سے نکال جس کے رہنے والے ظالم ہیں، اور بنا دے ہمارے لیے اپنے پاس سے حمایتی اور بنا دے ہمارے لیے اپنے پاس سے مددگار۔

قید سے رہائی کے لیے مجرب دعائیں

اس ناچیز نے 2011 اور 2013 کی امامیہ جنتری میں جادو کا توڑ قرآنی آیات کے ذریعے قارئین کی خدمت میں پیش کیا جسکی اندرون و بیرون ملک بہت پذیرائی ہوئی اس سال قید سے رہائی بہ فرمان نبی کریمؐ اور آئمہ علیہم السلام قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ قیدی اگر باقاعدگی سے ان سورتوں کی تلاوت کرے گا تو انشاءاللہ تعالیٰ صدقہ سید الساجدینؑ قید سے رہائی پائے گا۔

☆ قیدی 7 مرتبہ روزانہ سورۃ انفال پڑھے۔ ☆ 1 مرتبہ روزانہ سورۃ طور پڑھے۔
☆ قیدی 1 مرتبہ روزانہ سورۃ انفطار پڑھے۔ ☆ 1 مرتبہ روزانہ سورۃ یٰسین پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قیدی درج ذیل آیت کو اول و آخر درود کے ساتھ ہر روز 100 مرتبہ پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (الانبیاء، ۸۷)

قیدی یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھے اور اس آیت کا ورد کیا کرے تو اسے قید سے رہائی نصیب ہوگی۔

قَدْ جَعَلَهٗ رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ

اگر قیدی ان پڑھ ہے تو یَا لَطِیْفُ، یَا نَصِیْرُ کو کثرت سے پڑھے۔

مرگی، ناکارہ گردے، کینسر، دمہ، گھنٹیا، بے اولادی کے مریض ٹیلی فون پر رابطہ فرمائیں۔ اللہ عزوجل تمام مریضوں کو صدقہ محمدؐ و آل محمدؐ صحت و شفا سے ہمکنار فرمائے آمین۔ تمام قارئین آغا افتخار صاحب کی زوجہ کی صحت و سلامتی اور انکے والدین کی مغفرت کے لیے دعا فرمائیں۔ شکریہ

ہومیو ڈاکٹر سید عقیل حسین شاہ
ہائی ہومیو کمپیوٹرائزڈ کلینک۔ عزیز مارکیٹ، عارف آباد بیدیاں روڈ لاہور کینٹ۔
0322-4812453

دست غیب بحق شہنشاہ سخاوت علیؑ ابن ابی طالبؑ

دعاگو: عالمہ سیدہ منزہ رضوی
0300 4436508,
0321 4786903

عمل دست غیب: رزق کثیر کا یہ امیر المومنین علیہ السلام سے منسوب عمل ہے میرا ہر عمل معصوم علیہ السلام سے توسل کرتا ہے کیونکہ اعمال میں آئمہ اطہار علیہ السلام اور اہل بیتؑ کے انوار مقدسہ و مطہرہ سے توسل کرنا عمل کو مجرب اور پُرتاثیر بنا دیتا ہے۔ لہذا درود کی ایک تسبیح اول و آخر ہدیہ پیش کر کے اُن سے مدد طلب کیجئے۔ نوچندی جمعرات بعد نماز فجر عمل شروع کریں ایک تسبیح درود اور 110 بار "یاابا الغیث یا علی ﷺ اَدرِکنی" پڑھیں 20 روز تک درج ذیل آیات 303 مرتبہ پڑھیں اکیسویں روز 320 مرتبہ پڑھیں اس طرح درج ذیل آیات کے اعداد کے مطابق کل تعداد 6380 ہوجائے گی دوران عمل جاء نماز پر باموکل اس عمل کی لوح رکھیں۔ عجب اسرار کے ساتھ مجرب المجرب پرتاثیر عمل ہے جو ہرگز ہرگز خطا نہیں جاتا آزمائش شرط ہے۔ ہر مقصد کے لیے خصوصاً امتحانات، مقدمات، ویزہ جات، بندش اور رکاوٹ کے توڑ، رزق کثیر، کامیابی غلبہ، فتح، اور مناسب رشتہ کے حصول کے لیے گراں قدر عمل ہے۔ بعد عمل 21 مرتبہ روزانہ ورد میں رکھیں اور لوح جیب یا پرس میں رکھیں۔ کسی وقت بھی کسی مقام پر کوئی مصیبت یا پریشانی آئے وہیں کھڑے، کھڑے 3 یا 7 مرتبہ یہ آیات پڑھیں لوح ضرور سامنے ہو کچھ ہی دیر بعد مشکل حل ہوجائے گی گارنٹی ہے۔ انشاءاللہ۔ صرف صاحب عمل کا نمازی، محب آل محمدؐ، یقین، اعتماد، عقیدت مند ہونا ضروری ہے۔

آیات درج ذیل ہیں۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (سورہ طلاق ۲۔۳)

انشاءاللہ دوران عمل ہی کامیابی نصیب ہوگی عمل کا کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو رات 8 سے 10 بجے تک فون پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ جمعرات کو فون نہ کریں کیونکہ ہر شب جمعہ کو استغاثہ امام زمانہؑ اور دستر خوان امام زمانہؑ بچھایا جاتا ہے برائے مہربانی استغاثہ میں دعا کے لیے نام دینے کے لیے موبائل پر نام میسج (SMS) کردیں۔ گفتگو کو مختصر رکھیں دعا یا استغاثہ کا کوئی ہدیہ نہیں ہے۔

دُعا حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

(برائے جمیع حاجات رنج و غم اور عظیم مصیبت کے وقت چھٹکارا پانے کے لیے)

حوالہ (خصائل صدوق باب اول اور تحف العقول صفحہ 176)

حضرت امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں کہ بروز عاشورا میرے والد حضرت امام حسینؑ نے مجھے سینے سے لگایا جبکہ آپ کا خون آپکے جسم سے لاتعداد زخموں سے مسلسل بہہ رہا تھا۔ فرمایا! فرزند عزیز مجھ سے وہ دعا لے لو جو مجھے میری والدہ ماجدہ سیدہ فاطمۃ الزاہرا سلام علیہا نے عطا فرمائی تھی۔ اور انہیں ان کے بابا حضرت محمد مصطفیٰؐ نے عطا فرمائی تھی۔ یہ دعا انہیں خداوند رحمان نے تحفۃً عطا فرمائی تھی۔ اور فرمایا سخت حاجات اور رنج و غم کے وقت اور عظیم مصیبت کے وقت اس دعا کو پڑھوں۔

مومنین کرام! محبت اہلبیتؑ اور یقین شرط ہے

اس دعا کو صرف اس وقت پڑھیں جب واقعی عظیم مصیبت ہو۔ چھوٹی چھوٹی پریشانیوں کے لیے اس دعا کو نہ پڑھیں۔ آپ زندگی میں جب کسی عمل اور کسی چارہ کو چارہ گر نہ پائیں تو پھر اس دعا کے ذریعے مشکل اور عظیم مصیبت کے لیے بے خطا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ بِحَقِّ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے تجھے واسطہ یٰسین اور قرآن حکیم کا اور واسطہ طٰہٰ اور قرآن عظیم کا

يَا مَنْ يَّقْدِرُ عَلٰى حَوَائِجِ السَّائِلِيْنَ يَا مَنْ يَّعْلَمُ مَا فِي الضَّمِيْرِ الصَّامِتِيْنَ يَا مُنَفِّسًا

اے سائلوں کی حاجتوں پر قدرت رکھنے والے اے وہ جو خاموش لوگوں کے دل کے حالات کو جانتا ہے اے پریشان سے دور کرنے والے

عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا مُفَرِّجًا عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا رَازِقَ الطِّفْلِ

تمام بلاؤں کو اے غمزدہ لوگوں کو ہم و غم سے نجات دینے والے اے رحم کرنیوالے بوڑھوں پر اے بچے کو رزق

الصَّغِيْرِ يَا مَنْ لَّا يَحْتَاجُ اِلَى التَّفْسِيْرِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِيْ

پہنچانیوالے اے وہ جو تفسیر کا محتاج نہیں ہے رحمت بھیج محمدؐ و آل محمدؐ پر اور میرے ساتھ ایسا کر (اسکے بعد اپنی حاجات بیان کرے)

نوٹ: مکمل ادب اور خلوص و یقین سے اس دعا کے ذریعے اپنی عظیم مصیبتوں سے چھٹکارا حاصل کریں۔ اول و آخر کثرت سے درود شریف پڑھیں۔ ہدیہ نیاز محمدؐ و آل محمدؐ ضرور پیش کریں۔ آنکھوں میں آنسو لا کر اس دعا کو پڑھیں اور اپنی حاجات پیش کریں۔ سیّد قاسم علی نقوی۔ دربار نجی اعتبار شاہ۔ سیالکوٹ

انمول تسبیح:

اول و آخر تین بار صلوات کے ساتھ درج ذیل سورۂ توبہ کی آیت کو 11 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنا ہر مصیبت سے خلاصی اور مخلوق سے مستغنی ہونے کا موجب ہے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

میرے لیے اللہ کافی ہے اسکے علاوہ کوئی معبود نہیں میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا رب ہے

محمدؐ و آلِ محمدؐ کا فیض

تحریر: زوار حکیم محمد البصار حیدر (حیدری)
زرناں ہاؤس حیدری مطب تلہ گنگ
Mob: 0306 5286954

قارئین کرام! السلام علیکم: تحفہ یا علیؑ مدد

خالق کائنات کا شکر ہے کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے میں ہمیں امامیہ جنتری جیسا قدیم انمول تحفہ عطا ہوا جس کے ذریعے ہم جیسے طالب علموں کو بھی آپ تک کچھ نہ کچھ پہنچانے کا موقع مل جاتا ہے۔

گزشتہ برس 2013ء میں مجھے پاکستان سمیت۔ بیرون ممالک خصوصاً جرمنی، انگلینڈ۔ امریکہ اور آسٹریلیا سے فون اور خطوط موصول ہوئے جسمیں لوگوں نے کہا کہ حیدری صاحب کیا کالے علم کا توڑ کالے علم سے ہی ہوتا ہے؟ تو میں نے کہا کہ شرک گناہ ہے اور مشرک کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔

عامل یا عالم غلط ہوسکتا ہے مگر عمل اور علم غلط نہیں۔ کیونکہ قرآن اور فرامین معصومینؑ کبھی غلط ہو ہی نہیں سکتے قرآن مجید اور فرامین معصومینؑ سے ہر قسم کے جادو کے توڑ کا حل ملتا ہے غور اور یقین کرنے والوں کے لیے پوشیدہ راز بھی موجود ہیں۔ نوری علم سے کالے جادو کا توڑ نہیں ہوتا، خدارا ایسی سوچوں سے باہر آئیں کیونکہ نجاست نجاست ہے اور نور نور ہے۔ گزشتہ سال کئی لوگوں نے مجھ سے رابطہ کیا میں نے انہیں قرآنی اعمال اور فرامین معصومینؑ بتائے تو خالق اکبر نے انہیں شفاء عطا فرمائی۔ یہ میرا کمال نہیں وہ قادر مطلق محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے مٹی کو سونے سے نوازنے والا ہے۔

چند آزمودہ مجرب دعائیں اور تعویزات حاضر خدمت ہیں۔

☆ بیٹی کا رشتہ نہ ہونا: 1000 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اول و آخر 100 مرتبہ درود شریف بعد نماز عشاء کم از کم 21 روز پڑھیں

☆ نیم موت کا حل: اگر کوئی مریض کوما میں چلا جائے تو 9 مرتبہ سورۃ فاتحہ، 21 مرتبہ یَا اَللّٰہ شافی ، یَا اَللّٰہ معافی ، یَا اَللّٰہ کافی اور 3 مرتبہ سورۃ مزمل اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف مریض کو تصور میں لیکر اس پر دم کریں کم از کم 9 دن عمل کریں۔

☆ تیر بہدف دعا: 2013ء میں کئی لوگوں نے فون کر کے بتایا کہ یہ دعا تیر بہدف ہے۔ حضرت امام محمد تقیؑ نے فرمایا کہ یہ کلمات قبولیت دعا اور حاجت طلب کرنے کا بہترین ذریعہ ہے ۔ اول و آخر درود شریف 11 مرتبہ اور 110 مرتبہ روزانہ یہ دعا پڑھیں اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

معجزہ قرآن: یہ نقش عروج ماہ کی نوچندی جمعرات کے وقت زعفران، آب زم زم اور عرق گلاب سے لکھیں۔ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر درود شریف کا نذرانہ پیش کر کے آیت کے موکلات کی نذر مٹھائی پر دے کر معصوم بچوں میں تقسیم کر دیں۔

آیت مبارکہ: ان اللہ ھو الرزاق ذوالقوۃ المتین

آیت مبارکہ کے اعداد:	2241
سائل مع والدہ اعداد:	590
حاجت (مثلاً) ترقی دکان کے اعداد:	791
ٹوٹل:	3622
قانون کے نفی:	3592 = 30
3592 کو چار پر تقسیم کریں۔	898 = 4÷3592

نقش



یہ 3 نقش گھر، دوکان اور پاس لکھ کر رکھیں

آخر میں دعا ہے کہ خالق اکبر بانیان امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم کی مغفرت فرمائے اور معاونین، بندہ ناچیز اور تمام مومنین کو محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے میں اپنے حفظ و امان میں رکھیں۔ آمین۔ حضرت امام مہدی علیہ السلام کا ظہور جلد فرما۔ آمین

استغاثہ بحضور حضرت ابوالفضل العباسؑ

ہر قسم کی حاجت روائی اور مصائب کو رفع کرنے کے لیے نماز عشاء کے بعد 2 رکعت نماز ہدیہ سرکار ابوالفضل العباسؑ پڑھیں، نماز کے بعد اول و آخر درود پاک 11 بار ورد کریں 133 بار درمیان میں یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا کَاشِفَ الْکَرْبِ عَنْ وَجْہِ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ اِکْشِفْ کَرْبِیْ بِحَقِّ اَخِیْکَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ

علم رمل کے زائچہ میں طالع کی اہمیت

جاوید جمالی علاوی 0301-5503367

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غیب کا علم اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور معصومینؑ جانتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے عطا کیا۔

قارئین کرام۔السلام علیکم!۔یا علی مدد۔یا قائم آل محمدؐ مدد

شکر ہے پاک رب العالمین اور پاک رحمت العالمین محمدؐ وآل محمدؐ کا جن کی خاص عنایات ورحمتوں کے طفیل میں اپنی روحانی۔علمی ووجدانی تحقیق پر سفر رکھے ہوئے ہوں۔علم رمل ایک پاکیزہ علم ہے۔جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء پر نازل کیا۔روایات کے مطابق یہ علم حضرت آدمؑ۔حضرت شیثؑ۔حضرت ادریس۔حضرت ارمیاؑ۔حضرت اشیاؑ۔حضرت لقمانؑ اور حضرت دانیالؑ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی کے ذریعے بطور معجزہ عطا ہوا۔حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ میں نے ایک بار پاک رسولؐ خدا سے عرض کیا کہ میں نے ایک شخص کو دیکھا ہے۔کہ وہ ریت پر بیٹھا ہوا خط کھینچ رہا ہے۔اور لوگ اُسے جھٹلاتے ہیں۔آپ نے فرمایا کہ یہ علم ایک پیغمبرؑ پر نازل ہوا تھا پس جو شخص اس پیغمبرؑ کے موافق اس علم کا استعمال کرے تو موجب ثواب ہے۔

علم رمل کے نزول کی تاریخ کے حوالہ سے ابن خلدون اپنی تاریخ علم میں تحریر کرتے ہیں بادشاہ بخت نصر کالدیہ نے یروشلم پر حملہ کیا۔ہیکل مقدس کو ویران وبرباد کر کے بنی اسرائیل کو گرفتار کر کے بیابان نینوا میں قید کر لیا۔اس وقت بنی اسرائیل کے قیدیوں کی تعداد چھیانوے ہزار تھی۔اور وہ گروہ در گروہ بیابان نینوا کے طول وعرض میں مختلف مقامات پر ریگستان میں کھلے آسمان تلے قید کاٹ رہے تھے۔اس وقت بنی اسرائیل کے پیشوا حضرت دانیالؑ تھے۔جو قوم کی وجہ سے سخت پریشان تھے۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیلؑ کے ذریعہ حضرت دانیالؑ کو علم رمل کا معجزہ عطا کیا۔

حضرت دانیالؑ ریگستان میں بیٹھے تھے۔اور سخت پریشان تھے۔ہاتھ کی انگلیاں ریت کے زروں میں پیوست تھیں۔جونہی حضرت جبرائیلؑ آئے حضرت دانیالؑ نے اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو ریت سے نکالا اور حضرت جبرئیلؑ کی طرف متوجہ ہوئے جبرائیلؑ امین نے آپؑ کو اللہ تعالیٰ کا سلام دیا۔اور کہا دانیالؑ پریشان نہ ہوں اور رب کی قدرت دیکھیں۔آپؑ نے اپنی انگلیوں کے نشانات کو دیکھا۔تو دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے نشانات سے چار چار نقاط بنے تھے۔حضرت دانیالؑ کو رمل کی سولہ اشکال تعلیم ہوئیں۔اور ان سے جملہ رموز ونکات اس علم کے بیان فرمائے۔جن کے ذریعے حضرت دانیالؑ بنی اسرائیل کے مختلف گروہوں کے حالات سے مطلع ہوئے۔اور اسی علم کے ذریعے آپ نے کالدیہ کے ظالم سلاطین کو اپنا گرویدہ بنایا۔اور لوگ جوق در جوق آپ پر ایمان لانے لگے۔

قارئین کرام!علم رمل اور علم نجوم کے زائچہ میں طالع کی بہت اہمیت ہے۔طالع کی منسوبات میں جسم۔روح۔نفس۔صحت۔رنج وغم۔خوشی۔ارادہ۔سکون برکت ترقی وتنزلی وغیرہ ہیں۔اور طالع سے سعادت ونحوست دیکھی جاتی ہے۔علم رمل کے ایک زائچہ سے ایک سو چوالیس سوالات کے جوابات نکل سکتے ہیں۔لیکن کوشش کی جائے کہ ایک زائچہ رمل سے زیادہ سے زیادہ تین سوالات کے جوابات نکالے جائیں۔

قارئین کرام!علم رمل کی سولہ اشکال ہیں۔ہر شکل ایک سیارے سے منسوب ہے۔اور مختلف سوالات کے جوابات کے حصول کے لیے تقریباً تیس دائرے سے رہنمائی لی جاتی ہے۔آپ کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے میں اس مرتبہ زائچہ رمل کے طالع میں دائرہ ابدح کی ترتیب سے اشکال کے اثرات پر اختصاراً تحریر کر رہا ہوں۔

کسی زائچہ میں اگر لیجان ▬ ہو جو کہ دائرہ ابدح میں اس کا ذاتی گھر ہے اور یہاں پر یہ باقوت ہے۔تو صحت۔خوش خبری کا اثر رکھتی ہے۔

اگر حمرہ ▬ ہو تو غم وپریشانی کے اثرات رکھتی ہے۔

اگر نصرۃ الخارج ▬ ہو تو سفر خوشگوار۔بزرگوں سے خوشی کے اثرات رکھتی ہے۔

اگر بیاض ▬ ہو تو طبیعت میں غصہ۔چڑچڑاپن کے اثرات رکھتی ہے۔

اگر قبض الخارج ▬ ہو تو کسی قسم کی خبر آنے کو ظاہر کرتی ہے۔

اگر اجتماع ▬ ہو تو مراد کے حصول کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اگر عتبہ الخارج ▬ ہو تو نکاح وعیش وعشرت کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اگر انکیس ▬ ہو جو کہ طالع میں ضعیف ہوتی ہے۔کسی بُری خبر کیطرف اشارہ کرتی ہے۔

اگر عقلہ ▬ ہو جو کہ طالع میں ہبوط میں ہوتی ہے۔تو خوف واندیشہ کی طرف اشارہ دیتی ہے۔

اگر قبض الداخل ▬ ہو تو جسے طالع میں شرف ہوتا ہے۔تو بزرگوں سے حصول

مراد کی طرف اشارہ دیتی ہے۔

اگر فرح ہو تو نیکی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اگر نصرۃ الداخل ہو تو مراد و کام کے حصول کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اگر نقی الخد ہو تو جھگڑا فساد کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اگر عتبہ الداخل ہو تو سفر کی خبر دیتی ہے۔

اگر طریق ہو تو دوستی و محبت کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اور اگر جماعت ہو طالع اس کا قوت کا خانہ ہے تو زمین و جائیداد و مکان کی وجہ سے پریشانی کو ظاہر کرتی ہے۔

نوٹ: علم رمل ایک پاکیزہ علم ہے۔ رمال کو متقی و پرہیزگار ہونا چاہئے۔ رمال اور سائل کو زائچہ کشید کرتے اور کرواتے وقت باوضو ہونا چاہئے۔ رمال کو چاہئے کہ غیر شرعی سوالات کے جوابات نہ دے۔ اور سائل پر بھی لازم ہے کہ غیر شرعی سوالات نہ کرے۔ ورنہ رمال اور سائل دونوں رجعت کا شکار ہو جائیں گے رمال کے لیے سخت قسم کے جلالی و جمالی پرہیز ہیں۔ جو یہ دعویٰ کرے کہ میرے پاس جنات ہیں یا مؤکلات ہیں۔ چاہے مسلمان ہوں یا غیر مسلم۔ دراصل وہ کاہن ہونے کا دعویٰ کر رہا ہے۔ اور کفر کر رہا ہے۔

یہ علم صرف کتب کے مطالعہ سے حاصل نہیں ہوتا۔ بلکہ اس علم کے حصول کے لیے سب سے بنیادی شرط اللہ تعالیٰ اور پاک محمدؐ و آل محمدؐ کی رضا ہے۔ اس علم کے حصول کے لیے متقی و پرہیزگار ہونا ضروری ہے۔ اور کسی متقی و پرہیزگار استاد سے عملی مدد لینے کی ضرورت ہے۔ جس پر کئی سال لگ جاتے ہیں۔ دو چار باتیں جان کر عوام کو بے وقوف بنانے کا گناہ نہ کیا جائے۔

قارئین کرام ہر بار کی طرح اس بار بھی آپ سے درخواست ہے کہ ہر شب جمعہ یا جمعہ کے گیارہ بجے سے پہلے پہلے کوشش کر کے اوّل و آخر چودہ چودہ بار درود شریف کے ساتھ ایک بار حدیث کساء کی تلاوت کریں۔ اور حسب استطاعت غریب سادات کو خمس یا ہدیہ قربۃً الی اللہ کی نیت سے اور غیر سادات کو صدقہ و خیرات قربۃً الی اللہ سے رقم یا ضروریات زندگی کی کوئی چیز دیں۔

علوم سے مسائل کی تشخیص اور روحانی حل

علم نجوم، علم رمل، علم جفر، اور اعداد سے مشاورت مسائل کی تشخیص اور روحانی حل کے لیے رابطہ کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ محمدؐ و آل محمدؐ کے خاص کرم اور تعلیمات کی روشنی سے آپ کو صحیح گائیڈ لائن دی جائے گی۔ کوائف میں مکمل نام، والدہ کا نام، تاریخ اور وقت پیدائش، مقام پیدائش اور تاریخ، مقام اور وقت سوال۔ (1 تا 99) کے درمیان کوئی سے چار ہندسے درکار ہونگے۔

جاوید جمالی علاوی۔ لاہور 0301-5503367

اسم اعظم

تحریر: جابر علی المعروف شایان علی
0312-5310914, 0302-5243272
محلہ قصر زہرا گلی ڈاکٹر محمد حسین والی، جھنگ صدر پوسٹ کوڈ 35200

کیا شان ہے محمدؐ و آل محمدؐ کی جن کو اسم اعظم کے 73 حروف میں سے 72 عطا کیے گئے۔ حالانکہ گزشتہ انبیاء علیہم السلام میں کسی کو 25 سے زائد عطا نہیں ہوئے اور وہ حروف جن کی جھلک موجب تجلیات فقر ہے۔ یہی وہ ہستیاں ہیں کہ جن کے ذکر کے دوران وقت کو ساکن کر دیا جاتا ہے۔

رب کعبہ کی قسم!

معصومین علیہم السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص ہمارا ذکر کرنے میں مشغول ہوتا ہے خالق کائنات اس کے ان لمحات کو زندگی کے گزرے وقت میں شمار ہی نہیں فرماتا بلکہ اسکی زندگی میں اتنا وقت مزید بڑھا دیا جاتا ہے اور بھلا ایسے کیوں نہ ہو کہ آیت مبارکہ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ کے حقیقی وارث بھی تو یہی ہیں اور وہ وسیلہ جن کی ثناء خوانی میں صاحبان ایمان ملائکہ یہاں تک کہ خود رب کعبہ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ کا مالک اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا کے تحت مصروف ہیں اور انتہا نہیں کہ اپنے اسم اعظم تک پہنچنے کا مختصر ذریعہ بھی انہی کے اسماء میں عیاں کر کے فرمایا

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا اسی تطہیر میں موجود اسم اعظم کی معرفت میں کل 5 پاروں کی 5 سورتوں میں 23 آیات مبارکہ نازل فرما دیں۔ انہی آیات مبارکہ میں لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کا کنز یعنی اسم اعظم موجود ہے۔ ان آیات مبارکہ پر سلسلہ بہ سلسلہ ریسرچ پیش کروں گا اس مرتبہ ان آیات مبارکہ سے پہلی آیت پارہ نمبر ۳ آیت نمبر ۳۶ سورہ آل عمران پر ریسرچ پیش خدمت ہے۔ اسم اعظم کے استعمال سے قبل یہ ضروری ہے کہ اس کی تاثیر کو دائمی کیا جائے اور آنے والی نسلوں میں منتقل کیا جائے۔ اس آیت مبارکہ کے آخر میں وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ سے الرَّجِيْمِ تک اسی مقصد کی تکمیل ہے۔ اس آیت مبارکہ کے اور بہت سے خواص ہیں بالخصوص حفاظت از دشمنان، حفاظت از شر جنات، نجات از مکر و فریب، نجات از ام الصبیان، نجات از پوشیدہ امراض، تبدیلی جنس در شکم مادر وغیرہ ہیں۔ یاد رہے یہ انتہائی موثر و مجرب ہیں اس آیت مبارکہ کو روزانہ بعد از فجر 19 مرتبہ مع درود پاک اول و آخر 19 مرتبہ ورد کریں اور پانی پر دم کر کے استعمال کریں انشاءاللہ مستفید و مستفیض ہوں گے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ط وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ط وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ط وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (آل عمران ۳۶)

جملہ وضاحت کر دی ہے پھر بھی کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو بذریعہ خط و کتابت یا بذریعہ فون سمجھ سکتے ہیں۔ کسی بھی مسئلے کا حل بذریعہ علم الجفر، اعداد، رمل، اور نجوم سے کرتا ہوں کوئی مسئلہ ہو تو اس ناچیز کو ضرور یاد کیجیے گا۔ انشاءاللہ آئندہ مزید ریسرچ پیش کروں گا۔

مولانا محمد علی عابد قنبری
0302-2830786

علم رمل کی افادیت

روایت میں موجود ہے کہ رسول اکرم نے اپنے صحابہ کرامؓ کی موجودگی میں ارشاد فرمایا۔ آخری زمانے کے مسلمان میرے بھائی ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے گذارش کی یا رسول اللہ ہم آپ کے ساتھ ہیں اور ہمیں یہ اعزاز نہیں دیا گیا۔ آپ نے فرمایا تمہیں اگر کوئی مشکل پیش آئے تو میں تمہارے سامنے موجود ہوں جبکہ اس زمانے میں جب مشکلات و پریشانیاں عروج پر ہونگی اور میں بھی ظاہراً ان کے سامنے موجود نہیں ہونگا صرف میری تعلیمات اور میرے اہلبیتؑ کا عمل و کردار ہی ان کے لیے مشعل راہ ہونگے۔ ان مصائب والم میں جو شخص اپنے دین کی حفاظت کرے گا۔ وہ میرا بھائی ہے۔ کتنا بڑا اعزاز ہے لیکن تب جب ہم صحیح معنوں میں اپنے دین کی حفاظت کریں اور تعلیمات محمد و آل محمدؐ پر عمل کریں یقیناً ہماری پریشانیاں ہمارا دین سے دوری کا نتیجہ ہے۔ جادو، بندش، کاروبار میں رکاوٹ، اولاد کا باندھ دینا، طلاق کی شرح زیادہ ہونا، رزق کی تنگی یہ سب ہماری مشکلات ہیں۔ ہم اپنی طرف تو دیکھتے نہیں اور پھر عاملوں طرف دوڑتے ہیں یہ ہو گیا؟ یہ کر دیا؟ اب کیا ہوگا؟ بھائی اپنی اصلاح کر لیں آپ کو ان سب کی ضرورت نہیں ہے خدا اگر عامل کی سنتا ہے۔ تو آپ کا بھی وہی خدا ہے آپ کی کیوں نہیں سنتا جبکہ نہ وہ عامل معصوم ہے اور نہ آپ معصوم ہیں۔ دونوں ایک جیسے ہیں۔ ہاں اگر کوئی کسی آزمائش میں آ گیا ہے تو پھر بھی وہ عمل جو اہلبیت علیہم السلام نے تعلیم فرمائے ہیں۔ لیکن پہلے اپنے دامن کو صاف کریں واجبات کو ادا کریں، اول وقت میں نماز ادا کریں۔ استغفار کثرت سے پڑھیں اور بالخصوص نعمات خداوندی کا زیادہ سے زیادہ شکر ادا کریں۔ تاکہ نعمات میں اضافہ ہو اور مشکلات حل ہوں صحیح معنوں میں تعلیمات آئمہ پر عمل کرنا ہے جو دنیا و آخرت کی نجات کے لیے کافی اور ثواب جاریہ بھی ہے جس کے حقدار امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد (مرحوم) و ادارہ اور میرے دادا مولانا حکیم فقیر محمد جعفری (مرحوم) کے درجات کی بلندی کے لیے ہیں اور میں ان دونوں بزرگوں اور جمیع مومنین و مومنات مرحومین شہدا ملت جعفریہ بالخصوص شہداء کوئٹہ، شہدائے کراچی اور مختلف واقعات میں مختلف شہروں میں شہید ہونے والے مومنین کی بلندی درجات کے لیے سورہ فاتحہ کے لیے ملتمس ہوں اور دعا گو ہوں آغا افتخار حسین اور ان کے ادارے کے تمام ساتھی اور میرے والدین کی طوالعمر اور صحت کے لیے (آمین)

علم رمل کے ذریعے ماضی، حال، مستقبل، اسرار مخفی اور رازہائے پوشیدہ معلوم ہوتے ہیں یہ ہرگز علم غیب نہیں ہے۔ ہمارے ہاں علماء یہ سمجھتے ہیں کہ یہ قریب ترین جواب دیتا ہے اور میرا مشاہدہ بھی یہی ہے۔ بہت سے ایسے لوگوں کے زائچے سامنے آتے ہیں جو علاج کسی اور مرض کا کر رہے ہوتے ہیں اور ان کا مسئلہ کوئی اور ہوتا تھا اور جب تشخیص کر کے علاج کیا تو بہتری آ گئی اصل میں ایک بڑا مسئلہ عوام کا یہ بھی ہے تشخیص نہیں کرتے خود طے کر کے جنتری میں کوئی عمل پڑھا اور کرنا شروع کر دیا ایک مدت بعد پتہ چلا ہمیں تو یہ مرض تھا ہی نہیں اچھا قصور ان کا بھی نہیں جب انسان پریشان ہو تو ہر مرض ایک جیسا ہی لگتا ہے نہ جادو کا فرق پتہ چلتا ہے، نہ سائے کا، نہ نظر بد کا، اور نہ ہی جسمانی بیماری کا جو کسی نے بتا دیا اس پر عمل کر لیا میں نے اپنے مضامین میں کوشش تو کی ہے کہ قارئین امامیہ جنتری کے لیے علم رمل آسان سے آسان کیا جائے۔ تاکہ وہ اپنے مسئلے کی خود ہی تشخیص کر لیں گذشتہ مضمون میں زائچہ بنانا سیکھا یا اس میں احکام لگانے کے حوالے سے تحریر کر رہا ہوں۔ استادان قدیم نے زائچہ کشید کے تین قاعدے مقرر کیے ہیں اول بذریعہ نقاط ۱۶ سطروں سے زائچہ بنایا جائے۔ دوئم بذریعہ قرعہ ڈال کر زائچہ بنایا جائے۔ سوئم بذریعہ اعداد بول کر زائچہ بنایا جائے۔ میں نے آخر والا طریقہ کو اپنایا ہے۔ اس لیے کہ پہلے دونوں طریقوں کے لیے سائل کا سامنے موجود ہونا ضروری ہے لیکن اس طریقے میں سامنے ہونا شرط نہیں ہے آپ فون پر چار عدد بتا دیں اور اپنا مسئلہ بتائیں ہم زائچہ بنا کر احکامات لگا کر مسئلہ سے آگاہ کر دیں گے۔

رمل کا دارومدار محض دو بنیاد پر ہے۔ (۱) طالع، (۲) خانہ مقصد اس کے بعد یہ دیکھنا ہے کہ طالع کا کون سا ستارہ ہے، کس گھر کا مالک ہے جس گھر کا مالک اس گھر کا ستارہ کونسا ہے۔ دونوں کی پوزیشن کیا ہے قوی ہے یا ضعیف؟ پھر اس کے بعد شکل طالع اور شکل مقصد کو آپس میں ضرب دیں جو شکل حاصل ہوگی اس کا نام ہے انسان الامر اس کو دیکھیں زائچہ میں موجود ہے یا نہیں اور یہ کس گھر کا مالک ہے۔ جس گھر کا مالک ہے اس کا ستارہ کونسا ہے قوی ہے یا ضعیف ہے۔ اگر انسان الامر دتد کے خانے میں ہے تو سوال حال کا ہے اور مراد بھی حال میں حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اگر مائدو وقد میں ہے تو سوال مستقبل کا ہے اور مستقبل میں مراد چاہتا ہے اگر زائل وتد میں ہے تو سوال ماضی کا ہے یعنی ماضی میں جو مقام حاصل تھا وہی مقام حاصل کرنا چاہتا ہے یا حالات خراب تھے تو اس سے چھٹکارہ چاہتا ہے۔ اس کا پتہ شکل کی سعادت و نحوست سے چل سکتا ہے۔ تینوں طریقوں سے جو شکلیں حاصل ہوتی ہے ان کے تکرار کے ذریعے کامیابی و ناکامی کے اسباب کا پتہ چل جاتا ہے۔ اور ان ہی ۳ خانوں کے منسوبات سے ماضی حال مستقبل اور سب کچھ بتایا جا سکتا ہے۔ صرف مشق اور مہارت کی ضرورت ہے۔

(1) اگر سائل سوال کرتا ہے خطرے کا، جان کا، مال، اولاد کا، گھر کا یا تجارت کا خطرہ واقعی حقیقی ہے، یا نہیں نقصان کا ڈر تو نہیں؟

زائچہ کشید کریں اور پھر دیکھیں اگر شکلیں نحس ہیں تو خطرہ صحیح ہے مگر زیادہ نقصان نہیں ہے اگر زائچہ کی شکل اول (طالع) اور شکل ہفتم، نہم اور دہم سعد ہیں تو خطرہ میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ دور کوئی نقصان پہنچنے والا نہیں ہے۔ اگر خانہ ہشتم طریق ہو تو خطرہ ہے اور نقصان کا اندیشہ ہے اگر نقی الحد، عتبہ الخارج، لحیان، زائچہ میں دو تین جگہ تکرار کرے تب خطرہ ہے اور اگر طالع میں جماعت یا حمرہ آئے تب بھی خطرہ ہے اگر ان دونوں شکلوں میں سے کوئی میزان الرمل میں آجائے یا تکرار کرے تو خطرہ قریب ہے اور شدید بھی ہے اگر خانہ ہشتم میں نہم اور تیرہویں خانے میں قبض



الداخل آئے تو جان کا خطرہ نہیں ہے ہاں مالی نقصان کا خطرہ ہے اور مجموعی حیثیت میں دیکھو کہ اگر زائچہ میں اشکال سعد زیادہ ہیں تو کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے فائدہ کی بھی امید ہے اگر سب زائچہ میں اشکال نحس زیادہ ہیں تو نقصان کا اندیشہ ہے باقی حقیقی عالم الغیب خدا ہے۔

(2) اگر سائل سوال کرے سفر کے لیے، مقدمے میں الجھے ہوئے ہونے کے لیے، امتحان کا نتیجہ معلوم کرنا چاہتا ہے، تجارت شروع کرنا چاہتا ہے نفع و نقصان کی فکر ہے۔

زائچہ کشید کرو اگر زائچہ میں شکل چہارم یا ہشتم نحس ہو تو خلاف ہوسکتا ہے مجموعی طور پر زائچہ کی ۱۶ شکلوں کی سعد اور نحس شکلوں کو شمار کرو، اگر سعد زیادہ ہیں تو فائدہ نحس زیادہ ہیں تو نقصان۔ لیکن ایک استاد رمل کا تجربہ لکھ رہا ہوں وہ لکھتے ہیں۔



شکل طالع کو شکل ہفتم سے ضرب دو اور شکل نہم اور دہم کو ضرب دو اب دونوں کو باہمی ضرب دو، جو شکل برآمد ہو وہی جواب ہے۔ لایعلم الغیب الاھو

علم رمل کے تحت بہت سے سوالوں کا جواب دیا جا سکتا ہے۔ جو روز مرہ سوال پیش آتے ہیں ان میں سے چند ایک کا ہم ذکر کر رہے ہیں۔

میرا طالع کیسا ہے؟ اپنی جان کے لیے سوال کیا ہے؟ اپنی زندگی اور تندرستی کے لیے سوال کیا ہے؟ میرا ماضی و حال و مستقبل کیسا ہے؟ میری مالی حالت کیسی ہے؟ ماضی میں کیسی تھی حال میں کیسی ہے اور مستقبل میں کیسی ہوگی؟ مجھے کاروبار ملے گا یا نہیں؟ حصول حال کا ذریعہ کیا ہوگا؟ خرید و فروخت میں نفع ہوگا؟ میرا کام آج کل کیسا ہے؟ میرا کسی سے مال لینا کیسا ہے اور قرض دینا کیسا ہے؟ میرا قرضہ جلد ملے گا یا دیر سے؟ مقروض سے قرضہ وصول ہوگا یا نہیں؟ دعوی میراث کا کروں یا نہ کروں؟ کسی آدمی کے ساتھ شراکت کروں یا نہ کروں؟ مجھے شرکت میں فائدہ ہوگا یا نہیں؟ کیا عزیز و اقارب سے فائدہ ہوگا یا نقصان؟ میرے اقربا میرے ساتھ کیسے رہیں گے؟ میرے گھر والے میرے حق میں ہیں یا نہیں؟ ان کے ساتھ رہوں یا الگ رہوں؟ سفر کس طرف کا ٹھیک رہے گا؟ اندرون ملک کا یا بیرون ملک کا؟ اسی شہر میں کاروبار صحیح ہے یا دوسرے شہر کاروبار کے لیے ہجرت کروں؟ وہاں جا کر میری مراد پوری ہوگی یا نہیں؟ میں نے خواب دیکھا تعبیر کیا ہوگی؟ نیک ہے یا بد ہے؟ مجھے اس بات کا علم ہو گا یا نہیں؟ جسکے پاس علم سیکھنے جاتا ہوں کیا وہ علم جانتا ہے؟ حصول علم میں آسانی ہوگی یا دشواری؟ میری مانی ہوئی منت سے مراد حاصل ہوگی یا نہیں؟ میں فلاں املاک خریدوں یا نہیں؟ میرا مکان میرے لئے کیسا ہے؟ مجھے یہ مکان راس ہے یا نہیں؟ میری شادی کب ہوگی؟ کیا میری شادی میں کوئی رکاوٹ ہے؟ میری شادی کہاں ہوگی؟ یہاں ہوگی یا کہیں اور ہوگی؟ اپنوں میں ہوگی یا غیروں میں ہوگی؟ میرے ہاں اولاد ہوگی یا نہیں؟ میری ہاں بیٹیاں ہی ہیں کیا میرے ہاں اولاد نرینہ یعنی فرزند ہوگا؟ اولاد نہ ہونے کی علت میں ہوں یا میری زوجہ ہے؟ اور اسے کیا مرض ہے؟ جس کی وجہ سے اولاد نہیں ہو رہی؟ میرے گھر میں پریشانیاں کب ختم ہونگی؟ اس کا کوئی حل ہے یا نہیں؟ میں محنت بھی کرتا ہوں لیکن پڑھائی میں دل نہیں لگتا میں کیا کروں؟ میں امتحان میں کامیاب ہوں گا یا نہیں؟ مجھے انعام ملے گا یا نہیں؟ مریض پہ سحر یا جادو کس نے کیا؟ کیا چوری کا مال ملے گا یا نہیں؟ اگر ملے گا تو کس قدر ملے گا؟ کیا چور مرد ہے یا عورت؟ جاننے والا ہے یا باہر کا آدمی ہے؟ غائب زندہ ہے اور کب تک واپس آئے گا؟ گریختہ اپنی مرضی سے گیا ہے یا کوئی لے گیا ہے؟

نوٹ: سوال کرنے والے حضرات دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر اور یہ نیت رکھتے ہوئے کہ اللہ سب کچھ جاننے والا ہے اور بندہ فقط کوشش کرنے والا ہے اپنا مسئلہ اور 1 سے 16 کے درمیان چار عدد لکھ کر پھر فون کریں۔

مہربانی کر کے ایس ایم ایس نہ کریں۔

اوقات رابطہ صبح 10 بجے سے شام 4 بجے

ہدیہ فی سوال 300 روپے

0302-2830786,0315-2266569,0341-2827585

منگنی، نکاح و شادی کے موقع پر دُولہا و دلہن کے لئے
امام ضامن دستیاب ہیں
افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ
اسلام پورہ لاہور 042 37223686

ریکی
(ایک آسان اور مؤثر نورانی علم)

ڈاکٹر سید نیاز محمد ہمدانی فاضل قم۔ایم اے (اسلامیات۔عربی۔فارسی) پی ایچ ڈی (جنائز فکس)
Ph: 0092 42 37483664, Mob: 0333 4394138,
Email: syedniazm@yahoo.com,
Web: drhamadani.org

اب تک آپ کی زندگی جیسی بھی تھی اور اس وقت آپ کی زندگی جیسی بھی ہے، اس کی فکر چھوڑیئے اور اپنی باقیماندہ زندگی کو ایسا بنائیں جیسا آپ چاہتے ہیں

دنیا کے ہر انسان کے دل میں بہت سی خواہشیں ہوتی ہیں جنہیں وہ پورا کرنا چاہتا ہے۔لیکن عموماً دیکھا گیا ہے کہ بہت سے لوگ بہت سی خواہشات پوری نہیں کر پاتے۔مرزا غالب نے اسی لئے کہا تھا کہ : ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے۔خواہشات چھوٹی بھی ہوسکتی ہیں اور بڑی بھی۔ایک انسان کی خواہش ہوسکتی ہے کہ وہ روزانہ ایک ہزار روپیہ کمالے جب کہ کسی اور کی خواہش یہ ہوسکتی ہے کہ وہ روزانہ ایک لاکھ روپیہ کمالے۔کسی کی خواہش اتنی سی ہوتی ہے کہ وہ کلرک بن جائے تو کسی کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ وہ ملک کا وزیر اعظم بن جائے۔کسی کی خواہش مادی ہوتی ہے تو کسی کی خواہش روحانی ہوتی ہے۔کسی کی خواہش ذاتی ہوتی ہے اور کسی کی خواہش اور مقاصد قومی اور بین الاقوامی ہوتے ہیں۔لیکن یہ بات طے ہے کہ انسان کی خواہش کچھ بھی ہو اسے پورا کرنے کے لئے انسان کو طاقت کی ضرورت ہوتی ہے۔کمزور انسان اپنی خواہشات کو پورا نہیں کرسکتا۔لہٰذا دیکھا گیا ہے کہ ہر انسان اپنی خواہشات کی تکمیل کے لئے طاقت حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔کوئی اقتصادی طاقت حاصل کرنا چاہتا ہے تو کوئی سیاسی طاقت۔کوئی مادی طاقت حاصل کرنے میں مصروف ہے تو کوئی روحانی طاقت حاصل کرنے کے لئے سرگرم عمل نظر آتا ہے۔ہر انسان اپنی خواہشات کی تکمیل کے لئے زیادہ سے زیادہ طاقت حاصل کرنے کی تگ ودو میں مصروف ہے۔

موجودہ دور میں اور ماضی میں ایک بہت بڑا فرق یہ پیدا ہوا گیا ہے کہ ماضی میں انسان کی خواہشات سادہ اور تھوڑی تھیں جبکہ ان خواہشات کو پورا کرنے کے وسائل نسبتاً زیادہ تھے۔اس کے برعکس جدید دور میں انسان کی خواہشات میں بہت زیادہ اضافہ ہوگیا ہے اور ان خواہشات کو پورا کرنے کے وسائل کم سے کم ہوتے جارہے ہیں۔اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خواہشات کی تکمیل ماضی کی نسبت بہت مشکل ہوگئی ہے۔خواہشات کی تکمیل نہ ہونے کے نتیجہ میں ناکامی اور ناکامی کے نتیجہ میں ٹینشن اور ڈیپریشن میں بہت اضافہ ہوگیا ہے جس نے انسان کو اور بھی کمزور کردیا ہے۔دور حاضر کے انسان کے کمزور ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہر شخص اپنی خواہشات کی تکمیل میں اس طرح سرگرداں ہے کہ کسی کو دوسرے کی فکر ہی نہیں۔کسی کے پاس دوسرے کے بارے میں سوچنے کی فرصت ہی نہیں ہے۔اس طرح دور جدید میں دوستیاں اور رشتہ داریاں بھی کمزور ہوگئی ہیں جس کی وجہ سے انسان تنہا اور کمزور ہوگیا ہے۔

اللہ تعالیٰ جو انسان کا اور ساری کائنات کا رب ہے،اس نے کائنات میں طاقت کی بہت سے اقسام اور بہت سے ذرائع رکھے ہیں۔ان میں سے بعض ہر ایک کو نظر آتے ہیں اور بعض کسی کسی کو اور بعض کسی کو بھی نہیں۔مثال کے طور پر بھاری سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لئے انسان اونٹ اور ہاتھی کی طاقت استعمال کرتا تھا۔لیکن بعد میں جب انسان نے آگ کی طاقت دریافت کرلی تو اب انجن کے ذریعے آگ کی طاقت کو استعمال کرکے بہت زیادہ بوجھ زیادہ آسانی کے ساتھ زیادہ دور تک لے جاسکتا ہے۔سورج کی روشنی اور حرارت میں سولر انرجی یا شمسی توانائی ہمیشہ موجود تھی۔لیکن انسان کو اس کا علم نہیں تھا۔جب انسان کو اس طاقت کا علم ہوا تو اس نے ایسے آلات ایجاد کرلئے جن کے ذریعے وہ سورج کی روشنی اور حرارت کی طاقت یعنی سولر انرجی کو قابو میں لاکر استعمال کرنے لگا ہے۔ جب سے دنیا بنی ہے یورینیم دنیا میں موجود تھی۔مگر کسی کو معلوم نہیں تھا کہ یورینیم کے ایٹم میں کتنی طاقت پوشیدہ ہے۔اگر آپ کے سامنے ایک چھوٹی سی پڑیا میں ایک گرام یورینیم پڑا ہو تو کیا آپ اندازہ کرسکتے ہیں کہ اس سے کتنی طاقت حاصل ہوسکتی ہے؟ سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ ایک گرام یورینیم سے اتنی طاقت حاصل کی جاسکتی ہے جتنی دو ہزار کلوگرام پٹرول یا تین ہزار کلوگرام کوئلے سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

یہ مثالیں ان طاقتوں کی ہیں جو ہمارے باہر موجود ہیں۔اللہ تعالیٰ نے کائنات کے اندر اور خود انسان کے اندر بہت سی طاقتیں رکھی ہیں جو بیرونی دنیا میں موجود طاقتوں کی نسبت بہت طاقتور ہیں۔مولا علی علیہ السلام کا یہ شعر معروف ہے جس میں آپ انسان سے فرماتے ہیں:

اتزعم انک جرم صغیر و فیک انطوی العالم الاکبر

(ترجمہ: کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تم ایک چھوٹا سا جسم ہو حالانکہ تمہارے اندر ایک بڑی کائنات پوشیدہ ہے)

اس شعر میں مولا علی علیہ السلام نے انسان کے اندر کی پوشیدہ کائنات کا باہر کی نظر آنی والی کائنات سے موازنہ کرکے انسان کے اندر کی کائنات کو بڑی کائنات کہا ہے۔

انسان کو اللہ تعالیٰ نے جسمانی طاقت کے علاوہ بہت سے دوسری طاقتوں سے بھی نوازا ہے۔لیکن انسان نے ابھی تک اپنی ان طاقتوں کا ایک چھوٹا سا حصہ بھی دریافت نہیں کیا ہے۔جو کچھ اب تک انسان نے دریافت کیا ہے وہ

کس قدر حقیر اور ناچیز ہے اس کا بھی ہمیں اندازہ نہیں ہے۔ ان طاقتوں میں سے ایک طاقت ریکی ہے جو انسان کے اندر بھی موجود ہے اور باہر کی کائنات میں بھی موجود ہے جو پچھلی چند دہائیوں کے دوران دنیا میں بہت تیزی سے معروف ہوئی۔ اس طاقت اور انسان کی دوسری روحانی طاقتوں میں ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ دوسری طاقتوں کو حاصل کرنے کے لئے انسان کو بہت محنت، بہت ریاضت اور بہت مشقت کرنی پڑتی ہے جبکہ ریکی کی تربیت حاصل کرنا اور اپنے مقاصد کے حصول کے لئے اسے استعمال کرنا انتہائی آسان ہے اور اس میں کسی قسم کا خطرہ بھی موجود نہیں ہے۔ یہی ریکی کی مقبولیت کا اصل راز ہے۔

ریکی بنیادی طور پر جاپانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں کائناتی **قوت حیات**: یہ ہر زندہ چیز میں پائی جاتی ہے۔ جب یہ مکمل اور متوازن حالت میں ہو تو زندہ چیز صحتمند رہتی ہے۔ اگر اس میں کمی واقع ہو جائے یا اس کا توازن بگڑ جائے تو بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔ جب یہ مکمل طور پر ختم ہو جائے تو موت واقع ہو جاتی ہے۔ ریکی کے ذریعے مذکورہ کمی اور عدم توازن کو بہت آسانی سے برطرف کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ بیمار ہیں اور بیماری کی تکلیف سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں، اگر آپ کاروباری ہیں اور اپنے کاروبار میں ترقی کرنا چاہتے ہیں، اگر آپ کاشتکار ہیں اور اپنی فصلوں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں، اگر آپ میں اعتماد کی کمی ہے اور آپ اپنی خود اعتمادی میں اضافہ کرنا چاہتے ہوں، یا مسلسل ناکامیوں نے آپ کو مایوسی کے اندھیروں میں دھکیل دیا ہے، اگر آپ ٹینشن اور ڈپریشن کا شکار ہو رہے ہیں تو ریکی آپ کے لئے ایک بہترین ہتھیار ثابت ہو سکتا ہے۔ مختصر یہ کہ صحت، سکون، خوشحالی، کامیابی اور اطمینان و سکون سے بھرپور زندگی حاصل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے جو وسائل مہیا فرمائے ہیں ریکی ان میں سے ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ ریکی کے ذریعے نہ صرف ہم اپنی مادی اور جسمانی زندگی کی کیفیت کو بہتر بنا سکتے ہیں بلکہ اپنی عبادات کو بہتر بنانے کا کام بھی لے سکتے ہیں۔ ریکی آپ کی عبادات کی روحانی تاثیر میں یقینی اضافہ کر سکتی ہے۔

ہر مسلمان اپنی زندگی میں کسی نہ کسی انداز میں اللہ تعالیٰ کا ذکر ضرور کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ حیرت انگیز طاقتوں کے خزانے ہیں۔ لیکن اکثر لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کے اسمائے حسنیٰ کے ورد کو الفاظ کی ادائیگی سے آگے نہیں لے جا سکتے۔ سالہا سال کی عبادت، ذکر اور مختلف اوراد کے باوجود ان کی زندگی میں کوئی بہتری نہیں آتی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ زبان سے تو ذکر کر رہے ہوتے ہیں لیکن اس ذکر اور ان اسماء کی انرجی کی سطح پر نہیں جا پاتے۔ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کے اسمائے حسنیٰ کی انرجی کو فعال کرنے کے لئے جو روحانی حالت درکار ہوتی ہے ریکی اس روحانی حالت کے حصول میں بھی بہت مفید اور معاون ثابت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ بحق محمد و آل محمد تمام مومنین و مومنات کو دنیا اور آخرت کی خیر و برکت عطا فرمائے۔

یاقوت (RUBY)

0300 4519796

حکیم سید مظفر علی رضوی المعروف جوہری

اس کو اردو میں "یاقوت" اور انگریزی میں "روبی" کہتے ہیں قدیمی اور تاریخی کتابوں کے حوالے سے فارسی میں اسے "دربیزا" کہتے ہیں یاقوت جواہر کی اعلیٰ قسم ہے اس کا شمار "نورتن" میں ہوتا ہے۔ اسکی صلابت یعنی سختی 9 درجے ہیں۔ اسکی وجہ سے یہ ہیرے کے علاوہ ہر جواہر کو چھیل سکتا ہے بہت قدیمی جواہر ہونے کی وجہ سے اس کا تذکرہ پرانی کتابوں میں بھی ملتا ہے۔

علامہ سید باقر شاہ چکڑالوی مرحوم کی کتاب "مجالس المرضیہ" میں بھی جسے علامہ حسین بخش جاڑا مرحوم نے مرتب کیا ہے صفحہ ۲۷۱ پر علامہ لکھتے ہیں کہ حضرت سلیمانؑ کے ہاتھ میں جو انگشتری تھی وہ یاقوت ہی کی تھی۔ اسکے بعد یہ انگشتری حضرت علیؑ کے ہاتھ میں آئی۔ جو کہ آپؑ نے حالت رکوع میں سائل کو دے دی۔ جب امام زمانہ کا ظہور ہوگا تو یہ انگشتری امام زمانہؑ کے ہاتھ میں ہوگی

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ یاقوت کی انگوٹھی داہنے ہاتھ میں پہننا سنت ہے تین معتبر حدیثوں میں حضرت علی علیہ السلام سے منقول کہ یاقوت کی انگوٹھی پہننے سے پریشانی زائل ہوتی ہے۔

یاقوت ایسا جواہر ہے کہ بارہ سٹارز میں سے 9 کے لیے پہننا بہترین ہے۔ دلو، ثور، اور میزان کے علاوہ اسے سب پہن سکتے ہیں۔

خواص: جن لوگوں میں قوت فیصلہ کی کمی ہو یا خوف کا شکار ہوں، دل کے مریض کے لیے پہننا خوب ہے۔

سحری خواص: یاقوت کی انگشتری پہننے سے خون صاف ہوتا ہے، نبض کی مہلک تیز رفتار کو اصلی حالت میں لاتا ہے، روح کی طاقت کو بڑھاتا ہے، ہیضہ، طاعون اور آسمانی بجلی سے محفوظ رکھتا ہے۔

طبی خواص: طب یونانی میں اس کے دو مشہور مرکبات ہیں (1) **مفرح یاقوتی معتدل** امراض رحم اور اسہال میں مفید ہے اعسائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے، بھوک لگاتی ہے، اور کمزوری کو زائل کرتی ہے (2) **خمیرہ یاقوت** یاقوت کا یہ خمیرہ ضعف قلب کے لیے نہایت مفید ہے۔ خفقان اور مالیخولیا میں فائدہ مفید ہے۔

نگینوں کی مکمل ورائٹی کا مرکز

اوقات کار 5 تا 9 بجے رات بروز جمعہ 11:30 تا 3:30 شام

ہفتہ بروز اتوار

جوہرے

جامع مسجد صاحب الزمانؑ حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور۔ Ph: 042 37155098

مُستحصلہ جفر خبریہ

تحریر: ایم غلام عباس اعوان خوشاب
0454-209131

قارئین امامیہ جنتری۔ اسلام علیکم! خدا کرے سال 2014 ہمارے لیے اور آپ سب کے لیے ڈھیروں خوشیاں اور لازوال مسرتیں لے کر آیا ہو۔

حسب معمول اس سال بھی آپ کے لیے ایک دلچسپ اور آسان قاعدہ جفر پیش کیا جاتا ہے۔ میرا صبح سے شام تک معمولِ عام ہے۔ مجھے بے حد پسند اور قوی امید ہے کہ اہل ذوق کو بھی ضرور پسند آئے گا۔ ایک نقطہ عرض کرتا چلوں کہ یہ روحانی علوم محض بازیچہ اطفال نہیں ہیں ان پر بہت زیادہ مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ لگن اور شوق سے محنت کی جائے تو حجابات ختم ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اس لیے نئے مشق کرنے والوں کو اگر شروع میں دقت محسوس ہو تو گھبرائیں نہیں بلکہ مستقل مزاجی سے مشق جاری رکھیں۔

قواعد مُستحصلہ :

(۱) عمدہ اور خوبصورت پیرائے میں سوال بندش کریں

(۲) جس عیسوی تاریخ و ماہ و سال میں سوال ہوا ہے وہ لکھ لیں اور اس دن ہفتہ کا جو بھی دن ہو وہ بھی لکھ لیں۔

(۳) سوال کو بسط حرفی کریں یعنی الگ الگ حروف میں کر لیں۔

(۴) تاریخ کا عدد لکھیں پھر مہینہ کا عدد پھر سال کے اعداد اور آخر میں یوم کے نام کو الگ الگ حروف میں کر کے اس کے اعداد مفردہ لکھ دیں۔

جیسے:

ھ	ف	ت	ھ	ا	ت	و	ا	ر	ب	ی	ر
۵	۸	۴	۵	۱	۴	۶	۱	۲	۲	۱	۲

وغیرہ

(۵) اب اس سطر اعداد کے مطابق بسط حرفی سطر سوال سے حروف گنتی کر کے اٹھا لیں۔ یہ سطر آپ کے سوال کا جواب پیش کرے گی۔ اکثر تمام سطر خود ناطق جواب بناتی ہے اور کبھی محض ایک دو حروف کو نظیر و ہم رتبہ سے تبادلہ دینا پڑتا ہے۔ بہت عمدہ اور لطیف سا قاعدہ ہے۔ مزید تفہیم کے لیے مثالیں پیش کی جاتی ہیں غور فرمائیں۔

مثال نمبر 1: یا علیم مارچ 2013 میں حسن علی بن انجم کی بیماری کا سبب کیا ہے؟
(9 مارچ 2013 بروز ہفتہ)

م	ا	ر	چ	د	و	ھ	ز	ا	ر	ت	ی	ر	ھ	م	ی								
ن	ح	س	ن	ع	ل	ی	ب	ن	ا	ن	ج	م	ک	ی	ب								
ی	م	ا	ر	ی	ک	ا	ں	ب	ب	ک	ی	ا	ھ	ی									

اعداد تاریخ و یوم:	۹	مارچ	۲۰۱۳	ھ	ف	ت	ھ
	۹	۳	۲۰۱۳	۵	۸	۴	۵

گنتی سے حاصل حروف:

ا	ی	م	ی	ح	ی	ی	ا	س

ناطق حروف:

آ	ی	م	ق	ح	ق	ی	ا	س
آئے		محقق				یاس		

(مایوسی، خوف)

یعنی بیماری کی اصل وجہ حسرت، مایوسی اور خوف ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مثال نمبر 2: یا علیم محمد رضا بن بشریٰ اپنے حالات کی بہتری کے لیے کونسا صدقہ کرے؟ (19 جون 2013 بروز بدھ)

سوال بسط حرفی:

م	ح	م	د	ر	ض	ا	ب	ن	ب	ش	ر	ی											
ا	ب	ن	ی	ح	ا	ل	ا	ت	ک	ی	ب	ھ	ت	ر	ی								
ک	ی	ل	ی	ی	ک	و	ن	س	ا	ض	د	ق	د	ک	ر	ی							

اعداد تاریخ و یوم:		جون					ب	د	ھ
	۹	۶	۳	۱	۰	۲	۲	۴	۵

گنتی سے حاصلہ حروف: ن ب ن ا ل ت ی ر ی (ل)

بن ناریل تیل

یعنی حسب توفیق ناریل کا تیل صدقہ کرے۔ واللہ اعلم (9 جنوری 2013 بروز بدھ)

مثال نمبر 3: یا علیم محمد سہیل بن فضلیت کی شادی فورین بنت مہتاب سے ہوگی یا نہ؟

م	ح	م	د	س	ھ	ی	ل	ب	ن	ف	ض	ی	ل	ت									
ک	ی	ش	ا	د	ی	ن	و	ر	ی	ن	ب	ن	ت	م									
ھ	ت	ا	ب	س	ی	ھ	ہ	ک	ی	ا	ن	ھ											

اعداد تاریخ و یوم:	۶	جنوری	ا	ت	و	ا	ر
	۱	۲۰۱۳	۱	۴	۶	۱	۲

گنتی سے حروف:

ھ	ی	ن	ف	ی	ل	ش	ر	ی	ب

یہ نفی لے بشر

یعنی اے بشر یہ شادی نہیں (نفی) ہو سکے گی۔ واللہ اعلم

امید ہے تین امثلہ کو بغور دیکھنے کے بعد آپ اس قاعدے کے اسرار و رموز بااحسن جان چکے ہوں گے۔

تاہم اگر کسی ذاتی سوال کا حل بذریعہ جفر آپ ہم سے معلوم کرائیں گے تو ایک سو روپے (-/100) فی سوال فیس ادا کر کے جواب لے سکتے ہیں۔

پتہ برائے خط و کتابت و ملاقات
جفار ایم غلام عباس اعوان
سب آفس ہفت روزہ ایکشن
گجر مارکیٹ نزد الفلاح بنک جوہر آباد ضلع خوشاب۔ فون 0454-209131
(دفتری اوقات 10 بجے دن سے شام 6 بجے)
موبائل نمبر: 0300-6011925/0333-6801653
دفتر بند اجمعہ اور اتوار کو بند رہے گا۔

کرامات جفر "لوح تسخیر نورانی"

از تحریر محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ
ماہر عملیات وتعویزات
0300-6501194

ادارہ روحانی علاج محلہ گوہر شاہ، مین بازار نزد عمر نیازی سنٹر جھنگ صدر پنجاب پاکستان

قارئین امامیہ جنتری ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی خصوصی عمل لیکر حاضر ہوا ہوں۔ جو بھی آزمائے گا انشاءاللہ فائدہ حاصل کرے گا۔ اس عمل کے بے شمار فوائد ہیں مثلاً حصول رشتہ و ملازمت، نحوست سیارگان خصوصاً زحل ساڑھے ستی سے تحفظ، مال و دولت و رزق میں اضافہ ہو، مقدمات و امتحان میں کامیابی کے لیے، بیرون ملک سفر و ملازمت کا حصول، میاں بیوی میں لڑائی جھگڑے کے خاتمہ کے لیے، جادو ٹونہ، آسیب اور جسمانی و روحانی بیماریوں سے تحفظ کے علاوہ ہر مسئلہ کے حل کے لیے مجرب المجرب ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء درج ذیل عبارت عمل 72 مرتبہ اول و آخر 21-21 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں، پھر لوح تسخیر نورانی کو سعد اوقات یعنی شرفات سیارگان میں تیار کرنے کے علاوہ ستاروں کی تسدیس و تثلیث میں بھی تیار کر سکتے ہیں۔ سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے رجال الغیب پشت پر رکھ کر لکھیں، پھر نیاز مولائے کائنات حضرت علیؑ کی دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔ اور لوح مبارکہ چاندی میں بند کرا کے اپنے پاس رکھ لیں اور عبارت عمل عشاء کے بعد مقررہ تعداد میں پڑھ کر 21 روز تک دم کرتے رہیں۔ دوران عمل ہر جمعرات کو سفید مٹھائی پر مولائے کائنات حضرت علیؑ کی نیاز دیں اور صرف معصوم بچوں میں تقسیم کر دیں اور 21 روز کے بعد عبارت عمل روزانہ 11 مرتبہ پڑھتے رہیں۔ انشاءاللہ بے شمار فوائد ملیں گے جو آپ کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوں گے۔ بے شمار لوگ استفادہ کر چکے ہیں بس یقین کامل ہونا شرط ہے۔ عبارت عمل یہ ہے۔

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ كُنْ فَيَكُوْنُ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا سَمِيْعُ يَا مَجِيْدُ يَا مُجِيْبُ يَا كَفِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا بَاسِطُ يَا نَافِعُ يَا كَرِيْمُ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَشِيْدُ يَا وَهَّابُ يَا عَظِيْمُ يَا رَزَّاقُ اَرْزُقْنِيْ طَيِّبًا وَّاسِعًا بِغَيْرِ حِسَابٍ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَ بِطَاعَتِكَ وَ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا مُحَمَّدُ يَا فَاطِمَةُ يَا عَلِيُّ يَا حَسَنُ يَا حُسَيْنُ وَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ بِحُرْمَتِ نَادِ عَلِيًّا مَّظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ وَ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

لوح تسخیر نورانی

میں نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے اگر کسی چیز کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافے سے رابطہ کر لیں۔ اگر کسی مسئلہ کے حل میں پریشانی آ رہی ہو تو مجھ ناچیز سے رابطہ کر کے حل کروا سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ چہاردہ معصومین علیہم السلام کے صدقے میں تمام مومنین کی پریشانیاں دور فرمائے آمین یارب العالمین۔ اور فیض اٹھانے والے کو چاہیے مجھے اور مدیر اعلیٰ امامیہ جنتری اور ان کے متعلقین کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

تخریب کاری و خودکش حملوں سے بچاؤ کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ○

بس بازار مسجد، امام بارگاہ میں ورد کرتے رہیں۔

آسمانی آفات و زلزلے سے محفوظ رہنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ

وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا (پارہ نمبر ۲۲ سورۃ فاطر آیت نمبر ۴۱)

رات کو سونے سے قبل ۲۱ بار پڑھیں اول و آخر درود شریف ۷ بار)

علی بک ڈپو اینڈ جنرل سٹور ملکوال
اسلامی کتب خانہ احمد پور شرقیہ
شاہی بک ڈپو حیدر آباد تھل

سر الحروف (حروف کے راز)

تحریر: سید ندیم حیدر زیدی الواسطی
786 آٹو سٹور، دوکان نمبر 3 فرسٹ فلور ثنا، آٹو مارکیٹ 94 بادامی باغ لاہور۔
فون: 042-37720984/042-37729276
موبائل 0300-4178137/03334322756

قارئین امامیہ جنتری تمام اوراد و وظائف و عملیات سے قبل مفرد حروف کے اثرات کا جاننا اشد ضروری ہے۔ عام طور پر دنیا اس سے بے خبر ہے کہ مفرد حروف کے بھی کچھ اثرات ہوتے ہیں۔ عوام کے خیال میں تو حروف مرکب ہو کر جب کوئی لفظ با معنی بنتا ہے تو اس کے فوائد مرتب ہوتے ہیں اگر وہ لفظ اچھے معنی پر مبنی ہے تو اچھا اثر، اور اگر بُرے معنی پر مبنی ہے تو برا اثر۔ انفرادی طور پر ان حروف کی کوئی حیثیت عوام کی نظر میں نہیں ہے مگر حقیقت کچھ اور ہے۔ اس سلسلہ میں صرف اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ حروف جن شکلوں میں آج ہمارے سامنے ہیں وہ خالق کائنات کی طرف سے ایک متبرک تحفہ ہیں۔

عربی اور اردو حروف:

عربی میں کل 28 حروف ہیں اور اردو میں یہ حروف زائد ہیں۔ پ، ٹ، چ، ڈ، ڑ، ژ، گ۔ اسی لیے اہل معرفت نے ان زائد حروف کی امدادی قیمت ہی نہیں لگائی کیونکہ یہ حروف ملکوتی کے مشابہ ہیں انکو انہی 28 حروف کے تابع قرار دیا۔ جیسے پ، ب کے مشابہ ہے اس کے اعداد 2 ہیں۔ ٹ، ت کے مشابہ ہے اسکے اعداد بھی 400 ہیں۔ چ، ج کے مشابہ ہے اس کے اعداد بھی 3 ہیں۔

ڈ، د کے مشابہ ہے اس کے اعداد 4 ہیں، ڑ، ر کے مشابہ ہے اسکے اعداد 200 ہیں ژ، ز کے مشابہ ہے اسکے اعداد 7 ہیں۔ گ، ک کے مشابہ ہے اسکے اعداد 20 ہیں۔ یہ 28 حروف اصل میں 28 نام اللہ تعالیٰ کے ہیں۔ ہر حروف کا ایک موکل روحانی ہے۔ جو اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول ہے۔ جب حروف مذکور کی دعوت ادا کی تو موکلات حروف دریافت ہو گئے۔ اور جب روحانیت مکاشفہ و مشاہدہ میں آئی تو ان سے 28 اسماء الٰہی دریافت ہوئے۔ اور ان 28 اسماء الٰہی سے 28 منازل قمر (جن کو ہندی میں پنچھتر کہتے ہیں) دریافت ہوئیں۔

حروف سے روحانی فائدہ حاصل کرنے کا طریقہ:

ان 28 حروف کا عمل، کشف باطن اور حصول مقاصد کا ذریعہ ہے۔ جب ان مفردہ حروف میں یہ تاثیرات پنہاں ہیں تو ان حروف سے مرکب الفاظ اور با معنی جملے جو آیات قرآنی اسمائے ربانی پر مشتمل ہیں اگر ان کو خزانہ قدرت کی کنجی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ ان حروف سے فائدہ حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں اربعہ عناصر چار ہیں۔ آتش، باد، آب، خاک:

آتشی حروف:

الف، ھا، طا، میم، فا، شین، ذال۔ یا نارُ کونی بردًا و سلامًا

بادی حروف:

با، واؤ، یا، نون، صاد، تا، ضاد۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

آبی حروف:

جیم، زا، کاف، سین، قاف، ثا، ظا۔ سَلَامٌ عَلٰى نُوحٍ فِي الْعَالَمِيْنَ

خاکی حروف:

دال، حا، لام، عین، را، خا، غین، سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهَارُوْنَ

یہ حروف حکیم روحانی کے مشورے سے دینا زیادہ بہتر ہیں۔

حروف سے جسمانی علاج: یہ حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔ جسم انسانی چار عناصر سے مرکب ہے۔ آتش، باد، آب، خاک۔ اور یہ 28 حروف ان چار عناصر پر حکمران ہیں۔ گویا تمام جسم ان 28 حروف کے تابع ہے۔ جن کی تفصیل آپ کو سات نقوش میں ملے گی۔

نقشہ حروف ابجد قمری:

سیارگان	آتش	باد	آب	خاک	تفصیل جسمانی اعضاء پر حکمرانی
زحل	ا	ب	ج	د	ان چاروں کی حکمرانی سر پر ہے
مشتری	ھ	و	ز	ح	ان چاروں کی حکمرانی داہنے بازو پر ہے
مریخ	ط	ی	ک	ل	ان چاروں کی حکمرانی بائیں بازو پر ہے
شمس	م	ن	س	ع	ان چاروں کی حکمرانی پشت پر ہے
زہرہ	ف	ص	ق	ر	ان چاروں کی حکمرانی شکم پر ہے
عطارد	ش	ت	ث	خ	ان چاروں کی حکمرانی داہنی ران پر ہے
قمر	ذ	ض	ظ	غ	ان چاروں کی حکمرانی بائیں ران پر ہے

تفصیل	صفرا	خون	بلغم	سودا	آگ	ہوا	پانی	مٹی

تفصیل ہفت نقوش

☆امراض سر کے لیئے:

سر کے بالوں سے لیکر گردن تک سب امراض مثلاً بال خورا، کمزوری دماغ، بھولنا، حافظہ کی کمزوری، دردسر، دردکان، ناک گلہ، آواز کا بند ہونا، حلق میں درد۔ یعنی کل امراض سر کے لیے یہ نقش ساعت زحل میں لکھ کر سر پر باندھنے کو دیں خصوصاً پاگل پن کے لیے ہر روز یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں

☆امراض دست راست کے لیئے:

داہنے ہاتھ کے ناخن سے لیکر نصف سینے شانے تک کسی قسم کا درد تکلیف، داہنے طرف کا فالج وغیرہ کے لیے مشتری کی ساعت میں لکھ کر بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

☆امراض دست چپ کے لیئے : نصف شانے سے لیکر

الٹے ہاتھ کی انگلی تک کے ہر مرض اور تکلیف مثلاً فالج، شانے کا درد، جوڑوں کا درد، دل کے امراض، گھبراہٹ، ہارٹ اٹیک وغیرہ کے لیے ساعت مریخ میں لکھ کر الٹے بازو پر باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

☆امراض پشت کے لیئے :

یہ نقش کمر درد، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، رقت منی، احتلام، وغیرہ میں ساعت شمس میں لکھ کر پشت پر یعنی کمر پر باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

☆امراض شکم کے لیئے :

یہ نقش درد شکم، ناف کا ٹلنا، آنتوں کی دق، گردے اور مثانے کی تمام تکالیف کے لیے ساعت زہرہ میں لکھ کر پیٹ پر باندھیں اور ساتھ ہی پلیٹ میں لکھ کر پئیں۔

☆امراض پائے راست کے لیئے :

یہ نقش داہنی ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف یعنی عرق النساء، رانگن کا درد، وغیرہ کے لیے ساعت عطارد میں لکھ کر دائیں ران پر باندھیں اور ساتھ ہی پلیٹ میں لکھ کر دھو کر پلائیں۔

☆امراض پائے چپ کے لیے :

یہ نقش بائیں ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف مثلاً پاؤں میں درد، ایڑی میں درد، رانگن کا درد، جوڑوں کا درد، وغیرہ کے لیے ساعت قمر میں لکھ کر بائیں ران پر باندھیں اور ساتھ ہی پلیٹ میں لکھ کر دھو کر پلائیں۔

قارئین کرام اگر تمام حروف کے صفات پر جدا جدا روشنی ڈالی جائے تو اس پر ایک ضخیم کتاب مرتب ہو سکتی ہے۔ مگر جنتری کے چند صفحات اس کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ لہذا سمندر کو کوزے میں بند کرنے کی کوشش کی ہے۔ امید ہے یہ مضمون آپ حضرات کی تشنگی کو پورا کر سکے گا۔ مزید معلومات کے لیے جوابی لفافہ لکھ کر یا فون پر رابطہ کریں۔

قرآنی وظائف

السلام علیکم! گزشتہ سال کی کامیابی اور لوگوں کے بے حد سراہے جانے اور اصرار پر پھر آپ کی خدمت میں چند قرآنی نسخہ جات پیش کیے جا رہے ہیں۔ اصل وجہ یہ ہے کہ لوگ جعلی عاملوں اور جھوٹے دعوے داروں سے تنگ آ چکے ہیں مگر قرآنِ کریم پر تو ہر شخص کا یقین اور ایمان ہے اور یہ تا قیامت تمام انسانیت کیلئے ہدایت اور کامیابی کا سرچشمہ ہے ہم نے قرآن کریم کے نسخہ جات اور علم الاعداد کو مخلوط کر کے کچھ عمل آزمائے ہیں اور پھر عوام الناس کی خدمت میں پیش کیے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہو سکیں۔ (عمل درج ذیل ہیں)

۱۔ قرض کی ادائیگی کیلئے : قُلْ لَّآ اَمْلِكُ سے يَسْتَقْدِمُوْنَ تک سورۂ یونس ۴۹ پارہ نمبر ۱۱

ق+ن=100+50=150/2=75 12=7+5 3=1+2

ہفتے کے تین دن بدھ، جمعرات، جمعہ کو صبح دوپہر اور شام تسبیح کریں۔

۲۔ بند روزی کھلوانے کے واسطے : اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ سے بَصِيْرًا تک سورۂ بنی اسرائیل ۳۰ پارہ نمبر ۱۵

1+1 1+1 =2

آیت کو پاک روشنائی سے لکھ کر گھر میں دو جگہ وزن کے نیچے رکھیں یا سوموار اور جمعہ کے دن صبح اور شام تسبیح کریں۔

۳۔ شادی یا رشتے کی رکاوٹ کیلئے : وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى سے وَاسِعٌ عَلِيْمٌ تک سورۂ نور آیت ۳۲ پارہ نمبر ۱۸

و+م=6+40-46-4+6-10 0+1-1

اس آیت کو ایک دائرے میں ہلدی سے لکھ کر درمیان میں ان کا نام لکھیں جن کا رشتہ یا تعلق جوڑنا ہو اور اس کو سرسبز درخت سے لٹکا دیں۔

۴۔ محبت میں کامیابی کیلئے : وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ سے عَلٰى عَيْنِيْ تک سورۂ طٰہٰ آیت ۳۹ پارہ نمبر ۱۶

و+ی=6+10=16 6+1=7

اس آیت کو مٹھائی کے سات دانوں پر سات سو دفعہ پڑھ کر مطلوب کو کھلائیں اگر کھلا نہ سکیں تو صاف کاغذ پر سات دفعہ آیت لکھیں اور ہر آیت میں (محبۃ) کے بعد مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں اور آیت پوری کریں اور بھاری وزن تلے رکھ دیں۔ یا محبت کیلئے آتشی زعفرانی عمل کریں جو کہ مجرب اور آزمودہ ہے۔ بشرطیکہ یہ محبت غیر شرعی نہ ہو۔۔۔۔۔

اگر کوئی بات واضح نہ ہو رہی ہو تو رابطہ کر لیں۔

پیر سید حیدر شیرازی، موضع پیر والا ضلع جھنگ
0344-2420784
0333-6736221

فراخی رزق، خوشحالی، روحانی، جسمانی امراض کے پوشیدہ خزانے

معالج روحانی
سید بغداد علی شاہ موسوی علی الرضائی
سجادہ نشین ٹھنڈی باں سیداں۔ فتح پور تھلیا ایہ ضلع ولی آزاد شمیر۔
اوقات: صبح 9 بجے تا دن 1 بجے فون: 05826-403072

موجودہ پُرفتن مہنگائی، بے روزگاری، تنگی رزق، اور بیماریوں سے ہر شخص پریشان ہے۔ آسیب، جنات اور جادوگروں کی بھرمار نے جینا مشکل کر دیا ہے ان امراض کے علاج کے لیے پیروں، فقیروں کے آستانوں پر قطاریں لگی ہوتی ہیں ہر طرف تعویزات کی دکانیں چمکائے بیٹھے ہیں مگر فائدہ بہت کم ہوتا ہے۔ ہر طرف مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہیں۔ جوں جوں دوا کی مرض بڑھتا جا رہا ہے۔ ان چیزوں کا علاج قرآن سے بزرگان دین واکابرین نے کیا ہے مگر جو حضرات اپنے دین نماز روزہ سے غافل رب سے دور ہوں اور رات دن تقویٰ کو چھوڑ کر فلموں، گانوں اور غیر شرعی کاموں کے عادی ہوں انہیں اس غفلت سے توبہ کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہونا چاہیے اور مندرجہ بیماریوں کا علاج فقیر کے مجرب نسخوں سے کرنا چاہیے یقیناً انشاء اللہ کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔ فراخی رزق کے لیے ہر فرض نماز کے بعد **آیت الکرسی** خالدون تک **سورۃ فاتحہ** 1 بار **سورۃ اخلاص** 3 بار **سورۃ الطلاق** پارہ ۲۸ آیت ۲،۳ ایک بار درود پاک تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماردیں۔ بعد میں یا واسع ۱۵ بار حسبنا اللہ و نعم الوکیل ۲۵ بار پڑھنا معمول بنالیں اسی طرح **سورۃ توبہ** کی آخری 2 آیات اور **سورۃ قدر** 10+10 بار پڑھیں۔ بعد نماز فجر قبل طلوع آفتاب **سورۃ یسین، سورۃ واقعہ، سورۃ مزمل**، 1 بار، بعد مغرب **سورۃ واقعہ** 1 بار، بعد نماز عشاء **سورۃ واقعہ** 1 بار۔ "یا مُغنی" 1111 بار اول و آخر درود پاک 11 بار۔

خوشحالی، آسیب جنات، جادو، بندش وغیرہ کے علاوہ گھروں، کارخانوں، ہوٹلوں کے لیے **خصوصی لوحات** محدود تعداد میں میسر ہیں۔ یہ لوحات عاملین اور بزرگان دین کے قول و فعل کے مطابق اعتکاف میں **مشک و زعفران** سے تیار کی جاتی ہیں۔ **سید بغداد علی شاہ موسوی علی الرضائی**

طلسمات کشایش بخت دختران

مولف: شیخ حبیب بن موسیٰ
رضا اردمبدنی انشاری
تصحیح: مولانا فیاض حسین جعفری لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱) اگر دختر کے لیے رشتہ ملنے کی امید نہ رہی ہو تو یہ عبارت طلسم دوپٹے کے کونے پر لکھ کر سوتے وقت سر کے نیچے رکھ کر سو جائے شوہر کے اسباب پیدا ہوں گے۔

بسم اللہ و باللہ من عند اللہ و الیہ ترجعون ھو الذی خلقکم من نفس واحدۃ و خلق منھا زوجھا فلما قضی زید منھا باسم فلاں ۔۔ ابن ۔۔ فلاں

ی ۸ ۸ ۱ ۱ ۱ ۱ ۸ اول ۲ ۲ ۹ م م م م

ا ا ک ۸ ۸ ۱ ۱ ۷ وو ا ۸ ۸ ی ۱ ۹ ۱ ۱ ۸ ۸ ۱ ۱ ی ۱ ہ

۱۹ ط ۱ ۱ ۹ ۲ ۲ ۹ ۲ ۱ ۱ ۱ ۱ م ط ۱ ۱ ۸ ۱ ۹ ۱ ۱ ۸ ۱ ع ع ۱ ۱ ۱ ۱ ۱ ۹ ۱

العجل العجل العجل الساعہ الساعہ الساعہ الزجا الزجا الزجاء

۹۲۵ م م ۹ ی ۱ ۱ ۸ ۸ ۱ ۱ ۷ و ۱ ۷ و ۱ ۷ ط ۱ ۱ ۸ ۸ ۱ ۱ ۷ ع اس ۱ و ۱ الرا

(۲) چند روز اس طلسم کو لکھ کر پانی میں ڈالیں۔ پانی سے مرد منہ دھوئے بخت کشادہ ہوگا۔

اا اا اا ہ لہ لہ لہ ھبا ھبہ بلا ھبہ امین لا لا لا ابن جالعجیل لعجیل لعجیل نافع، ر

(۳) اگر کسی کا رشتہ نہ آ رہا ہو تو یہ نقش پہنیں اور چند روز میں مقصد حاصل ہوگا

یہ وہ حروف ہے جو بسم اللہ شریف میں شامل نہیں ہیں

ص ع ط ق ک

(۴) اگر کسی کا بخت باندھ دیا گیا ہو تو اس طلسم کو لکھے اور ہر روز نگاہ ڈالے

ا ا ۸ ۱ ۹ ح ۵ ۲ ۸ ۱ ۱ ۹ ۹ ۹ ۹ ۹ ۹ ۱ ۱ ۱ ۱ ۱ ۹ ۹ ۰ ۹ ۹ ۱ ع ط ع

حصول رشتہ کے لیے: چاند کی گیارہ سے بیس کے درمیانی جمعہ کو بعد نماز عصر درج ذیل آیات زعفران سے لکھ کر پاس رکھے اور دھو کر پیئے تو اسکی شادی ہو جائے جائے گی نیز یکم تا دس فروانی رزق کے لیے مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿١٣١﴾ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ﴿١٣٢﴾ (سورۃ طٰہٰ: ۱۳۱۔۱۳۲)

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی شادی کے لیے سورۃ قصص کی یہ آیت تلاوت کی تھی کہ ان کی شادی ہو گئی لہذا مرد اپنے اور عورت اپنے لیے پڑھ سکتی ہے

رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ﴿٢٤﴾

نوٹ: اولاد نرینہ کی دوائی منی بیک گارنٹی کے ساتھ دستیاب ہے

مرسلہ: تجمل حسین پیٹرل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ فون: 0332-6986026

ہر مرض کی دوا ہے نادعلیؑ

قارئین کرام: اسلام علیکم مولا پنجتن پاکؑ ہر پریشان کی پریشانیاں دور فرمائے۔ میں اتنا پڑھا لکھا عامل تو نہیں ہوں۔ بس پنجتن پاکؑ کے گھرانے کا گداگر ہوں کافی سارے دوستوں احباب کے پرزور اصرار پر پہلی دفعہ امامیہ جنتری میں نادعلیؑ کا نقش پیش کر رہا ہوں مجھ سے پہلے بھی کئی میرے بھائیوں نے یہ نقش پیش کیے ہیں۔ اس میں کوئی شک کی گنجائش نہیں کہ یہ مشکل سے مشکل پریشانی کو چند لمحوں میں ٹال دیتی ہے۔ پہلی شرط یہی ہے کہ انسان نیک نیتی سے عمل کرے اور کوئی لالچ نہ رکھتا ہو، دوسری شرط یہ ہے مرشد کی نگاہ ہو۔ میرے مرشد سید محمد مرتجز بادشاہ بخاری آف اچ بلوٹ کا فرمان ہے کہ جب تک وجود کے اندر موجود کی گواہی نہ ملے تو سمجھو کہ اس عامل یا فقیر میں کوئی جان نہیں ہے۔ نادعلیؑ کے کرامات سارے لوگ جانتے ہیں کہ دنیا کے کسی گوشے میں بیٹھ کر پڑھی جائے اثر اس کا دنیا کے دوسرے گوشے میں چند لمحوں میں ہوتا ہے۔ میں اپنے تمام بھائیوں سے ایک چھوٹی سی درخواست کروں گا کہ خدارا اگر کسی کے پاس کسی قسم کا عمل ہے تو اپنے عمل سے کسی اپنے دوسرے مسلمان بھائی کو تکلیف نہ دیا کرو۔ عملیات کا مطلب یہ نہیں کہ علم حاصل کر کے اس کو فضول کاموں میں خرچ کریں بلکہ اس علم کے ذریعے پریشان لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ دے سکیں۔ آئمہ طاہرینؑ نے تو علم رہنمائی کے لیے پیش کیا ہے۔ اگر کوئی بیمار ہے اور اسکی بیماری سمجھ میں نہیں آ رہی تو اس علم سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اللہ پاک ہی جانتا ہے کہ قبر میں کیا کیا جواب دینا پڑے گا کہ اس علم کو ہم نے کس طریقے سے استعمال کیا۔ علم کو جتنے اچھے راستے میں خرچ کرو گے اتنا ہی اس میں اضافہ ہوگا۔ کچھ غریب لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کا اس مہنگائی کے دور میں بڑی مشکل سے گزارا ہوتا ہے اور جو کچھ وہ اپنے لیے کما کر لاتے ہیں وہ جعلی عاملوں کی نذر ہو جاتا ہے میری اگر بات مانیں تو میں آپ کو سیدھا راستہ یہی دکھاؤں گا کہ اللہ کے بعد آئمہ طاہرین کے در سے مانگ کر دیکھیں انشاءاللہ تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی مگر افسوس ہم اللہ اور آئمہ طاہرینؑ کی بات مانتے ہی کب ہیں۔ ہم مسلمان ہو کر اپنے ہی بھائیوں کی جڑیں کاٹ رہے ہیں رشتہ نہ دینے پر جادو، اچھا پہن لینے پر جادو، ہم نے کبھی سوچا بھی نہیں ہے کہ آخر ایک دن مرنا بھی ہے ادھر کس منہ سے جواب دیں گے کتنے غریبوں کا حق مارا ہے یہی پیسے جو ہم جادو وغیرہ خرچ پر کرتے ہیں کیوں نہ یتیم بچوں یا بیواؤں عورتوں پر خرچ کریں، کوئی سبیل لگوا دیں۔ اپنا اکاونٹ تو ہم اپنے دونوں ہاتھوں سے بھر رہیں ہیں مگر کبھی اللہ کے اکاونٹ میں ایک پیسہ بھی جمع نہیں کروایا۔ اپنے مسلمان بھائی کو ہم مسلمان کوئی سکھ نہیں دے سکتے تو خدارا دکھ بھی نہ دیں مولا پنجتن پاکؑ ہم سب کو نیک کام کرنے کی توفیق دے آمین نادعلیؑ نقش نیچے درج ہے اگر نیک نیتی سے اس کو استعمال کریں گے تو یہ آپکی پریشانیاں دور کر دے گا۔ جادو کے لیے 7 یا 21 دن اور کینسر کے لیے (21x3=63days) دو، دو ماشہ زعفران، کستوری خالص سے لکھ کر اتنے دن بیمار کو پلائیں انشاءاللہ شفا ملے گی۔ اس کا ہدیہ کسی سفید پوش سید کو دے دیں تمام بھائیوں سے درخواست کرونگا کہ براہ مہربانی مجھے اس معاملے میں تنگ نہ کرنا اجازت نامہ دے رہا ہوں۔ خود لکھ لیں مگر اس کو شعبدہ بازی یا لالچ نہ بنانا شکریہ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

آتشی چال ۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

۱۱	۱۴	۱
۲	۷	۱۲
۱۶	۹	۲۵
۵	۴	۱۵

سید رمضان شاہ بخاری فون: 0302 8781100
الخیر سلک سنٹر زرد پانی والی جنگی صراف بازار ایک سٹی فون پر مشورہ اوقات شام 7 تا 9 بجے رات

تحفہ عظیم حرز دافع بلیات

نہایت اہتمام کے ساتھ موم جامہ کیا گیا ہے۔ اس تعویز مبارک میں جوشن کبیر کے علاوہ سورۂ یٰسین، آیت الکرسی، چہار قل، سورۂ مزمل، پانچ نقش، مہر نبوت اور نادعلیؑ شامل ہیں۔

ہدیہ 75/- علاوہ ڈاک خرچ

جادو شکن C.D وکیسٹ
تلاوت، قاری منیر حسین محمدی

ہدیہ -/15 بازو بند -/20
علاوہ ڈاک خرچ
ملنے کا پتہ

افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ اسلام پورہ لاہور

نقش نادعلیؑ و نقش سیفی
کے فوائد و اعمال

غلام کبریا۔عامل روحانی دارالعملیات محمدیہ کالونی شیر شاہ سوری روڈ کندیاں۔
ضلع میانوالی پنجاب :Mob: 0092-300-5537074

قارئین محترم۔اس بار نقش نادعلیؑ و نقش سیفی معہ اسمائے پنجتنؑ پاک کا ایک مجرب نقش اور نادعلیؑ کے متعلق انتہائی آسان مجرب وظائف تحریر کر رہا ہوں۔اللہ عزوجل مولائے کائنات کے صدقے آپ حضرات کی تمام روحانی و دنیاوی مشکلات آسان فرمائے۔

عزیزان گرامی! آپ جس مسلک کی کتاب اعمال روحانی و نقوش و تعویزات کے موضوع پر اٹھائیں گے آپ کو نادعلیؑ اور اسکی افادیت کے بارے ایک وسیع مواد ملے گا۔کیونکہ مولائے کائنات کی ندا انکے حوالے سے اللہ عزوجل کی بارگاہ میں کی گئی التجا کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نادِ علیؑ صفیر

تَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي

بِعَظَمَتِكَ يَا اللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

مختصر و مجرب فوائد و اعمال

☆کیسا بھی رنج کیوں نہ ہو۔روزانہ رات کو جب گھر کے افراد سو جائیں تازہ وضو کر کے گلے میں کالی پگڑی ڈال کر 1000 بار نادعلیؑ کا ورد کریں۔دوران وظیفہ تصور رکھیں کہ مولائے کائنات کے روضہ پر حاضر ہوں۔اور آپ نہ صرف میری فریاد سن رہے بلکہ اسے رفع بھی فرما رہے ہیں۔یہ عمل 11 یوم کا ہے وقت اور جگہ کا خاص خیال رکھیں عمل کے دوران اگربتی سلگائیں انشاءاللہ مقصد ضرور پورا ہوگا۔

☆اگر میاں بیوی میں ناچاقی رہتی ہو کوئی لمحہ سکون کا نہ گزر رہا ہوں۔تو بعد نماز فجر شمال کی طرف منہ کر کے 47 بار نادعلیؑ اور 129 بار یا لطیف پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرہ پر مل کر خاوند یا بیوی کے سامنے جائیں یہ عمل چند یوم کریں انشاءاللہ والہانہ محبت ہو جائے گی۔

☆اگر کہیں شادی کا ارادہ ہے اور خدشہ ہے کہ پتہ نہیں میرا پیغام قبول ہوتا ہے یا نہیں تو جس آدمی کو بھیجا جا رہا ہے اس کے گلے میں یہ نقش ڈال دیں اور 11 بار نادعلیؑ 156 بار یا علیؑ یا ولیؑ پڑھ کر اسکے بائیں کان میں دم کر دیں انشاءاللہ کامیاب لوٹے گا۔

☆امتحان میں کامیابی یا ملازمت کے حصول کے لیے نادعلیؑ 66 بار روزانہ پڑھ کر دعا کریں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

☆آسیب و جنات وغیرہ کے خلل و سایہ کو دور کرنے کے لیے 15 بار پانی ہر دم کر کے مریض کے چہرے پر چھینٹا ماریں انشاءاللہ خلل و سایہ رفع ہوگا۔

☆اگر کسی شخص کو بلاوجہ کسی جرم میں پھنسا دیا گیا ہو تو روزانہ 313 بار استغفار 92 بار سورہ توبہ کی آخری 2 آیات اور 40 بار نادعلیؑ کا ورد کیا کریں۔انشاءاللہ جلد بری ہوگا۔

☆جس گھر، دوکان یا کسی آدمی پر جنات کا سخت سایہ ہو اور کسی بھی طرح نہ جاتا ہو۔تو ساعت عطارد میں 5 نقش تحریر کریں۔ایک نقش دوکان، گھر وغیرہ یا اس آدمی کے گلے میں ڈالیں جس پر جنات وغیرہ کا سایہ ہے جبکہ دیگر چاروں نقوش کو ایک بڑے چراغ میں رکھ کر کڑوا تیل ڈال کر جلا دیں۔اگر کسی آدمی کے لیے عمل کیا جا رہا ہے تو مریض کو قبلہ رو لٹا دیں چراغ اس کے سامنے رکھیں اور کوئی شخص نادعلیؑ بلا تعداد پڑھ پڑھ کر چراغ پر دم کرتا رہے۔یہ عمل رات کو کریں۔انشاءاللہ ایک ہی شب میں افاقہ ہوگا۔نیز اگر مکان وغیرہ کے لیے عمل کر رہے ہیں تو چراغ کمرے میں جلا کر خود باہر آ جائیں۔

☆دشمنوں اور حاسدین کے شر سے بچنے اور انہیں مطیع کرنے کے لیے روزانہ 70 بار نادعلیؑ کا ورد انتہائی مجرب ہے۔

☆ایسے لوگ جو دین کے لیے خطرناک ہوں یا نفرت و تفرقہ پھیلا رہے ہوں ان کا تصور کر کے 41 بار پڑھ کر انکی طرف پھونک ماردینا بہت مجرب ہے۔اس عمل سے ان کے دلوں میں خوف پیدا ہو جاتا ہے اس طرح وہ لوگ یہ علاقہ چھوڑ دیتے ہیں یا پھر اپنی بُرائیوں سے تائب ہو جاتے ہیں۔

عزیزان گرامی: نادعلیؑ کے فوائد اس قدر زیادہ ہیں جن پر ضخیم کتاب لکھی جا سکتی ہے میں نے صرف وہ چیدہ چیدہ اعمال تحریر کئے ہیں جو خود میرے تجربے میں رہے ہیں۔علاوہ ازیں ان دونوں نقوش کو بھی خود میں نے ترتیب دیا اور پنجتن پاکؑ کے اسمائے مبارکہ اس میں شامل کیے جس سے نقش کی طاقت کئی گناہ بڑھ گئی۔اللہ عزوجل عمل کی توفیق دے۔مضمون کے کسی جز کی سمجھ نہ تو بذریعہ ٹیلی فون معلوم کر سکتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم



فالنامہ انبیاء علیہم السّلام

جب کسی کو کوئی مشکل پیش آوے اور متردّد ہو کہ اس امر میں کیا کرنا چاہیئے تو نظر بخدا کر کے اس طریقہ پر فال دیکھے کہ باوضو ہو کر سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص اور آیۃ الکرسی مع اوّل و آخر دُرود شریف پڑھ کر آنکھیں بند کر کے کلمہ کی اُنگلی اوپر اسمائے شریف انبیاء علیہم السّلام کے رکھ کر دیکھے۔

نقشہ اسماء

حضرت آدمؑ	حضرت شیثؑ	حضرت ادریسؑ	حضرت صالحؑ	حضرت ابراہیمؑ	حضرت اسمٰعیلؑ	حضرت یعقوبؑ	حضرت یوسفؑ	
حضرت شعیبؑ	حضرت ایوبؑ	حضرت خضرؑ	حضرت داؤدؑ	حضرت سلیمانؑ	حضرت عیسیٰؑ	حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم		

فال حضرت آدم علیہ السّلام: اے خداوندِ فال تجھ کو ایسے کام پیش آویں کہ خوش ہو جائے اور سب تیرے مطیع ہوں۔ فتوح غیب سے ہو

فال حضرت شیث علیہ السّلام: اے خداوندِ افال جو کوئی تیرا دشمن ہو اس پر فتحیاب ہو مگر چند روز صبر کر کہ اگر سفر کا ارداہ ہو چند روز کے بعد جانے پر آمادہ ہو۔ ابھی طالع میں نحوست ہے۔

فال حضرت ادریس علیہ السّلام: اے صاحب فال گر تجھ کو کچھ رنج ہو تو شاد ہو۔ اگر نکاح کی خواہش ہے عورت اچھی ملے، فرزند نرینہ پیدا ہو، اگر سفر کا ارادہ ہے تو سفر مبارک ہوگا اور جو کچھ مراد ہوگی خدا برلائے گا۔

فال حضرت صالح علیہ السّلام: اے خداوندِ فال اگر تجھ کو کچھ رنج ہو تو راحت نصیب ہوگی، اگر تیرا کوئی بیمار ہے تو شفا پائے گا۔ اگر تیرا کوئی غائب ہے تو حاضر ہوگا۔

فال حضرت ابراھیم علیہ السّلام: اے خداوندِ فال جو نیت تیری ہو وہ مطلب بر آئے (پورا ہو) اور کچھ خوشی دیکھے۔ صدقہ دیا کر۔

فال حضرت اسمٰعیل علیہ السّلام: اے خداوندِ فال جو مشکل ہے حل ہو اور کلفت دور ہو، حاصل سرور ہو۔ ایک مینڈھا ذبح کر کے گوشت اُس کے محتاجوں کو دے دے۔

فال حضرت یعقوب علیہ السّلام: اے خداوندِ فال تیرے اوپر کچھ رنج اور محنت پہنچی ہے۔ لیکن چند روز صبر کر، اپنے اوپر جبر کر بعد چند روز کے خوشی ہوگی۔ اگر تیرا کوئی عزیز غائب ہے حاضر ہوگا اور تجھ سے ملے گا۔

فال حضرت یوسف علیہ السّلام: اے خداوندِ فال کچھ تجھے رنج پہنچے گا اور بعد چند روز خوشی ہوگی۔ دشمنان مقہور ہونگے اور دوستاں مسرور۔

فال حضرت شعیب علیہ السّلام: اے خداوندِ فال اگر خواہش نکاح ہے تو زن جمیلہ اور فرزند نیک پیدا ہو اور جس چیز کو تیرا دل چاہے وہ مل جائے اور جو کام کرے اس کا انجام اچھا ہو۔

فال حضرت ایوب علیہ السّلام: اے خداوندِ فال بعد تھوڑے دنوں کے تجھے رنج پہنچے گا۔ اگر صبر کرے گا تو غم جلد دور ہو جائے گا اگر غائب ہے۔ حاضر ہوگا

فال حضرت خضر علیہ السّلام: اے خداوندِ فال خدائے تعالیٰ تجھ کو مال اور دولت عطا فرمائے اور تیری کھیتی اور باغ میں پیداوار اچھی ہو روزانہ محتاجوں کو دیا کر۔

فال حضرت داؤد علیہ السّلام: اے خداوندِ فال تجھ کو غیب سے روزی ملے۔ حلال کے مال سے مالا مال ہو اور جب کبھی کوئی کام سخت پیش آوے تو حل ہو جائے۔ کچھ غم نہ کر خدا کو یاد کر۔

فال حضرت سلیمان علیہ السّلام: اے خداوندِ فال یہ فال تیری مبارک ہے۔ سب کام تیرے پورے ہوں اور دشمن پامال ہو جائیں

فال حضرت عیسیٰ علیہ السّلام: اے خداوندِ فال تجھ کو بشارت ہے کہ مراد تیری بر آوے۔ دین اور دنیا کی نعمت ملے۔ مگر تجھ کو کچھ رنج نہ پہنچے گا۔ صدقہ دیا کر رنج دور ہوگا۔

فال حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اے خداوندِ فال یہ فال بہت ہی نیک ہے۔ محبوب خلائق ہوگا۔ خوشی سے گزرے لوگ تیری عیب پوشی کریں۔ تیرے ساتھ نیکی سے پیش آئیں اور سب کے ساتھ تو نیکی کر تیرا انجام اچھا ہوگا۔ دین اور دنیا میں نیک نام ہوگا۔

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

بشکریہ: کرشمہ قدرت مؤلفہ: ہمایوں مرزا لکھنوی

جنوری	گومیدک، یاقوت، لعل، عقیق سُرخ	اپریل	ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق	جولائی	یاقوت، عقیق یمنی گہرا سُرخ	اکتوبر	اوپل، دُرِّ نجف، زبرجد
فروری	نیلم، لاجورد، حجر القمر	مئی	زمرد، عقیق یمنی	اگست	مرجان، یاقوت، عقیق یمنی	نومبر	پکھراج، زبرجد
مارچ	فیروزہ، دُرِّ نجف، زبرجد	جون	موتی، زمرد	ستمبر	نیلم، یاقوت، عقیق زرد	دسمبر	لاجورد، یاقوت، فیروزہ

ہر قسم کے نگینوں کا مرکز: **جوہری** مسجد صاحب الزمان حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور۔ 0300-4519796

7

ردِ دشمنان و تسخیر خاص و عام

ازتحریر غلام رضا عسکری اعوان کراچی۔نواب شاہ۔
گھر نمبر 2146/129 کیمپ نمبر 2 نوابشاہ سندھ۔ گھر نمبر L-1057 سیکٹر B1-5 نارتھ کراچی
فون نمبر۔ 0333-7014915 email.razaaskri@gmail.com 0300-3210024

اسلام وعلیکم وتحفہ یا علی مدد۔زمانہ پرآشوب ہے اور حسد دشمنی عروج پر ہے۔مولا کا قول ہے دشمن دو طرح کے ہوتے ہیں ایک ظاہری دوسرے خفیہ۔خفیہ دشمن سے بچو کیونکہ یہ آستین کا سانپ ہوتے ہیں لہذا انہیں پہچاننا ضروری ہے ۔خفیہ دشمن کا خطرناک وار عملیات سفلیات یا جادو ہوتا ہے۔ ایسے لوگ ظالم کے زمرے میں آتے ہیں جو اپنی جبلی خواہشات اور حسد کی وجہ سے دیگر افراد کو اپنے مذموم مقاصد کا نشانہ بناتے ہین اور علم عملیات سے عوام الناس کی زندگی اجیرن کر دیتے ہیں۔ایسے افراد لعنت کے مستحق ہیں۔

علم نجوم میں زائچہ بنائیں۔اور اپنے قمری برج کو یاد رکھیں۔اگر ستارہ زحل قمری طالع میں موجود ہے اور یہاں مریخ یا کوئی اور نحس ستارہ موجود ہے تو عملیات سے زیادہ زحل کے اثرات کی وجہ سے مشکلات ہوتی ہیں۔فرد زائچہ کی مثال ایسی ہو جاتی ہے جیسے سونے کی دکان پر بیٹھا ہو لیکن مٹی بیچنے والے جتنی آمدنی بھی نہ آرہی ہو۔اگر آپ کا قمری برج میزان قوس یا جدی ہے تو ایسے فرد و خاتون کو اپنے زائچہ میں ساتویں گھر میں زحل کی نشست و برخواست کو مدنظر رکھنا چاہئے۔لوگ اکثر **تسخیر خلق** کے نقوش کی بات کرتے ہیں لیکن بنانے اور بنوانے والا دونو ہی ستاروں کی نحوستوں کو مدنظر نہیں رکھتے۔میں دعوے سے کہتا ہوں کوئی عامل ساڑھ ستی سے متاثرہ یا زحل کی نحوستوں سے متاثرہ شخص کو تسخیر کی لوح بنا کر دے اور اسکی تسخیر خلق ہو جائے تو میں اس فرد کو تاحیات اپنا استاد مانوں گا۔ **تسخیر خلق** کے لئے لازم ہے کہ آپ ستارون کی نحوستوں سے خود کو پاک کریں ورنہ تسخیر خلق کا تیر بہ ہدف عمل بھی آپکے حلقہ احباب میں وسعت نہ لا سکے گا۔یاد رکھیں خصوصاً زحل،اور مریخ، کی نحوست تسخیر خلائق کے کاموں میں آڑے آتی ہے۔عطارد و مشتری کی نحوستیں تسخیر خلائق میں کم رکاوٹیں لاتی ہیں لیکن انسان کو ذاتی طور پر فقیر اور مشکوک کر دیتی ہیں۔،راس،کیتو کی طالع میں موجودگی آسیبی اثرات اور نظر بد کا شکار ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔زہرہ اور شمس کی نحوستیں عزت وقار کے فقدان کے ساتھ حلقہ خواتین میں مرد کو خاک میں ملا دیتی ہیں۔ان نحوستوں کی موجودگی میں **تسخیر خلق** کی عمومی یا خصوصی لوح یا عمل بیکار ثابت ہوتا ہے اور کوئی فائدہ نہیں دیتا۔عامل بندش سفلیات جادو کا ٹھپہ لگا کر آپکی فائل بند کر دیتا ہے اور آپکے روپے اور اعتماد دونوں کو خاک میں ملا دیتا ہے۔

علم یا عملیات ہوئے ہیں انکا پہلے جان لینا ضروری ہے۔سادہ سی علامات بتاتا ہو ۔تکالیف رات کے وقت ہونا۔تکالیف محسوس تو ہوتی ہیں لیکن میڈیکل ان تکالیف کو رپورٹس میں شناخت نا کر پائے۔جسم پر زخم کھرونچ یا نیل جیسے نشانات ہونا ۔بیٹھے بیٹھے بدبو کا جھونکا گزرنے کا احساس ہو۔گھر میں دکان میں وحشت یا اداسی کا ہونا۔جسم کے کسی خاص حصہ کا پکڑ میں آنا۔کام کاروبار کا یکدم بیٹھ جانا۔امامیہ جنتری کے گذشتہ سالوں کو پڑھیں ستاروں کی جداگانہ بیماریاں جو عملیات سے پیدا ہوتی ہیں انکا ذکر تفصیل سے موجود ہے۔اگر یہ یقین ہو جائے عملیات سفلیات یا کالا علم ہے تو کسی بھی اچھے منجم یا عامل سے علاج کروائیں اول اپنا صدقہ دیں۔کالے علم یا سفلی علم کے خلاف بہترین صدقات مریخ کے ہیں دوئم زحل کے بڑا گوشت گائے کا بروز منگل صدقہ کریں۔کالے ماش یا کالا نمک بروز ہفتہ صدقہ کریں۔درج ذیل نقش کو دیئے گئے اوقات میں بنائیں۔

نقش بنانے کا طریقہ کچھ اس طرح سے ہے۔نقش کے کل اعداد کا مجموعہ 109441 ہے(یہ مجموعہ آئمہ علیہم السلام کی مسنون دعاؤں کا ہے لہذا اگر کوئی فرد واحد اختلاف کرے تو اسکی علمی تشفی کے لئے میں ذاتی طور پر حاضر ہوں)۔ان اعداد میں سے 360 اعداد تفریق کریں اور باقی اعداد کو نو پر تقسیم کریں۔حاصل اعداد کو خانہ اول میں رکھکر چال کے مطابق پر کریں۔اگر کسر 1 بچے تو خانہ نمبر 73 میں ۔2 ہو تو 64۔3 ہو تو 55۔4 ہو تو 46۔5 ہو تو 37۔6 ہو تو 28۔7 ہو تو 19۔8 ہو تو 10 میں ایک عدد کا اضافہ کریں۔ذاتی طور پر تحفظ کے لئے یا مریض کے استعمال کے لئے بنائیں تو نام کے اعداد مع والدہ جمع کر لیں اور تقسیم کے بعد نقش کو چال کے مطابق کسر کا خیال رکھتے ہوئے بھریں۔

تسخیر خلق کے لئے نقش مذکورہ میں سورۃ توبہ کی آخری آیت کے اعداد 2898 ملا کر نقش ترتیب دیں اور Apr 30 2014 کو بنائیں تین عدد نقوش بنائیں ایک کام کاروبار کی جگہ لگائیں۔ایک پاس رکھیں اور تیسرے نقش پر آیت مذکورہ کو تعداد کے مطابق ورد کر کے ہلکی آنچ دیں۔شرف زہرہ یا اوج زہرہ میں بنا سکتے ہیں **تسخیر مرد و زن** کے لئے Jul 4 2014 کو اوج زہرہ کے قریب مریخ کی تثلیث میں نقش بنائیں۔اور مرد و زن کے نام مع والدہ شامل کریں۔

مسائل سر اٹھا سکتے ہیں ۔ دوستوں سے تعلقات محتاط روی سے نبھائیں۔ امسال 12 جنوری تا 8 اپریل آپ کو اپنے سماجی تعلقات، صحت اور ملازمت وغیرہ پر خاص توجہ دینا ہوگی کیونکہ تیسرے چھٹے کا حاکم عطارد رجعت کی وجہ سے دو مرتبہ ہوطی گھر سے گزرے گا ان ایام میں بحث وتکرار تحریری یا زبانی معاہدوں سے گریز کریں، ملازم پیشہ افراد کو بھی تحریری معاملات میں خاص توجہ دینا ہوگی۔ آپ کی ملازمت جانے کا خدشہ ہے۔ 8 اپریل کو طالع میں شرف شمس آپ کی عزت، توقیر میں اضافہ کا باعث ہو گا بے اولاد حضرات کو اولاد کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ انعامی سکیموں کے شائق افراد کیلئے یہ سال کا سب سے بہترین وقت ہے۔ 29 اپریل کو شرف زہرہ زائچہ کے بارھویں گھر ہوگا یہ گھر آپ کے خفیہ دشمنوں سے منسوب ہے اس لئے محتاط رہیں آپ کے خلاف خفیہ کاروائی ہو سکتی ہے۔ قرض کے خواہشمند افراد کو کامیابی مل سکتی ہے۔ نکاح وشادی کے خواہشمند افراد کی بھی دلی مراد پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ مگر ایسی تقریب سے قبل مریخ سے منسوبہ صدقات وغیرہ ضرور ادا کریں کیونکہ ساتویں مریخ کی وبالی کیفیت آپ کی مسرتوں پر اثر انداز ہوسکتی ہے۔ 3 تا 29 مئی آپ کے غلط یا جلد بازی میں کئے گئے فیصلوں کی وجہ سے مالی نقصان ہوسکتا ہے۔ ان ایام میں نکاح ورخصتی سے قطعی گریز کریں پہلے سے شادی شدہ جمل افراد کو بھی اپنے ازدواجی تعلقات بچانے کیلئے کوشش کرنا پڑ سکتی ہے محتاط رہیں ورنہ مابین علیحدگی ناگزیر ہوگی۔ 11 جولائی کو اوج شمس وزہرہ آپ کیلئے کسی امداد غیبی سے کم نہ ہونگے آپ کے مالی وشراکتی ازدواجی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ جن احباب کی شادیاں ابھی تک نہ ہوسکی تھیں انشاءاللہ انجام پذیر ہوجائیں گی اسی طرح بے اولاد حضرات کو بھی راحت میسر آئے گی (انشاءاللہ)۔ آپ کیلئے کسی بڑے یا بہتر گھر میں تبدیلی ممکن ہوگی بے گھر افراد کو اپنا گھر مل سکتا ہے۔ چوتھے مشتری وشمس کی سعادتیں آپ کی خوشیوں کو دوبالا کردیں گی اسی دورانیے میں عزیز واقارب بالخصوص بہن بھائیوں کا بھرپور تعاون حاصل ہوگا 16 جولائی کو مشتری پانچویں چلے جانے سے آپ کی اضافی آمدنی کے ذرائع متاثر ہوسکتے ہیں۔ یہ پوزیشن آخر سال تک برقرار رہے گی۔ اور چونکہ مشتری کی پوزیشن یہاں بہتر نہ ہوگی اس لئے آپ کو بچوں کے حوالہ سے اور بیرون ملک سفر کے حوالہ سے مشکلات درپیش آسکتی ہیں۔ 23 اگست کو چھٹے عطارد کا شرف آپ کیلئے بہتر ثابت ہوگا مگر آپ کو محتاط بھی رہنا پڑے گا آپ کا کوئی قریبی عزیز کھلم کھلا دشمنی پر آمادہ ہے محتاط رہیں دوسری جانب آپکی صحت پر بھی سعد اثرات مرتب ہوں گے۔ ملازم پیشہ افراد کو ہرگز ہرگز نوکری نہ چھوڑنے کی ہدایت ہے آپ کا معاشی نظام بری طرح متاثر ہوسکتا ہے۔ آپ کو نظام ہاضم، پھیپھڑوں اور معدے کے امراض سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے قطعی طور پر محتاط رہیں۔ زہرہ چونکہ آپ کے بیت الزوج کا بھی حاکم ہے اس لئے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بھی محتاط روی سے نبھائیں۔ 11 اکتوبر کو ساتویں شمس کا ہبوط آپکے پہلے سے تباہ حال ازدواجی شراکتی معاملات میں آخری کیل ثابت ہوسکتا ہے۔ اپنے بچوں پر خاص توجہ دیں اور انہیں ان معاملات سے دور رکھیں وگرنہ آپ کا بنتا کام بھی انکی وجہ سے خراب ہوسکتا ہے۔ 24 اکتوبر تا 16 نومبر آپ کو معالی معاملات میں خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ آپ کو شراکتی ازدواجی حوالہ سے بھی مالی نقصان کو سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وراثتی مقدمات بھی کسی خاتون کی وجہ سے آپ کے لئے ذہنی وقلبی دباؤ کا باعث ہوں گے۔ 11 نومبر کو آٹھویں عطارد کا اوج عزیز واقرباء کے تعاون سے گذشتہ معاملات میں بہتری متوقع ہے۔ وہ افراد جن کی نوکریاں گذشتہ ایام میں چلی گئی تھیں انہیں دوبارہ مواقع میسر آئیں گے۔ 28 نومبر تا 17 دسمبر سسرالی عزیز واقارب سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ بیرون ملک سفر دستاویزات کی وجہ سے ملتوی ہوسکتا ہے۔ یکم دسمبر کو شرف مریخ آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا کاروباری معاملات کو ازسرنو سنبھالنے اور ترتیب دینے کا بہترین موقع ہے۔ امسال ہونے والے دوشمسی ودوقمری گرہن آپکے مالی شراکتی ازدواجی اور وراثتی معاملات کو متاثر کرسکتے ہیں نماز اور صدقات ضرور ادا کریں۔

ورد خاص: روزانہ بعد از فجر ۳۴ مرتبہ سورۃ آل عمران آیت ۱۸۳ ورد کریں۔

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا کسی قبرستان وغیرہ میں پھینک دیں مگر راہ گزر نہ ہو۔

برج: ثور TAURUS **سیارہ: زہرہ**

رنگ: گہرا نیلا
عنصر: خاکی
جواہر: الماس، نیلم، فیروزہ
بہترین شریک حیات: سنبلہ، جدی
ناموافق ساتھی: اسد، عقرب، دلو
بیماریاں: حلق اور کانوں کے عوارض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

دن: جمعہ عدد: ۶ 21 Apr to 21 May حروف: ب، و

اہم نکات: آپکے لئے 2014 گزشتہ سال کی نسبت بہتر ہوگا (انشاءاللہ) مشتری گزشتہ وسط سال سے آپکو اپنی سعادتوں سے نوازتے ہوئے آپ کی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہے امسال سب سے زیادہ توجہ آپ کو صحت اور ازدواجی تعلقات پر دینا ہوگی ساتویں زحل اور راہو کی موجودگی حد درجہ احتیاط کی طالب ہوگی دوسرا بڑا مسئلہ آپ کے کاروبار کیریئر کا ہے چونکہ کیریئر کا حاکم ستارہ بھی زحل ہے دوسری جانب آخر جولائی تک مریخ کے اثرات کی وجہ سے آپ کی جاب بھی شدید خطرات سے دوچار رہے گی۔

صحت: مریخ ابتدائے سال سے ہی آپکے بیت الصحت میں موجود ہے اور آخر جولائی تک مریخ کا یہاں قیام آپکی صحت پر مضر اثرات مرتب کرتا رہے گا آپکو ریڑھ کی ہڈی جوڑوں کے درد سر درد نزلہ زکام گردے کی تکلیف اور کمر درد جیسی تکالیف کا سامنا ہوگا اس حوالہ سے خاص احتیاط کریں دوسری جانب آپکا اپنا ستارہ زہرہ 16 اپریل تا 4 مئی شرقی گھر رہتے ہوئے صحت کے مسائل میں قدرے کمی کا باعث ہوگا آپکو بہتر اسباب میسر آئیں گے مگر چار تا 30 مئی زہرہ کا وبال آپ کی مشکلات میں اضافہ کا باعث بن سکتا ہے ان ایام میں کسی بھی قسم کے لڑائی جھگڑے سے گریز کریں وگرنہ آپ کی صحت کو شدید خطرات لاحق ہوسکتے ہیں اسی طرح 6 ستمبر تا 17 نومبر بھی احتیاط کی ضرورت ہوگی گو کہ اب مریخ بیت الصحت سے جاچکا ہے مگر زہرہ کی منفی پوزیشن آپکی صحت کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتی ہے

سماجی تعلقات: شخصی اعتبار سے ثور افراد ملنے جلنے والے اور محافل کے شوقین ہوتے ہیں اس لیے آپ لوگوں کا حلقہ احباب بھی وسیع ہوتا ہے مگر گردش سیارگان تو سب کو متاثر کرتی ہے امسال بھی 12 جنوری تا 8 اپریل آپکو دوستوں کے ساتھ تحمل و بردباری کا مظاہرہ کرنا ہوگا آپکے مابین افواہوں اور تند و تیز گفتگو کا تبادلہ ہوسکتا ہے 4 تا 30 مئی آپ کا حاکم ستارہ وبال زدہ ہونے سے عزت و توقیر میں کمی واقع ہوسکتی ہے اسی طرح 6 تا 30 ستمبر 24 اکتوبر تا 11 نومبر کا عرصہ بھی سماجی حوالہ سے بہتر نہ ہوگا البتہ 30 مئی تا 13 گست 30 ستمبر تا 24 اکتوبر آپ کے سماجی وقار میں اضافہ کا وقت ہوگا لوگ آپ میں ایک مقناطیسی کشش محسوس کریں گے آپ محافل کی رونق بڑھا رہے ہیں۔

اولاد انعامی بانڈلاٹری: امسال آپ کو بچوں کے حوالہ سے ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا یکم فروری تا 8 اپریل بیت الاولاد کا حاکم منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کو گونہ گو بچوں سے وابستہ مسائل سے دوچار رکھے گا آپکے بڑے بچوں کے شراکتی ازدواجی اور صحت جاب کے مسائل آپکی توجہ کے طالب ہونگے اسی طرح 3 تا 30 دسمبر بھی آپکو مشکل صورت حال کا سامنا ہوگا اولاد کے خواہشمند افراد کے لئے 18 جون تا 14 جولائی اور 16 اگست تا 3 ستمبر کا عرصہ انشاء اللہ مرادوں کے حصول کا وقت ہوگا یہی دورانیہ انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے لئے سال کا سب سے بہترین وقت ہوگا آپ کے لئے کسی بڑے انعام کا حصول ممکن ہوگا۔

تعلیمی کیریئر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے ثور بچوں کے والدین اگر ہر قمر در عقرب میں قمر سے منسوبہ صدقہ دیں تو اپنے بچوں کے کیریئر کو بہتر بنا سکتے ہیں اس کے علاوہ امسال ہونے والے دو قمری گرہن 15 اپریل ور 8 اکتوبر بھی آپ کے بچوں کی تعلیم کو متاثر کرسکتے ہیں اعلی تعلیم حاصل کرنے والے ثور افراد کو گزشتہ سال کی طرح امسال بھی مشکل صورت حال کا سامنا رہے گا بالخصوص یکم جنوری تا 19 جنوری اور تین مارچ تا 21 جولائی کا عرصہ آپکے لئے خاصہ مشکل ہوگا اس حوالہ سے زحل کا روحانی تدارک ضروری ہوگا۔

منگنی شادی: منگنی کے خواہشمند ثور افراد کے لئے امسال وقت کا انتخاب نہایت ضروری ہوگا یکم فروری تا 8 اپریل ایسی تقریبات سے گریز کریں وگرنہ سوائے نقصان کے کچھ ہاتھ نہ آئے گا بات اختلاف کا شکار ہوجائے گی 8 تا 30 مئی اس حوالہ سے بہترین وقت ہوگا جن ثور افراد کی تا حال کوئی بات نہیں بن سکی اب بن جائے گی (انشاء اللہ) دوسرا اور سب سے بہترین وقت 16 اگست تا 3 ستمبر مگر محتاط رہیں کہ آپ کے دشمن آپکی بنی بنائی بات کو خراب کرسکتے ہیں 6 تا 30 ستمبر ایسی کسی بھی تقریب سے گریز کریں اسی طرح 11 اکتوبر تا 9 نومبر کا وقت بھی درست نہ ہوگا شادی کے خواہشمند افراد کو امسال بھی ایسی تقریبات سے گریز کرنا ضروری ہوگا بیت الزوج میں موجود زحل اور راہو اول تو نکاح رخصتی میں رکاوٹ ہونگے دوئم ان کی موجودگی ایک بہتر اور مضبوط معاہدہ نکاح و رخصتی کے لئے قطعی موافق ہوگی۔

سفر: امسال آپ حسب خواہش کئی ایک نزدیکی سفر اختیار کریں گے البتہ قمری گرہن اور قمر در عقرب کے ایام میں سفر سے قطعی گریز کریں بیرون ملک سفر کرنے کے خواہشمند افراد کو امسال مایوسی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ سفر کے لئے آپکو زحل سے منسوبہ صدقات و تدراک کی جانب متوجہ ہونا ضروری ہوگا تاکہ وقت اور روپے دونوں کے ضیاع سے بچا جاسکے۔

شراکتی ازدواجی معاملات: آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات گزشتہ سال بھی آپکے مسائل میں اضافہ کا باعث رہے ہیں بالخصوص جولائی اگست کا مہینہ کسی امتحان سے کم نہ تھا امسال بھی صورت حال کچھ زیادہ مختلف نہ ہوگی ساتویں زحل اور راہو کی موجودگی آپکے رشتے میں گہری دراڑ ڈال رہی ہیں آپکے مابین انا اور ضد کی وجہ سے فاصلہ بڑھ رہا ہے آپکو حد درجہ اور بردباری سے یہ سال گزارنا ہوگا وگرنہ مابین علیحدگی ہوسکتی ہے امسال کسی بھی قسم کے نئے شراکتی ازدواجی معاہدوں سے گریز کریں بلکہ سابقہ بچانے کی بھرپور کوشش کریں۔

معشیت کیریئر روزگار: جیسا کہ اہم نکات میں آپکو بتایا جا چکا ہے امسال زحل کی پوزیشن کی وجہ سے آپکو اپنے کیریئر کے حوالے سے خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا آپ کے غلط فیصلوں کی وجہ سے نقصان ہوسکتا ہے کسی بھی مختصر مدت کے منصوبے پر عمل درآمد سے گریز کریں اب آپکو صرف سست رفتار اور طویل مدت کے منصوبوں میں کامیابی مل سکتی ہے مگر ممکن ہو تو نئے منصوبوں سے گریز کریں ملازم پیشہ افراد کو اپنے سینیئر کی جانب سے معاندانہ رویوں کا سامنا ہوگا کم سرمایہ دار افراد کو معاشی صورت حال بحال رکھنے کے لئے خاص منصوبہ بندی کی ضرورت ہوگی کاروبار کی تبدیلی کے لئے یہ سال قطعی موزوں نہ ہوگا

خصوصی احکامات: یہ سال مجموعی طور پر آپ کے لئے ایک ملا جلا سال ہوگا آپکو اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا ابتدا میں شرف یافتہ مشتری رجعت میں ہونے سے آپکی خواہشات کی تکمیل میں قدرے دیر کا باعث ہوگا دوستوں سے وابستہ توقعات پوری تو ہونگیں مگر دیر آپکے مابین تناؤ کی کیفیت پیدا کرسکتی ہے اسی طرح آپکو ازدواجی معاملات میں اضافی اخراجات کا سامنا رہے گا دوسری طرف زحل جو آپکے بیرون ملک سفر سسرالی عزیزوں اعلی تعلیم اور مذہبی امور کے ساتھ آپ کے کیریئر روزگار کا بھی حاکم ہے گزشتہ سال سے طالع کے مقابل بیت الزوج میں منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے اپنے منسوبات کے ساتھ ساتھ شراکتی ازدواجی تعلقات میں بھی بگاڑ کا باعث ہے میرے علم میں ایسے کئی جوڑے ہیں جن کے مابین اسی وجہ علیحدگی ہوچکی ہے آپکو بالخصوص ابتدائے سال تا 27 جولائی محتاط رہنا ہوگا جبکہ ساتویں کا حاکم مریخ وبال میں ہوگا اور اسی دورانیے میں زحل کی رجعت بھی ہے تو احتیاط ہر علاج سے بہتر ہوگا آیئے اب باقی سیارگان کے شرف و ہبوط کا جائزہ لیتے ہیں ابتدائے سال میں ناویں شمس کا حضیض آپکی اعلی تعلیم بیرون ملک سفر اور بچوں کی صحت و جاب وغیرہ کو متاثر کرسکتا ہے 20 جنوری تا 19 فروری شمس کا وبال عین آپکے کیریئر کے گھر ہونے سے روزگار پر منفی اثرات مرتب ہونگے ملازم پیشہ افراد کی ترقی رک سکتی ہے یا اپنے افسر سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں قرض لینے و دینے سے گریز کریں اور کسی بھی زبانی یا تحریری معاہدے سے بھی گریز کریں بچوں

کے شراکتی اور ازدواجی مسائل بھی آپ کی توجہ کے طالب ہونگیں 8 اپریل کو چوتھے شمس پراپرٹی وغیرہ کے حصول میں مددگار ہوگا جگہ کی تبدیلی کے خواہشمند افراد کو بہتر رہائش میسر آئے گی خاندان کے افراد اور والدہ کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی بیرون ملک مقیم افراد کو بہتر جاب اور مستقل سکونت مل سکتی ہے 29 اپریل کو گیارہویں شرف زہرہ آپ کی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگا ملازم پیشہ افراد کو بہتر ملازمت یا ترقی مل سکتی ہے اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھایئے مگر اس کے کچھ ہی بعد 3 تا 29 مئی بارہویں زہرہ کی وبالی کیفیت بیرون ملک مقیم افراد کے لئے قیام کو مشکل بنا دے گی ان ایام میں جاب کی تبدیلی یا چھوڑنے سے گریز کریں یہ وبال آپ کے خفیہ + دشمنوں کو بال زدہ کر دے گا جولائی کو خانہ مال میں زہرہ ان مسائل کا خاتمہ کر دے گا آپ کی مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے آپ محافل میں بھرپور شرکت کر رہے ہیں 11 جولائی کو ہی زوج شمس بچوں کے حوالہ سے خوشخبری لے کر آئے گا بے اولاد خواتین حضرات کے لئے اولاد کا حصول ممکن ہوگا (انشاء اللہ) بہن بھائیوں اور قریبی عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی معاشی صورت حال کی ترقی کے لئے ایک سے زائد ذرائع آمدن کی طرف متوجہ ہو رہے ہیں 16 جولائی کو مشتری کے چوتھے آجانے سے زوجہ یا شوہر کی وجہ سے اضافی اخراجات کا سامنا رہے گا گھر کا ماحول بتدریج متاثر ہو رہا ہے اب خواہشات کو کنٹرول کرنا ہوگا 23 اگست پانچویں عطارد کا شرف بچوں کے حوالے سے ایک بار پھر خوشی لے کر آ رہا ہے انعامی سکیموں کے خواہشمند افراد طبع آزمائی کر سکتے ہیں آپکی مالی پوزیشن میں بہتری آ رہی ہے آپ بچوں سے گھل مل رہے ہیں من پسند جگہ منگنی وغیرہ کے خواہشمند افراد کے لئے یہ وقت امداد غیبی سے کم نہ ہوگا 29 دسمبر کو یہیں زہرہ کا ہبوط آپکی نسبت منگنی کے لئے خطرات بڑھا دے گا خواتین کی مداخلت انتہائی نقصان دہ ہوگی ان ایام میں سماجی تقریبات سے گریز کریں 11 اکتوبر کو چھٹے گھر شمس کا ہبوط آپکی صحت اور خانگی ماحول دونوں کو متاثر کر سکتا ہے آپکو غیر متوقع طور پر جاب یا رہائش تبدیل کرنا پڑ سکتی ہے اور یہ وقت جاب وغیرہ کی تبدیلی کے لئے بہتر نہ ہوگا 24 اکتوبر تا 6 نومبر ساتویں زہرہ کی وبال زدہ کیفیت آپکے شراکتی و ازدواجی تعلقات کو متاثر کر دے گی آپکے پارٹنر کی نظروں میں آپ کی عزت کم ہو رہی ہے خدانخواستہ کسی قسم کا الزام لگ سکتا ہے آپکی ملازمت ایک بار پھر داؤ پر ہوگی 11 نومبر کو ساتویں عطارد کا اوج آپکے مابین معاملات کو سلجھا سکتا ہے اب حقیقت سب پر آشکار ہو جائے گی آپکے معاملات میں کسی مدبر شخص کی مداخلت مثبت نتائج حاصل کرے گی 28 نومبر تا 17 دسمبر آٹھویں عطارد کی وبالیکیفیت آپکو مالی بحران سے دوچار کر سکتی ہے وراثتی معاملات کا فیصلہ آپ کے خلاف ہو سکتا ہے آپکے بچے آپکے ذہنی دباؤ کی وجہ سے متاثر ہو سکتے ہیں خود کو پرسکون رکھنے کی کوشش کریں جلد بازی میں تقریری تحریری معاہدے اور چیک وغیرہ دینے سے گریز کریں۔ یکم دسمبر کو شرف مریخ آپکے خلاف خفیہ سازشوں کا بازار گرم رکھے گا مگر دوسری طرف عرصہ دراز سے جاری ازدواجی شراکتی تعلقات بڑی تیزی سے بہتری کی جانب گامزن ہونگے یہ ایسا وقت ہے جب کہ 24 دسمبر کو زحل آپکا بیت الذوج چھوڑ جائے گا انشاء اللہ حالات میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی امسال ہونے والے چار گرہن جو کہ بالترتیب قمری 15 اپریل اور شمسی 29 اپریل پھر قمری 8 اکتوبر اور شمسی 24 اکتوبر کو ہونگے قمری گرہن آپکی صحت جاب اور سماجی تعلقات کو اور بیرون ملک مقیم افراد یا امیگریشن کے خواہاں افراد کے معاملات پر منفی اثرات مرتب کریں گے جبکہ شمسی گرہن آپکی شخصیت اور شراکتی ازدواجی تعلقات کو متاثر کر سکتے ہیں ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح سورۃ شوریٰ آیت 19 تلاوت کریں۔

صدقہ: ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں ورنہ قبرستان میں ڈالیں۔

برج: جوزا GEMINI سیارہ: عطارد

رنگ: پیلا زرد

عنصر: بادی

جواہر: زمرد، زبرجد، زرد عقیق

بہترین شریک حیات: میزان، دلو

ناموافق ساتھی: سنبلہ، قوس، حوت

بیماریاں: صفویہ، سینے کے عوارض، کمر اور سانس کی تکالیف، اعصابی تکالیف

دن: بدھ عدد: ۵ 22 May to 21 Jun حروف: ق، ک

اہم نکات: آپ کے شراکتی ازدواجی اور کیریئر سے متعلقہ معاملات کا حاکم ستارہ مشتری گذشتہ سال سے شرقی گھر رہتے ہوئے سعد اثرات مرتب کر رہا ہے اور یہ سلسلہ وسط جولائی تک چلے گا۔ دوسری جانب آپ کے زائچہ کے چھٹے گھر جو کہ صحت، ملازمت، چوری اور قید و بند جیسے اہم معاملات سے منسوب ہے وہاں زحل کی موجودگی بہتر نہ ہوگی۔ امسال 4 گرہن زائچہ کے اہم مقامات پر لگیں گے ان پر توجہ ضروری ہوگی مجموعی طور پر یہ ایک ملا جلا سال ہے۔

صحت: جیسا کہ گذشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے زحل تمام سال آپ کے بیت الصحت میں رہتے ہوئے آپ کی مشکلات میں اضافہ کا باعث بنتا رہے گا مگر اسی دوران بیت الصحت کے حاکم مریخ کی وبالی پوزیشن آپ کی مشکلات میں مزید اضافہ کا باعث ہوگی یہ سلسلہ آخر جولائی تک چلے گا، جولائی تک وہ جوزا خواتین جو کہ امید سے ہیں انہیں خاص احتیاط کرنا ہوگی اگست سے آپ کی صحت میں بہتری کے آثار نمایاں ہونا شروع ہو جائیں گے مگر پہلے دورانیے میں لاپرواہی نہ کریں کیونکہ آپ کی صحت بوجہ سحر متاثر ہونے کے بھی امکانات بوجہ زحل ہونگے۔

سماجی تعلقات: جوزا افراد اپنے سماجی تعلقات کو خاص اہمیت دیتے ہیں کیونکہ یہ گھومنے پھرنے اور سماجی محافل کے شوقین ہوتے ہیں! سال کی پہلی سہ ماہی آپ کو قدرے محتاط روی سے گزارنا ہوگی گفتگو میں احتیاط کریں بالخصوص قریبی عزیز و اقارب اور بہن بھائیوں کیساتھ اپریل مئی جون اور جولائی انشاء اللہ بہترین گذریں گے البتہ کسی بھی قسم کے افیئر سے بچنا ضروری ہوگا وگرنہ خاصی بدنامی ہو سکتی ہے 3 تا 28 ستمبر اور 5 تا 26 اکتوبر کا عرصہ بھی احتیاط کا متقاضی ہوگا کسی بھی قسم کے زبانی معاہدے یا تحریر سے گریز کریں مجموعی طور پر یہ ایک بہتر سال ہے۔

تعلیمی کیرئیر: ابتدائی تعلیمی حاصل کرنے والے بچوں کو یکم جنوری تا 8 اپریل ارتکاز میں کمی کا سامنا رہے گا جبکہ یہ سالانہ امتحانات کا دور ہے اس کے بعد 3 تا 28 ستمبر بھی مشکل وقت ہوگا اس حوالے سے صدقات وتسبیحات فائدہ مند ثابت ہونگی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے جوزا افراد کو گذشتہ سال کی طرح امسال بھی مشکلات کا سامنا ہوگا بالخصوص 3 مارچ تا 21 جولائی جبکہ اعلیٰ تعلیم سے منسوبہ انکا ستارہ زحل منفی پوزیشن کیساتھ ساتھ رجعت میں بھی ہوگا اس صورتحال سے بچاؤ روحانی تدارک کے ذریعہ ممکن ہے۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: ابتدائے سال تا 27 جولائی آپ کے بیت الاولاد میں ستارہ مریخ کی وبالی کیفیت آپ کو بچوں کی وجہ سے پریشانیوں میں مبتلا رکھ سکتی ہے مگر دوسری جانب بیت الاولاد کا حاکم زہرہ 4 مئی تک بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کے مسائل میں کمی کا باعث بھی بنتا رہے گا 4 تا 30 مئی زہرہ کی وبالی گھر موجودگی آپ کے مسائل میں اضافہ کا باعث ہوگی مگر گھبرائیں نہیں بعد از مئی تا وسط اگست حالات پھر موافق ہونگے بے اولاد حضرات کو ان ایام میں خوشی مل سکتی ہے۔ 6 تا 30 ستمبر کا دورانیہ اور 24 اکتوبر تا 17 نومبر کا دورانیہ بچوں کی جانب خصوصی توجہ کا متقاضی ہوگا آپ کو بچوں پر اضافی اخراجات کا سامنا ہوسکتا ہے انعامی بانڈ کے شائق افراد کیلئے یہ سال کچھ خاص بہتر نہ ہوگا محتاط رہیں بہتر نتائج کیلئے خاص وقت کا انتخاب ضروری ہوگا۔

منگنی شادی: امسال آپ کو منگنی وغیر کیلئے سازگار حالات بہت کم ملیں گے جلد بازی سے ہرگز کام نہ لیں بالخصوص وہ افراد جو پسند کی جگہ منگنی وغیرہ کروانا چاہتے ہیں انہیں جلد بازی سے قطعی گریز کرنا ہوگا آخر جولائی تک مریخ کے اثرات آپ کی بنتی بات بھی بگاڑ سکتے ہیں امسال آپ کو 6 اپریل تا 4 مئی۔ 30 مئی تا 19 جولائی بہتر وقت میسر آئے گا مگر مریخی اثرات سے بچاؤ کا تدارک ضرور کرلیں۔ بعد از جولائی 30 ستمبر تا 24 اکتوبر بہتر ہوگا البتہ 4 مئی تا 30 مئی اور ۶ ستمبر تک ایسے کسی بھی اقدام سے قطعی گریز کریں۔ شادی کے خواہشمند افراد کیلئے 17 جولائی تک کا عرصہ بہترین وقت ہے وہ جوزا افراد جن کی شادیاں کسی بھی وجہ سے تا حال نہ ہوسکیں تمہیں انشاء اللہ اب انجام پذیر ہوجائیں گی 6 مارچ سے قبل اگر نکاح یا شادی کا ارادہ کریں تو مشتری سے منسوبہ صدقات ضرور ادا کریں۔

سفر: آپ چونکہ بادی عنصر سے منسوبہ افراد ہیں اس لئے سفر آپ کا پسندیدہ مشغلہ ہے امسال آپ کو کئی ایک نزدیکی سفر ملیں گے البتہ 29 اپریل اور 24 اکتوبر گرہن کے ایام میں قطعی سفر سے گریز کریں اس کے علاوہ جنوری فروری بھی محتاط روش کے متقاضی ہونگے اسی طرح 24 ستمبر تا 24 نومبر بھی کم سے کم سفر کریں تو بہتر ہوگا۔ بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو امسال قطعی طور پر محتاط رہنے کا مشورہ دوں گا آپ ہر ممکن سفر سے گریز کریں اسی طرح ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے خواہشمند افراد کیلئے بھی یہ سال بہتر نہ ہوگا اگر بہ امر مجبوری ایسا کرنا پڑ جائے تو سفر یا ویزہ اپلائی کرنے سے قبل زحل کے اثرات کا تدارک ضرور کریں تاکہ وقت اور پیسہ دونوں برباد ہونے سے بچ سکیں۔

شراکتی ازدواجی معاملات: گذشتہ سال جون سے آپ کے بیت الذوج کا حاکم ستارہ مشتری شرفی گھر رہتے ہوئے بہترین اثرات مرتب کررہا ہے اور یہ سلسلہ 17 جولائی تک جاری رہے گا البتہ ابتدائے سال تا 6 مارچ بوجہ رجعت مشتری آپ کو ہلکی پھلکی مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ اس وقت کو تحمل اور باہمی اعتماد سے گزارنا بہتر ہوگا۔ آپ کو نئے شراکتی کاروباری منصوبوں کی آفر مل سکتی ہے جو کہ آپ کے کیریئر کیلئے انشاء اللہ بہترین ثابت ہوگی بعد از جولائی حالات میں تغیر پیدا ہوگا اب حالات پہلے جیسے نہیں ہیں آپ کو احتیاط کرنا ہوگی آپ کے ازدواجی تعلقات میں عزیز واقارب کی مداخلت خرابی کا باعث ہوگی۔

معشیت کیریئر روزگار: جیسا کہ ابتدائی سطور میں بتایا جاچکا ہے آپ کے کیریئر کا حاکم ستارہ مشتری گذشتہ سال سے شرفی گھر رہتے ہوئے آپ کے کیریئر پر انتہائی سعد اثرات مرتب کررہا ہے آپ کے لیے نئے نئے مواقع پیدا ہورہے ہیں اکثر جوزا افراد گذشتہ سال سے ہی نئے کاروبار کی ابتدا کرچکے ہیں یا اپنے کاروبار کی ازسرنو تزئین وتشکیل میں مصروف ہیں گو کہ یہ تمام صورتحال آپ کے موافق ہے مگر پھر بھی آپ کو کچھ دیگر عوامل پر بھی غور کرنا ہوگا ابتدائے سال سے 6 مارچ تک مشتری کی خانہ مال میں رجعت اخراجات میں تیزی پیدا کردے گی فضول خرچی سے قطعی گریز کریں وگرنہ معاشی ابتری کا شکار ہوسکتے ہیں۔ یکم فروری تا 18 اپریل کیریئر کے گھر عطارد کا ہبوط اور رجعت کیریئر کے حوالے سے غلط فیصلہ کرواسکتے ہیں جلد بازی سے قطعی گریز کریں ہر قدم مشاورت کیساتھ اُٹھائیں ان ایام میں نئے کاروباری معاہدوں سے گریز کرنا بہتر ہوگا خواہ وہ تحریری ہوں یا زبانی ہوں۔ ملازم پیشہ جوزا افراد خاص طور پر محتاط روش اختیار کرنا ہوگی آپ کی ذرا سی غلطی بڑے نقصان کا باعث بن سکتی ہے کیونکہ چھٹے گھر زحل کی موجودگی اور چھٹے کے حاکم مریخ کا وبال دونوں ایسی باتیں ہیں جن پر خاص نظر رکھنا ہوگی اگر ملازمت گئی یا غلطی سے چھوڑ دی تو دوبارہ ملنا مشکل ہوگی۔ وسط جولائی 27 جولائی کو مریخ کے عقرب میں چلے جانے سے ملازمت پر بھاری دباؤ بھی قدرے کم ہوجائے گا۔

خصوصی احکامات: جوزا افراد کیلئے 2014ء ایک ملا جلا مگر زیادہ تر سعد سال ہوگا (انشاء اللہ) اس سال کی سب سے اہم بات ستارہ زحل کی چھٹے منفی پوزیشن اور خانہ مال میں مشتری کی شرفی نشست ہے زحل سے بچاؤ اور مشتری کی سعد پوزیشن سے فوائد پر بھرپور توجہ مرکوز رکھیں آیئے اب دیگر سیارگان کے اثرات پر نظر ڈالتے ہیں یکم تا 20 جنوری شمس برج جدی میں اور 20 جنوری تا 19 فروری برج دلو میں بالترتیب آٹھویں نویں گھر وبالی کیفیت کا حامل رہتے ہوئے شراکتی مالی خسارہ اور وراثتی مقدمات کے علاوہ بیرون ملک سفر اور سسرالی عزیزوں سے تعلقات میں خرابی کا باعث بن سکتا ہے بیرون ملک سفر اور اعلیٰ تعلیمی مدارج میں مشکلات کا سامنا رہے گا خانہ مال میں مشتری کی رجعت اخراجات میں بے قاعدگی کا باعث ہوگی بارہویں چھٹے کا حاکم مریخ صحت جاب اور امیگریشن کے حوالہ سے جولائی تک پریشانیوں میں مبتلا رکھے گا حاملہ خواتین کو خاص احتیاط کرنا ہوگی آپ کے بچے کو نقصان کا اندیشہ ہے 12 جنوری تا 2 فروری عطارد کا ناویں گھر قیام بیرون ملک سفر کے

حوالہ سے غلط یا جعلی دستاویزات کے استعمال پر اُکسا سکتا ہے ایسا ہرگز مت کریں 28 مارچ کو کیریئر کے گھر عطارد کا ہبوط آپ سے کوئی ایسی غلطی کروا سکتا ہے جس سے آپ کا کیریئر داؤ پر لگ جائے گا محتاط رہیں 8 اپریل کو بارہویں شمس کا شرف جہاں عزیز واقارب کیساتھ تعلقات میں بہتری لائے گا اور آپ کے سماجی وقار میں اضافہ ہوگا وہیں آپ کی خواہشات کی تکمیل کا بھی باعث بن رہا ہے جس میں دوستوں کا بھرپور تعاون شامل حال رہے گا آپ دوستوں کیساتھ بھرپور سماجی تقریبات میں حصہ لے رہے ہیں اچانک نزدیکی سفر کا پروگرام بن سکتا ہے 15 اپریل کا قمری گرہن آپ کی منگنی اور اولاد کے حوالہ سے خطرناک ہوسکتا ہے صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں 29 اپریل کو شمسی گرہن اور شرف زہرہ ایک ساتھ ہو رہے ہیں بچوں کے حوالہ سے خوشخبری مل سکتی ہے آپ ایک سے زائد ذرائع آمدن کی جانب متوجہ ہیں منگنی کے خواہشمند افراد کو بھی کامیابی مل سکتی ہے بارہویں شمسی گرہن عزیز واقارب کیساتھ تعلقات کشیدہ اور امیگریشن کے سلسلہ میں ناکامی کا باعث ہوگا آپ کے خفیہ دشمنوں کو ناکامی ہوگی پہلے سے بیرون ملک مقیم افراد کو واپس آنا پڑ سکتا ہے۔ 3 تا 29 گیارہویں زہرہ کی وبالی کیفیت آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ ہوگی دوستوں کیساتھ تعلقات میں کشیدگی پیدا ہو رہی ہے یہ وقت آپ کے بیرون ملک قیام میں ایکبار پھر رکاوٹ ہوگا بچوں کے شراکتی ازدواجی تعلقات توجہ طلب ہونگے۔ 11 جولائی کو طالع میں زہرہ کا اوج آپ کی مقبولیت میں اضافہ کردے گا منگنی وغیرہ کے حوالہ سے یہ سال کا بہترین وقت ہوگا بچوں کے بیرون ملک سفر یا اعلیٰ تعلیم کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ 11 جولائی کو ہی اوج شمس آپ کی مالی پوزیشن کو مستحکم کردے گا عزیز واقارب سے جاری گذشتہ کشیدگی کا خاتمہ ہوجائے گا ۲۳ اگست کو چوتھے عطارد کا شرف خاندان میں عزت وتوقیر لے کر آئے گا آپ کا اقبال بلند ہو رہا ہے۔ پراپرٹی یا بہتر رہائش کا حصول ممکن ہوگا۔

26 ستمبر کو چوتھے زہرہ کا ہبوط جہاں آپ کو خفیہ دشمنوں پر فتح مند کر رہا ہے وہیں بچوں والدہ اور بیرون ملک قیام کے حوالہ سے مسائل سے بھی دوچار کرسکتا ہے 8 اکتوبر کو قمری گرہن گیارہویں گھر خواہشات کی تکمیل اور دوستوں سے تعلقات کشیدہ کردے گا یہ گرہن کسی مالی خسارہ سے بھی دوچار کرسکتا ہے۔ 11 اکتوبر کو پانچویں شمس کا ہبوط عزیز واقارب سے کشیدگی بڑھادے گا اپنی سواری کا خاص خیال رکھیں بچوں کے حوالہ سے بھی تحفظات کا سامنا رہے گا۔ آپ کے کسی قریبی عزیز کیوجہ سے آپ کی منگنی ٹوٹ سکتی ہے۔ محتاط رہیں 24 اکتوبر کو چھٹے گھر شمسی گرہن عزیزوں سے جاری گذشتہ کشیدگی کو مزید بڑھادے گا آپ کی صحت اور ملازمت دونوں خطرے میں ہیں صدقہ ضرور ادا کریں۔ نومبر میں چھٹے زہرہ کا وبال آپ کی اضافی آمدن کی راہیں مسدود کردے گا آپ صحت اور ملازمت دونوں کیوجہ سے پریشان نظر آتے ہیں 11 نومبر کو چھٹے عطارد کا اوج ان دونوں مسائل سے نکلنے کا سبب بن رہا ہے اس حوالہ سے خاندان کا کوئی فرد یا والدہ کی دعائیں خاص کردار ادا کر رہی ہیں 28 نومبر تا 17 دسمبر ساتویں عطارد کا وبال شراکتی ازدواجی تعلقات میں غلط فہمیوں کا بڑھا رہا ہے یکم دسمبر کو شرف مریخ ایکبار پھر آپ کی خواہشات کی تکمیل کا باعث ہوگا دوستوں کا بھرپور تعاون شامل حال ہے کسی بہتر ملازمت کی پیشکش ہوسکتی ہے۔ اُمید سیارگان کی ان کیفیات اور اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ 2014 بہتر پلاننگ کیساتھ گزار سکیں گے۔

صدقہ: ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں ورنہ قبرستان میں ڈالیں۔

ورد خاص: وَاللّٰہُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ روزانہ ایک تسبیح ورد کریں

برج: سرطان **CANCER** **سیارہ:** قمر

رنگ: سفید دودھیا
عنصر: آبی
جواہر: پکھراج، موتی، زمرد، عقیق
بہترین شریک حیات: عقرب، حوت
ناموافق ساتھی: حمل، جدی، میزان

بیماریاں: پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور پیشاب کی تکالیف

دن: پیر **عدد:** ۲ **22 June to 23 July** **حروف:** ح، ہ

اہم نکات: آپ کے طالع میں مشتری کی شرفی نشست آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہے مشتری کی یہ کیفیت آپ کی صحت وملازمت، بیرون ملک سفر روحانیت اور حج وزیارات سے متعلقہ اُمور میں بہتری کا باعث ہے ساتویں آٹھویں کا حاکم ستارہ زحل پانچوں گھر تمام سال منفی اثرات مرتب کرتے ہوئے بچوں اور شراکتی ازدواجی اُمور کے علاوہ آپ کی منگنی شادی اور وراثتی اُمور میں آپ کے لیے مشکلات بڑھانے کا باعث بن سکتا ہے۔ دیگر سیارگان کے شرف وہبوط کے اثرات اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: آپ بیت کے الصحت کا حاکم ستارہ مشتری وسط جولائی تک شرفی گھر رہتے ہوئے آپ کی صحت پر بہترین اثرات مرتب کرے گا البتہ ابتدائے سال تا 6 مارچ مشتری کی رجعت کے باعث معمولی نوعیت کے مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے اسی طرح وسط نومبر تا آخر سال بھی آپ کو صحت سے متعلقہ چند مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے صحت کے حوالہ سے مجموعی طور پر یہ ایک بہتر سال ہے۔

سماجی تعلقات: سماجی تعلقات کے حوالہ سے آپ کو امسال محتاط روش اختیار کرنا ہوگی آپ کے زائچہ کے پانچویں زحل کی موجودگی افیئر زوغیرہ کے حوالہ سے آپ کو بڑی طرح پھنسا سکتی ہے اس کے علاوہ آپ کی پہلے سے طے شدہ منگنیاں بھی ٹوٹنے کا اندیشہ ہے جس سے آپ کے سماجی وقار میں کمی واقع ہوسکتی ہے دوسری جانب بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد یکم فروری تا 8 اپریل ہبوط کے گھر رہتے ہوئے قریبی عزیز واقارب بالخصوص بہن بھائیوں کیساتھ تعلقات میں کشیدگی پیدا کرسکتا ہے گفتگو میں احتیاط کریں اسی طرح 3 ستمبر تا 30 ستمبر اور 29 نومبر تا 18 دسمبر کا عرصہ بھی محتاط انداز میں گزاریں افواہوں پر یقین نہ کریں بغیر تصدیق کسی بھی بات کو ایشو نہ بنائیں

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: جیسا کہ گذشتہ سطور میں بتایا جاچکا ہے کہ ستارہ زحل آپ کے بیت الاولاد میں تمام سال قیام پذیر رہتے ہوئے اولاد کے حوالہ سے پریشانیوں میں اضافہ کا باعث بن سکتا ہے بالخصوص جب کہ 3 مارچ تا 21 جولائی یہ رجعت میں بھی ہوگا یہ دورانیہ سرطان کی حاملہ خواتین کے لیے کافی سخت ہے

عین ممکن ہے آپ کو سرجری کروانا پڑے دوسری طرف بیت الاولاد کا حاکم مریخ بھی 27 جولائی تک وبال کے گھر رہتے ہوئے مسائل میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ اولاد کے خواہشمند سرطان جوڑوں کو خدانخواستہ خاصی مشکل صورتحال سے واطہ پڑ سکتا ہے پروردگار آپ کو اپنی امان میں رکھے۔ دیگر سیارگان میں عطارد اور شمس 3 ستمبر تا 24 اکتوبر منفی اثرات مرتب کریں گے بچوں کے معاملات پر خصوصی توجہ دیں۔

تعلیمی کیریئر: ابتدائی مدارج طے کرنے والے سرطان بچوں کو یکم فروری تا 8 اپریل 6 تا 30 ستمبر 29 نومبر تا 18 دسمبر مشکلات کا سامنا ہوگا باقی عرصہ انشاءاللہ بہتر گذرے گا اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے سرطان افراد کو یکم فروری تا 8 اپریل مشکلات سے واسطہ پڑ سکتا ہے باقی سال انشاءاللہ قدرے بہتر گزرے گا۔

سفر: امسال آپ کو نزدیکی اور بیرون ملک سفر کے حوالہ سے یکم فروری تا 8 اپریل اور 6 تا 30 ستمبر، 29 نومبر تا 18 دسمبر خاص احتیاط کرنا ہوگی بالخصوص سفری دستاویزات اور اپنے سامان کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ وگرنہ نقصان ہو سکتا ہے کسی بھی قسم کی جعلی دستاویزات کے استعمال سے قطعی گریز کریں بتائی گئی تواریخ میں ویزہ یا امیگریشن وغیرہ بھی اپلائی نہ کریں۔ حج و زیارات کے خواہشمند خواتین حضرات امسال اپنی خواہش کی تکمیل کر سکیں گے عین ممکن ہے غیر متوقع طور پر اچانک سفر کا ارادہ بن جائے۔

منگنی شادی: اس حوالہ سے امسال حالات قطعی طور پر موافق نہ ہونگے۔ ایسی تقریبات کے انعقاد کیلئے آپ کو اگلے سال کا انتظار کرنا بہتر ہوگا پانچویں زحل کی موجودگی اور پانچویں کے حاکم مریخ کی وبالی نشست آپ کی راہ میں رکاوٹ ہوگی پہلے سے طے شدہ منگنیاں یا نکاح وغیرہ کے معاہدے ٹوٹنے کا بھی اندیشہ ہے محتاط رہیں اپنے ان معاملات میں کسی بھی قسم کی جلد بازی سے گریز کریں اگر بہ امر مجبوری ایسے اقدامات کرنا پڑ جائیں تو قبل از وقت ستاروں کے حوالہ سے روحانی تدارک ضرور کریں یہ ہی تدابیر آپ گذشتہ طے شدہ معاہدوں کو بچانے کیلئے بھی اختیار کر سکتے ہیں۔

شراکتی ازدواجی معاملات: آپ کے بیت الذوج کا حکام ستارہ زحل زائچہ کے پانچویں گھر برج عقرب میں رہتے ہوئے آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات میں خرابی کا باعث بن سکتا ہے آپ کے ازدواجی تعلقات میں خرابی کیجہ آپ کے افیئر زوغیرہ بھی بن سکتے ہیں حد درجہ محتاط رہیں ایسے تعلقات سے گریز بہتر ہوگا وگرنہ مابین بات علیحدگی تک جا سکتی ہے۔ اسی طرح پسند کی شادی کے خواہشمند افراد کو بھی ایسے اقدامات سے گریز کی صلاح دی جاتی ہے محتاط رہیں یہ آپ کے لیے کوئی ٹریپ بھی ہو سکتا ہے امسال آپ کو اپنے شراکتی ازدواجی تعلقات کسی امتحان سے کم محسوس نہ ہونگے تحمل اور بردباری کا دامن ہاتھ سے مت چھوڑیں۔

معشیت کیریئر روزگار: آپ کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال تا 27 جولائی وبال کے گھر رہتے ہوئے منفی اثرات مرتب کرے گا اور بعد از جولائی حالات قطعی طور پر آپ کے موافق رکھے گا دوسری طرف مشتری کے سعد اثرات و نظرات آپ کے مسائل میں کمی کا باعث ہونگی آپ کو بہتر ملازمت کی آفر مل سکتی ہے ترقی کے خواہشمند افراد کو بعد از جولائی کامیابی مل سکتی ہے۔ 31 مارچ تا 20 اپریل کیریئر کے گھر شمس کی شرفی پوزیشن کیریئر اور معاشی صورتحال کو مزید بہتر کر دے گی یہ وقت نئے پراجیکٹ کے آغاز کیلئے بہترین ہوگا۔ شمسی اثرات مریخ کے وبالی اثرات کو دبا لیں گے 24 ستمبر تا 24 اکتوبر اخراجات میں توازن رکھنا ضروری ہوگا۔ وگرنہ معاشی صورتحال ابتر ہو سکتی ہے 2014ء بہرحال ایک بہتر سال ہے۔

خصوصی احکامات: ابتدائے سال تا 21 مارچ آمدن اور اخراجات میں توازن رکھنا ضروری ہوگا اپنے شراکتی ازدواجی اور وراثتی معاملات پر بھی گہری نظر رکھیں تا کہ نقصان سے بچا جا سکے 28 مارچ کو ناویں عطارد کا ہبوط آپ کے بیرون ملک سفر اور امیگریشن سے متعلقہ اُمور میں تاخیر یا رکاوٹ کا باعث بن سکتا ہے کسی بھی قسم کی جعلی دستاویزات سے قطعی گریز کریں بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کیساتھ گفتگو یا بحث و تکرار میں محتاط رہیں بالخصوص گفتگو اگر کسی مذہبی معاملات پر ہے تو۔ 8 اپریل کو کیریئر کے شمس کا شرف آپ کیلئے نئی راہیں اور ترقی کے مواقع لے کر آ رہا ہے آپ کی مالی صورتحال میں بہتری متوقع ہے 29 اپریل کو ناویں زہرہ کا شرف آپ کی خواہشات کی تکمیل اور دوستوں کیساتھ بہتر تعلقات کی نوید ہے آپ گھر کی تزئین و آرائش میں مشغول ہیں رہائش کی تبدیلی کیلئے یہ سال کا سب سے بہترین وقت ہے۔ 3 تا 29 مئی دوستوں اور والدہ یا خاندان کے افراد کیساتھ تعلقات بگڑ سکتے ہیں کیریئر کے حوالہ سے جاری معاملات وقتی رکاوٹ کا شکار ہو سکتے ہیں کسی دوست یا خاندان کے افراد سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہونے سے مایوسی بڑھ رہی ہے۔ مگر یہ صورتحال عارضی ہے پریشان نہ ہوں 11 جولائی کو زہرہ کا اوج بارہویں گھر ہونے سے جہاں آپ کے خلاف خفیہ سازشوں کا سلسلہ بڑھ رہا ہے وہیں دوستوں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونے سے آپ کافی مطمئن نظر آ رہے ہیں والدہ کیساتھ جاری کشیدگی کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ 11 جولائی ہی کو طالع میں شمس کا اوج آپ کی مالی پوزیشن کیساتھ ساتھ آپ کی عزت و توقیر میں بھی اضافہ کا باعث ہوگا 16 جولائی کو مشتری کے شرفی گھر چھوڑنے سے صحت و ملازمت پر پڑنے والے سعد اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اب آپ کو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی 23 اگست کو تیسرے عطارد کا شرف بہن بھائیوں و عزیز و اقارب کیساتھ تعلقات میں بہتری کا باعث ہوگا اچانک کسی نزدیکی سفر کا پروگرام بن سکتا ہے آپ کا رجحان سماجی تقریبات میں شرکت کی جانب بڑھ رہا ہے 26 ستمبر کو تیسرے زہرہ کا ہبوط عزیز و اقارب اور خاندان کے افراد سے کشیدگی پیدا کر دے گا اس سلسلہ میں معاملات آپ کی خواہشات کے برعکس تیزی سے خراب ہونگے اسی طرح دوستوں کیساتھ تعلقات میں بھی بگاڑ پیدا ہو رہا ہے محتاط رہیں یہ ایک سخت وقت ہے 11۔ اکتوبر کو چوتھے شمس کا ہبوط خاندانی معاملات میں مزید بگاڑ کا باعث بن سکتا ہے والدہ کیساتھ کسی بھی قسم کی ناراضگی سے گریز کریں۔ ان ایام میں گھر کی تبدیلی یا پراپرٹی کی خرید و فروخت مالی خسارہ کا باعث ہوگی محتاط رہیں! اکتوبر تا 16 نومبر پانچویں زہرہ کی وبال زدہ کیفیت آپ کی منگنی، نسبت کو توڑ سکتی ہے اس حوالہ سے آپ کا کوئی دوست یا سہیلی خاصا منفی کردار ادا کر سکتی ہے بچوں کے حوالہ سے پریشانی بڑھ سکتی ہے اس جانب خصوصی توجہ دیں 11۔ نومبر کو اسی جگہ اوج عطارد معاملات کے سلجھاؤ کی راہ ہموار ہوگی آپ کے مابین کسی تیسرے کی مداخلت بہتر ہوگی۔

مشتاق بک ڈپو تحصیل بازار احمد پور شرقیہ رہبر بک اکیڈمی لاڑکانہ سندھ خالد بک ڈپو مسلم بازار گجرات

بہتر مشاورت بہتر نتائج کی حامل ہوگی مگر جلد بازی سے گریز کریں۔28 نومبر تا 17 دسمبر جلد بازی میں جاب کی تبدیلی یا کسی بھی فیصلہ سے گریز کریں دوستوں کیساتھ بحث تکرار نقصان کا باعث ہوگی دوسری جانب آپ کی صحت بھی بحر متاثر ہو سکتی ہے۔ خود کو ذہنی دباؤ سے دُور رکھیں! یکم دسمبر کو کیریئر کے حاکم کا شرف نئے کاروباری منصوبوں کے آغاز کاروبار میں وسعت و ترقی جیسے اثرات لے کر آرہا ہے دوسری جانب آپ کی منگنی شادی کی راہ بھی ہموار ہو رہی ہے مگر ایام عزا کو ضرور ملحوظ خاطر رکھیں امسال لگنے والے قمری گرہن آپ کی عزت و توقیر کے علاوہ والدہ اور کیریئر روزگار کے حوالہ سے مشکلات پیدا کر رہے ہیں اور 29 اپریل اور 24 اکتوبر کو ہونے والے شمسی گرہن مالی نقصانات کے علاوہ دوستوں اور اولاد کے حوالہ سے پریشانیاں پیدا کر سکتے ہیں گرہن کے ایام میں نماز کسوف وخسوف اور صدقہ ضرور ادا کریں تا کہ انکے اثرات محفوظ رہ سکیں۔!

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں۔

ورد خاص: روزانہ بعد نماز پنجگانہ 9 مرتبہ دعا رنجوست سیارگان ورد کریں۔

برج: اسد LEO **سیارہ:** شمس

رنگ: گولڈن، نارنجی
عنصر: آتشی
جواہر: ہیرا، ہیناٹیا
بہترین شریک حیات: حمل، قوس، ثور
ناموافق ساتھی: عقرب، دلو

بیماریاں: ہائی بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

دن: اتوار عدد: ۱ 21 July to 23 Aug حروف: م، ٹ

اہم نکات: گذشتہ سال کی طرح یہ سال بھی آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ثابت ہوگا ستارہ زحل آپ کے بیت الارض میں رہتے ہوئے خانگی ماحول کو خراب کر رہا ہے دسمبر تک یہ سلسلہ جاری رہے گا آپ کے ازدواجی تعلقات اور صحت بھی اسی وجہ سے متاثر ہے دوسری جانب مشتری بارہویں گھر شرفی نشست سے خفیہ دشمنوں کو مضبوط بنا رہا ہے۔ آپ کے امیگریشن کی راہ ہموار ہو رہی ہے بچوں اور وراثتی معاملات پر بھی مشترتی کے سعد اثرات آپ کی خوشیوں کو دوبالا کر رہے ہیں امسال آپ کا کوئی بڑا انعام نکل سکتا ہے۔

صحت: آپ کی صحت زحل کی منفی پوزیشن کیوجہ سے متاثر رہنے کا اندیشہ ہے بالخصوص مارچ تا جولائی جبکہ زحل رجعت میں بھی ہوگا دوسری جانب ابتدائے سال تا 19 جنوری شمس بھی بیت الصحت میں رہتے ہوئے گھٹنوں میں درد ہڈیوں و جوڑوں میں تکالیف جلدی امراض اور دماغی امراض مثلاً مرگی ہسٹر، لاغری یا جیسے امراض میں مبتلا کر سکتا ہے۔ایسی علامات کی صورت میں ہرگز الغرضی نہ کریں بلکہ امسال کسی بھی مسئلہ سے صرف نظر نہ کریں! نومبر میں یہاں مریخ کے آجانے سے صحت کے مسائل میں کمی واقعہ ہوگی۔(انشاءاللہ)

سماجی تعلقات: سال کے پہلے تین ماہ آپکا ستارہ بہتر پوزیشن میں نہ ہوگا ان ایام میں زیادہ تقریبات وسیل ملاپ سے گریز کریں 6 اپریل تا 4 مئی عزیز واقارب کیساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی یہ وقت سماجی مصروفیات میں اضافہ کا ہوگا آپ کی عزت میں اضافہ ہو رہا ہے۔4 تا 30 مئی سسرالی عزیز واقارب کیساتھ تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ جون، جولائی میں حالات ایکبار پھر موافق ہونگے آپ دوستوں کیساتھ وقت گذار رہے ہیں 24 ستمبر تا 24 نومبر کا عرصہ بھی محتاط روش کا متقاضی ہوگا عزیز واقارب بالخصوص والدہ سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں!

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: آپ کے بیت الاولاد کا حاکم مشتری شرفی گھر رہتے ہوئے اولاد کے حوالہ سے خوشخبری لا رہا ہے امسال اسد افراد کے ہاں جن بچوں کی ولادت ہوگی وہ بہت خوش بخت ثابت ہونگے۔ بچوں کے حوالہ سے آپ کافی مطمئن نظر آرہے ہیں آپ مشتری کی سعادتوں سے 17 جولائی تک بھرپور فائدہ حاصل کر سکتے ہیں! انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے اسد افراد کو امسال کامیابی مل سکتی ہے آپ کا کوئی بڑا انعام نکلنے سے دن بدل سکتے ہیں۔

سفر: امسال آپ کو اندرون ملک اور بیرون ملک دونوں طرح کے سفر اختیار کرنا پڑ سکتے ہیں مگر کچھ ایام اس حوالہ سے بہتر نہ ہونگے ان ایام میں سفر سے گریز یا احتیاط از حد ضروری ہوگی۔ نزدیکی سفر کیلئے 4 تا 30 مئی 6 ستمبر تا 24 اکتوبر 17 نومبر تا 11 دسمبر سفر سے گریز کریں۔ بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد 21 مارچ تا 21 اپریل اور بعد از 27 جولائی تقریباً سارا سال سفر اختیار کر سکتے ہیں بتائے گئے عرصہ کے علاوہ سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی نہ کرنا بہتر ہوگا۔ بہ امر مجبوری ایسی کسی بھی کوشش سے قبل ستاروں سے متعلق بسید باب ضرور کر لیں۔

تعلیمی کیریئر: اسد بچوں کو مئی، ستمبر، اکتوبر اور نومبر میں مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے اور اعلیٰ تعلیمات حاصل کرنے والے افراد کو ابتدائے سال تا 20 مارچ اور 21 اپریل تا آخر جولائی مشکلات درپیش آسکتی ہیں آپ کے خانگی حالات کی وجہ سے تعلیم میں رُکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے۔

منگنی شادی: امسال آپ کو منگنی جیسے اقدامات بہت سوچ سمجھ کر اُٹھانے ہونگے زائچہ کے پانچویں زحل کی موجودگی کیوجہ سے بات آخری مراحل میں بھی ختم ہو سکتی ہے بالخصوص ایسے وقت جبکہ ابتدائے سال تا 27 جولائی مریخ بھی وبال میں ہے اور 3 مارچ تا 21 جولائی زحل بھی رجعت میں ہوگا ایسے وقت میں پہلے سے طے شدہ منگنیاں بھی خطرات سے دوچار ہونگی اور نئے معاہدے تو قطعی غیر مناسب ہونگے ہاں البتہ دوسری شادی کے خواہشمند افراد کی بات بن سکتی ہے بعد از جولائی تا آخر سال گو کہ حالات قدرے بہتر ہونگے مگر کسی بھی اقدام سے قبل زحل کے اثرات کا روحانی تدارک ضروری ہوگا شادی کے خواہشمند افراد کیلئے یہ سال قطعی مناسب نہ ہوگا، امسال شادی وغیرہ سے گریز بہتر ہے ساری زندگی کے مسائل سے بہتر ہے کچھ وقت انتظار کر لیا جائے۔

شراکتی ازدواجی معاملات: گذشتہ سال کی طرح یہ سال بھی آپ کے شراکتی ازدواجی حوالہ سے بہتر نہ ہوگا بیت الزوج کے حاکم زحل کی منفی پوزیشن آپ کے مابین کشیدگی کو دن بدن بڑھا رہی ہے اگر آپ نے محتاط روی اور تحمل

یونیورسل بک ڈپو ساگڑھ سندھ
ماڈرن بک ڈپو نیو ایجنٹ عزیز شہید روڈ سیالکوٹ کینٹ
علی بک ڈپو اینڈ جنرل سٹور ملکوال

کا مظاہرہ نہ کیا تو مابین علیحدگی ہو جائے گی۔ امسال کسی بھی قسم کے نئے شراکتی معاہدوں سے گریز کریں وگرنہ مالی نقصان کا اندیشہ ہے گذشتہ شراکتی معاہدے بھی ناخوشگوار حالات کا شکار رہیں گے۔

معاشیت کیریئر روزگار: ابتدائے سال تا 4 مئی آپ کے کیریئر کیلئے بہتر وقت ہے یہ وقت نئے کاروبار کی ابتدا اور نئے منصوبوں پر کام کرنے کا ہے 4 مئی تا 30 مئی ایسے کاموں کیلئے قطعی موافق نہ ہوگا بعد از 30 مئی تا 19 جولائی کا عرصہ ایکبار پھر آپ کو بہتری کی جانب گامزن کر دے گا 6 ستمبر تا 30 ستمبر کسی بھی نئے منصوبے یا کاروبار کے آغاز کیلئے قطعی مناسب نہیں ہوگا یہ وقت آپ کو مالی خسارہ سے دوچار کر سکتا ہے محتاط رہیں 24 اکتوبر تا 11 دسمبر کا عرصہ بھی کچھ خاص بہتر نہ ہوگا شراکتی مالی معاملات آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ ملازم پیشہ افراد کو امسال بہت محتاط رہنا ہوگا اور جاب چھوڑنے یا تبدیلی سے گریز کرنا ہوگا وگرنہ ملازمت ملنا مشکل ہو جائے گی اگر بہ امر مجبوری ایسا کرنا پڑے تو قبل ازیں زحل کے اثرات سے بچاؤ کا تدارک ضروری ہوگا۔

خصوصی احکامات: یہ آپ کے لیے ہر حوالہ سے ایک ملا جلا سال ثابت ہوگا۔ ابتدائے سال میں 19 جنوری تک چھٹے شمس کا حضیض آپ کی صحت اور جاب دونوں پر برے اثرات مرتب کر رہا ہے۔ محتاط رہیں مریخ تیسرے گھر میں رہتے ہوئے آپ کے عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات کشیدہ کر دے گا اس حوالہ سے جولائی آخر تک محتاط روش اختیار کریں دوسری جانب مشتری جو کہ بچوں اضافی آمدن، انویسٹمنٹ وغیرہ سے منسوبہ گھر کا حاکم ہے اس کی بارہویں پوزیشن آپ کے خلاف خفیہ سازشوں کا بازار گرم رکھے گی 20 جنوری تا 18 فروری ساتویں شمس کا وبال آپ کے ازدواجی تعلقات کو بری طرح متاثر کر سکتا ہے۔ اپنی ساکھ اور شراکتی ازدواجی زندگی کو بچانے کیلئے آپ کو بھرپور محنت کرنا ہوگی وگرنہ مابین علیحدگی ہو جائے گی 28 مارچ کو عطارد کا ہبوط آپ کی خواہشات کی تکمیل مالی معاملات اور دوستوں کیساتھ تعلقات کو متاثر کر سکتا ہے وراثتی معاملات بھی اختلافات کا شکار ہو سکتے ہیں۔ چیک یا تحریری معاہدوں سے گریز کریں۔ 8 اپریل کو طالع کا حاکم شمس ناویں شرفیاب ہونے سے آپ کے عزت وقار میں اضافہ ہوگا آپ حسب خواہشات عمرہ یا زیارات کا سفر اختیار کر سکیں گے اعلیٰ تعلیمات کیلئے بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو کامیابی مل سکتی ہے۔ 29 اپریل کو آٹھویں شرف زہرہ شراکتی مالی فوائد لے کر آ رہا ہے آپ کے لیے وراثت کا حصول ممکن ہوگا عزیز و اقارب کیساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی نئے کاروبار یا کاروباری منصوبوں کے آغاز کیلئے یہ ایک بہترین وقت ہے متوقع طور پر ترقی مل سکتی ہے۔ 3 تا 29 مئی کاروباری معاملات میں اچانک رکاوٹیں پڑنا شروع ہو جائیں گی بہن بھائیوں کے ساتھ محتاط روی سے پیش آئیں! 11 جولائی کو گیارہویں زہرہ کا اوج خواہشات کی تکمیل میں دوستوں کے بھرپور تعاون کا مظہر ہے عزیز و اقارب سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ممکن ہوگا کاروباری معاملات ایکبار پھر معمول پر آ رہے ہیں 11 جولائی کو ہی بارہویں شمس کا اوج جہاں آپ کی عزت میں اضافہ کر رہا ہے وہیں آپ کے خفیہ دشمنوں کو بھی مضبوط بنا رہا ہے امیگریشن کے مال میں ہی زہرہ کا ہبوط اخراجات میں تیزی پیدا کر دے گا روپیہ کی فراوانی میں تعطل پیدا ہو رہا ہے کاروباری حضرات کو مالی خسارہ کا سامنا ہو سکتا ہے عزیز و اقارب کیساتھ تعلقات میں احتیاط کریں غیر ضروری گفتگو مسائل بڑھاوے گی۔

11 اکتوبر کو تیسرے شمس کا ہبوط آپ کے سماجی وقار کو بری طرح مجروح کر سکتا ہے حد درجہ محتاط رہیں محافل اور عزیز و اقارب کی جانب جانے سے گریز کریں اور درگزر سے کام لیں! 24 اکتوبر تا 16 نومبر زہرہ چوتھے وبال زدہ ہوگا والدہ اور خاندان کے افراد سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں آپ کو رہائشی مکان اچانک تبدیل کرنا پڑ سکتا ہے ان ایام میں کاروبار پر خاص توجہ دیں وگرنہ مسائل بڑھ سکتے ہیں 17 نومبر کو چوتھے عطارد کا اوج آپ کے مابین جاری گذشتہ غلط فہمیوں کو سلجھا دے گا اس حوالہ سے کوئی دوست بہترین مڈل مین کا کردار ادا کر سکتا ہے۔ 28 نومبر تا 17 دسمبر بچوں کیساتھ اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں آپ کے انویسٹرز آپ کے لیے مسائل بڑھا دیں گے ان ایام میں آپ کو اپنی نسبت منفی بھی بچانا ہوگی افواہیں آپ کے معاملات کو خراب کر سکتی ہیں! یکم دسمبر کو چھٹے مریخ کا شرف آپ کے لیے بہتر جاب کی نوید ہوگا بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو کامیابی مل سکتی ہے۔

ورد خاص: سورۂ طلاق کی آیت نمبر ۳ کا ۲ روزانہ ایک تسبیح ورد کریں

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈال دیں۔

برج: سنبلہ **VIRGO** **سیارہ:** عطارد

رنگ: گہرا زرد، پیلا

عنصر: خاکی

جواہر: گومیدک زرد، عقیق، فیروزہ

بہترین شریک حیات: جدی، ثور

ناموافق ساتھی: قوس، حوت، جوزا

بیماریاں: معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریوں، السر، کان کی تکالیف

دن: بدھ **عدد:** ۵ **21 Aug to 23 Sep** **حروف:** پ، غ

اہم نکات: سال 2014ء آپ کیلئے ایک ملا جلا سال ثابت ہوگا جہاں کچھ مشکلات ہیں وہیں آسانیاں اور راحتیں بھی ہیں سعد اکبر ستارہ مشتری زائچہ کے گیارہویں گھر رہتے ہوئے آپ کی خواہشات کی تکمیل کا باعث بن رہا ہے تو دوسری جانب زحل کی منفی پوزیشن عزیز و اقارب، اولاد اور صحت کی جانب سے پریشانیوں سے دوچار رکھے گی امسال ہونے والے گرہن آپ کی زندگی کے خاصے اہم معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں محتاط رہیں دیگر سیارگان آپ کے معمولات زندگی پر کس طرح اثر انداز ہو رہے ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: آپ کے بیت الصحت کا حاکم ستارہ زحل گذشتہ تقریباً سوا سال سے منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کی صحت کو متاثر کر رہا ہے یہ سلسلہ امسال بھی 24 دسمبر تک جاری رہے گا بہتر ہوگا آپ کلام الٰہی اور صدقات سے علاج کریں 21 جنوری تا 19 فروری شمس بھی چھٹے گھر وبال زدہ ہوگا اور عطارد 12 جنوری سے یہیں موجود ہے اور 18 مارچ تک یہیں قیام پذیر رہے گا اس عرصہ میں آپ کی صحت کو شدید خطرات

لاحق ہونگے محتاط رہیں آپ کی صحت بوجہ سحر جادو متاثر ہونے کا اندیشہ ہے 3 مارچ تا 21 جولائی زحل کی رجعت بھی آپ کی صحت پر مضر اثرات مرتب کر رہی ہے اپنی صحت پر خاص توجہ دیں!

سماجی تعلقات: ستارہ زحل گذشتہ کافی عرصہ سے آپ کے بیت الاقرباء میں موجود رہتے ہوئے آپ کے تعلقات میں بگاڑ پیدا کر رہا ہے دوسری جانب بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مریخ بھی آغاز سال تا 27 جولائی وبال زدہ رہے گا اور مارچ تا آخری جولائی زحل کی رجعت آپ کے تعلقات کو انتہائی کشیدگی کی جانب دھکیل رہی ہے اپنے تعلقات کو حد درجہ محتاط روی سے نبھائیں۔ 28 ستمبر کو عطارد کے اسی مقام پر آنے سے تعلقات میں بہتری آئے گی مگر یہیں عطارد کی رجعت اور پھر زہرہ کی 24 اکتوبر کو یہاں آمد آپ کے تعلقات کو ایکبار پھر کشیدہ کر سکتی ہے افواہوں اور خواتین کے کردار پر نظر رکھیں!

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: آپ کے بیت الاولاد کا حاکم ستارہ بھی زحل ہی ہے اور گذشتہ سطور میں آپ اس کی کیفیت اور دورانیے کے بارے میں پڑھ چکے ہیں یہ تمام سال اس حوالہ سے بہتر نظر نہیں آرہا حاملہ خواتین کو یوں تو تمام سال ہی احتیاط کرنا ہوگی مگر 21 جنوری تک اور 3 مارچ تا 21 جولائی تک خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا ورنہ مسائل بڑھ سکتے ہیں امسال آپ کو بچوں پر خصوصی توجہ دینا ہوگی ان کے چھوٹے چھوٹے مسائل بھی غور سے سنیں انعامی بانڈ اور لاٹری کے شائق افراد کیلئے یہ سال بہتر نہ ہوگا محتاط رہیں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔

سفر: امسال نزدیکی سفروں میں حد درجہ محتاط رہیں اور ہر ممکن سفر سے گریز کریں بحالتِ مجبوری زحل اور مریخ سے منسوبہ صدقات ضرور ادا کریں تا کہ محفوظ رہ سکیں! طویل یا بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو ملے جلے حالات کا سامنا ہوگا یکم جنوری تا یکم فروری 4 تا 30 مئی۔ 6 تا 30 ستمبر، 24 اکتوبر تا 17 نومبر سفر سے گریز کریں اور نہ ہی ان ایام میں ویزہ وغیرہ اپلائی کریں۔ اس حوالہ سے 16 اپریل تا 4 مئی 30 مئی تا 19 جولائی اور 30 ستمبر تا 24 اکتوبر سال کے بہترین اوقات ہیں انہیں مدِ نظر رکھیں اور ان سے فائدہ اُٹھائیں۔

تعلیمی کیریئر: ابتدائی تعلیمات حاصل کرنے والے بچوں کو امسال خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ان کے والدین کو اس حوالہ سے کوئی نہ کوئی روحانی تدارک ضرور کرنا چاہیے تا کہ بچوں کا مستقبل محفوظ بنایا جا سکے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے یا کوئی خاص امتحان دینے والے افراد کو امسال 4 تا 30 مئی 13 اگست تا 30 ستمبر اور 24 اکتوبر تا 17 نومبر مشکلات پیش آسکتی ہیں!

منگنی شادی: یہ سال منگنی یا کہیں نسبت وغیرہ طے کرنے کیلئے قطعی مناسب نہ ہوگا بلکہ وہ افراد جن کی بات پہلے سے طے ہے انہیں بھی مشکلات پیش آسکتی ہیں بالخصوص یکم تا 19 جنوری 3 مارچ تا 21 جولائی اس دورانیے میں حد درجہ محتاط رہیں شادی کے خواہشمند افراد کیلئے گو کہ 17 جولائی تک حالات موافق ہونگے مگر اس کے باوجود یکم فروری تا 8 اپریل بات التوا میں پڑ سکتی ہے۔ اس حوالہ سے عطارد سے منسوبہ صدقات متوقع مسائل سے نجات کا باعث بن سکتے ہیں بعد از جولائی حالات آپ کے موافق نہ ہونگے اب نکاح رخصتی وغیرہ سے گریز کریں۔

شراکتی ازدواجی معاملات: آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات گذشتہ جون سے بہترین چل رہے ہیں کئی ایک سنبلہ افراد نئی شراکت داریوں میں کام کا آغاز کر چکے ہیں مگر امسال ابتدا سے ہی آپ کے معاملات میں کچھ ڈرامائی و تبدیلیاں رونما ہونا شروع ہو جائیں گی ابتدائے سال تا 6 مارچ مشتری کی رجعت آپ کے مابین کھچاؤ تناؤ کی کیفیت پیدا کر دے گی دوسری طرف عین آپ کے بیت الذوج میں عطارد کے ہبوط سے آپ کے مابین شکوک وشبہات بڑھ رہے ہیں گفتگو میں احتیاط برتیں اور افواہوں پر کان نہ دھریں 7 فروری تا یکم مارچ عطارد کی رجعت معاملات کو اور بگاڑ سکتی ہے محتاط رہیں ورنہ مابین علیحدگی ہو جائے گی ان ایام میں کسی بھی صورت کوئی تحریری یا زبانی معاہدہ مت کریں یہ سلسلہ 8 اپریل تک چلے گا۔ 17 جولائی کو مشتری کے برج اسد میں چلے جانے سے مشتری کے سعد اثرات ختم ہو جائیں گے اب حالات آپ کے مخالف ہونگے۔

معشیت کیریئر روزگار: اس حوالہ سے یہ سال آپ کے لیے ملے جلے حالات کا حامل ہوگا ملازم پیشہ افراد کو تمام سال بالخصوص 3 مارچ 21 جولائی خاصی مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا نوکری چھوڑنے کی غلطی ہرگز نہ کریں اپنا کاروبار کرنے والے افراد کو یکم فروری تا 8 اپریل بالخصوص اور 3 تا 28 ستمبر بالعموم مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا ان ایام میں کام کی تبدیلی نئے منصوبوں کے آغاز چیک وغیرہ لکھنے اور نئے معاہدوں سے گریز کریں 8 تا 30 مئی، 16 اگست تا 3 ستمبر، 9 تا 29 نومبر کا عرصہ انشاءاللہ موافق ثابت ہوگا۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ آپ گذشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں یہ آپ کیلئے ایک ملا جلا سال ثابت ہوگا ابتدائے سال تا 27 جولائی خانہ مال میں مریخ کی موجودگی اخراجات میں تیزی کا باعث رہے گی تیسرے گھر زحل کی تمام سال موجودگی اور رجعت کا دورانیہ بہن بھائیوں اور عزیز واقارب سے تعلقات کشیدہ رکھے گا سماجی تعلقات بھی متاثر ہونے کا اندیشہ ہے یکم تا 19 فروری پانچویں شمس کا حلیف بچوں کی جانب سے پریشانی میں مبتلا کر سکتا ہے اس کے علاوہ آپ کے افیئرز منگنیاں بھی کسی خفیہ ہاتھ کیوجہ سے ٹوٹ سکتی ہیں 20 جنوری تا 18 فروری چھٹے گھر شمس کا وبال آپ کی صحت اور جاب کو متاثر کر سکتا ہے محتاط رہیں 18 فروری تا 20 مارچ ساتویں شمس کی نشست آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات میں کشیدگی پیدا کر دے گا اسی دوران 28 مارچ کو یہیں عطارد کا ہبوط معاملات کو انتہائی حد تک بگاڑ سکتا ہے ایک دوسرے سے گفتگو میں محتاط روش اختیار کریں بالخصوص آپ سے غلط فیصلوں اور گفتگو کی توقع ہے حد درجہ محتاط رہیں ورنہ مابین علیحدگی ناگزیر ہوگی 8 اپریل کو آٹھویں شمس کا شرف شراکتی مالی یا وراثتی معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا اس حوالہ سے مقدمات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہو سکتا ہے 29 اپریل کو ساتویں زہرہ کا شرف آپ کے شراکتی ازدواجی زندگی میں جاری کشیدگی کا خاتمہ کر دے گا آپ کو نئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے بیرونِ ملک سفر یا ویزہ اپلائی نہ کریں شراکتی معاملات میں مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ 11 جولائی کو کیریئر کے گھر زہرہ کا اوج نئے کاروبار کی

بخاری بک ڈپو کروڑ لعل حسین مجید بک ڈپو ریل بازار جھنگ صدر ساجد بک ڈپو اردو بازار سرگودھا

ابتدا یا گذشتہ کاروبار کو از سر نو سنوارنے کا موقع دے گا اس حوالہ سے سسرالی عزیزوں کا تعاون حاصل ہو سکتا ہے۔ 11 جولائی ہی کو گیارہویں اوج شمس آ کی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگا دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا امیگریشن کے خواہشمند افراد کو کامیابی مل سکتی ہے 16 جولائی کو مشتری کے بارہویں گھر آجانے سے بیرون ملک مقیم افراد کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وہ افراد جن کے امیگریشن کے کیسز تا حال القوا کا شکار ہیں انہیں مثبتی جواب مل سکتا ہے آپ کو قانونی معاملات میں الجھاؤ کا سامنا ہو سکتا ہے۔ 23 اگست کو طالع میں عطارد کا شرف آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا یہ وقت نئے کاروباری معاہدوں یا آغاز کیلئے بہترین وقت ہے ملازم پیشہ افراد کو بھی حسب خواہش ترقی مل سکتی ہے 26 ستمبر کو طالع ہی میں زہرہ کو ہبوط ہوگا اب آپ کو بہت محتاط رہنا ہوگا خدانخواستہ کسی قسم کی الزام تراشی ہو سکتی ہے مالی معاملات کو بہتر محتاط روی سے انجام دیں آپ کا ایک غلط فیصلہ آپ کو مالی بحران کا شکار کر سکتا ہے مذہبی معاملات میں گفتگو سے گریز کریں یہ وقت بیرون ملک سفر یا دیزہ وغیرہ اپلائی کرنے کیلئے قطعی مناسب نہیں ہوگا۔ 11 اکتوبر کو خانہ مال میں شمس کا ہبوط مالی تنگی میں اضافہ کر دے گا بالخصوص وہ افراد جن کا کاروبار دوسرے ممالک سے وابستہ ہے محتاط رہیں آپ کے امیگریشن سے وابستہ مسائل بڑھ جائیں گے 24 اکتوبر تا 16 نومبر تیسرے گھر زہرہ کی وبال زدہ کیفیت عزیز و اقارب سے تعلقات کشیدہ کر دے گی آپ کے مابین مالی تنازعات پیدا ہو رہے ہیں اسی مابین 11 نومبر کو عطارد کا اوج کسی تیسرے فرد کی مثبت مداخلت کی نشاندہی ہے اب آپ معاملات بہتر انداز میں سلجھا سکو گے 28 نومبر تا 17 دسمبر چھوتھے عطارد کا وبال والدہ یا خاندان کے افراد کیساتھ اختلافات پیدا کر سکتا ہے ان ایام میں پراپرٹی کے لین دین یا جگہ کی تبدیلی سے گریز کریں۔ یکم دسمبر کو پانچویں شرف مریخ بچوں کے حوالہ سے خوشخبری کا باعث بن سکتا ہے عزیز و اقارب کیساتھ جاری کشیدگی کا خاتمہ ممکن ہوگا وراثتی حوالہ سے غیر متوقع طور پر بڑا فائدہ حاصل ہو سکتا ہے امسال ہونے والے گربن آپ کے مالی، مذہبی، وراثتی معاملات کو بالخصوص نقصان پہنچا سکتے ہیں محتاط رہیں ان ایام میں سفر سے ہر ممکن گریز کریں اور نماز کسوف و خسوف ضرور ادا کریں ان معلومات کی روشنی میں اُمید ہے آپ یہ سال بہتر پلاننگ کیساتھ گذار سکیں گے۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ورد کریں بمعہ اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈالیں۔

شرف زحل کی الواح اور مجرب انگشتریاں

شرف زحل کی الواح اور وردشدہ سیاہ عقیق دستیاب ہیں اس کے علاوہ تسخیر خلائق بخت کشائی حفظ و امان اور رزق میں خیر و برکت، سحر آسیب سے بچاؤ کیلئے اپنی تیار شدہ خاص انگوٹھی دستیاب ہے اس کے علاوہ جناب سیّدہؑ سے منسوبہ عدد 9 کی انگوٹھی بھی خالص چاندی میں دستیاب ہے۔ نظر بد سحر اور آسیبی اثرات سے بچاؤ کیلئے اپنا تیار شدہ کئی سالوں سے آزمودہ بخور بھی دستیاب ہے۔

شیخ زوار رضا جوا: 0321-0300-9477284

برج: میزان **LIBRA** **سیارہ:** زہرہ

رنگ: نیلا، زردی مائل سبز، نارنجی
عنصر: ہوا
جواہر: ہیرا، اوپل
بہترین شریک حیات: دلو، جوزا
ناموافق ساتھی: جدی، حمل
بیماریاں: نزلہ، زکام، سر درد، گردوں کا درد، آنکھوں کی بیماریاں

دن: جمعہ **عدد:** 6 **24 Sep to 23 Oct** **حروف:** ر، ت، ط

اہم نکات: 2014 آپ کیلئے ایک ملا جلا سال ثابت ہوگا۔ گذشتہ سال سے ستارہ مشتری آپ کے خانگی و روحانی معاملات میں بہتری کا باعث بنا ہے۔ ستارہ زحل تمام سال آپ کے آٹھویں گھر رہتے ہوئے ذہنی دباؤ کا باعث بنے گا۔ وراثتی، شراکتی اور مالی امور اور کیریئر آپ کی خاص توجہ کے طلب گار ہوں گے۔ امسال زحل، مریخ، زہرہ، عطارد اور مشتری کی رجعت آپ کے سماجی کاروباری، خانگی اور ازدواجی تعلقات کو متاثر کر سکتی ہے۔ جہاں پر یہ سیارگان آپ کیلئے مشکلات کا باعث بنیں گے، وہیں شمس، عطارد، زہرہ، قمر، مشتری اور مریخ کا شرف اوج وغیرہ آپ کیلئے راحت کے اسباب بھی بفضل خدا پیدا کریں گے۔

صحت: آپ کی صحت سے متعلقہ ستارہ عطارد ایک تیز رفتار ستارہ ہے۔ اور آپ کی صحت پر تیزی سے اثر انداز ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ جب کسی منفی ستارے سے قران کرتا ہے تو بھی اثر پذیری کی وجہ سے آپ کی صحت کو متاثر کرتا ہے۔ امسال یکم فروری تا 18 اپریل۔ 24 اپریل تا 8 مئی۔ 3 ستمبر 28 ستمبر۔ 11 اکتوبر تا 9 نومبر۔ 29 نومبر تا 18 دسمبر۔ آپ کو صحت کی جانب خاص توجہ دینی ہوگی۔ اس کے علاوہ جیسا کہ گذشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے کہ زحل تمام سال زائچہ کے آٹھویں گھر قیام پذیر رہتے ہوئے آپ کے ذہنی دباؤ میں اضافہ کا باعث ہوگا بالخصوص 3 مارچ تا 21 جولائی جبکہ زحل رجعت میں بھی ہوگا اس حوالہ سے صدقات و خیرات اور ذکر و اذکار کا سلسلہ بھی بڑھانا مفید ہوگا۔

سماجی تعلقات: آپ ایک پرجوش اور پرعزم مگر مہم جویانہ طبیعت کے مالک ہیں اور قدرے جارحانہ انداز فکر رکھتے ہیں۔ اس لئے آپ کو اپنے سماجی تعلقات کو بہت محتاط روی سے نبھانا اور چلانا چاہئے۔ اپنی ان خوبیوں کو صحیح وقت اور موقع پر استعمال آپ کے تعلقات میں ایک نئی جہت پیدا کر دے گا۔ مگر بے موقع اور بے محل استعمال انہی خوبیوں کو خامیوں میں تبدیل کر سکتا ہے۔ امسال 24 اپریل تا 8 مئی مالی معاہدوں یا چیک وغیرہ لکھنے سے گریز کریں اس کے علاوہ کسی قریبی عزیز کیوجہ سے مالی نقصان ہو سکتا ہے۔ 8 مئی تا 30 مئی آپ کے سماجی تعلقات انشاء اللہ بہترین عروج پر ہوں گے۔ نزدیکی سفروں اور عزیز و اقارب کیساتھ میل ملاپ کے مواقع ملیں گے جو کہ بہتری کا باعث ہوں گے۔ 24 جون تا 19 جولائی ایک بار پھر سے تجدید تعلقات کے مواقع میسر آئیں گے بالخصوص قریبی عزیز و اقارب کیساتھ تعلقات مزید بہتر ہونگے آپ محافل کی رونق بڑھا رہے ہیں۔ اسی طرح 16 اگست تا

3 ستمبر کا عرصہ بھی بہتر اور موافق ہوگا مگر اس کے فوراً بعد 3 ستمبر تا 28 ستمبر۔ 11 اکتوبر تا 9 نومبر، 29 نومبر تا 18 دسمبر آپ کے سماجی تعلقات کھچاؤ تناؤ کا شکار رہیں گے۔ ان ایام میں کسی بھی قسم کی افواہوں پر اعتبار نہ کریں۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: آپ کو ابتدائے سال تا 19 فروری بچوں کی جانب سے مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ 21 مارچ تا 21 اپریل کا عرصہ کافی خوش آئند ہوگا۔ آپ کے بچوں کا رجحان اعلیٰ تعلیم اور مذہبی امور کی جانب بڑھ رہا ہے۔ اسی طرح 22 جون تا 24 اگست تک کا عرصہ بھی انشاء اللہ بہترین ثابت ہوگا۔ بے اولاد حضرات کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے۔ 24 ستمبر تا آخر سال آپ کو ایک بار پھر بچوں کی جانب خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوگی آپ کا دوستانہ رویہ بہت سے مسائل کا حل ہوسکتا ہے

تعلیمی کیریئر: حمل بچوں کو امسال یکم فروری تا 18 اپریل اپنی تعلیم پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ یہ وہی عرصہ ہے جس کے دوران ان کے سالانہ امتحان ہو رہے ہوں گے، اور ستارے بھی قطعی موافق نہ ہوں گے اس کے علاوہ 24 اپریل تا 8 مئی۔ 3 ستمبر تا 18 ستمبر۔ 29 نومبر تا 18 دسمبر۔ بھی آپ کو زیادہ محنت کی ضرورت ہوگی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کیلئے یہ سال انتہائی سودمند ثابت ہوگا البتہ ابتدائے سال تا 6 مارچ مشتری کی رجعت کے ایام میں انہیں قدرے مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔

منگنی شادی: امسال آپ کو منگنی شادی کے کئی ایک مواقع میسر آئیں گے۔ مگر سعد و نحس ایام کا لحاظ بہر حال ضروری ہے تاکہ مشکلات سے محفوظ رہا جا سکے۔ امسال منگنی کیلئے 21 مارچ تا 21 اپریل، 22 جون تا 24 ستمبر کا عرصہ بہترین اوقات ہوں گے (انشاء اللہ) وہ افراد جن کی تا حال ابھی کہیں نسبت طے نہیں ہوئی ان کی بات بھی بن سکتی ہے۔ البتہ ابتدائے سال تا 20 اپریل۔ 24 ستمبر تا آخر سال کا عرصہ موافق نہ ہوگا۔ شادی و نکاح وغیرہ کیلئے 6 مارچ تا 4 مئی اور 30 مئی تا 19 جولائی تک کا عرصہ موافق ہوگا۔ اور 4 مئی تا 30 مئی۔ 6 ستمبر تا آخر سال ایسی کسی بھی تقریب سے گریز کریں۔

سفر: امسال آپ کو کئی ایک نزدیکی سفر اختیار کرنے پڑ سکتے ہیں مگر یکم فروری تا 18 اپریل آپ کے پروگرام اچانک التوا کا شکار ہوسکتے ہیں۔ ان ایام میں سفر سے قبل اپنی دستاویزات کی پڑتال ضرور کرلیں وگرنہ پریشانی ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ چوری کا بھی خدشہ ہوگا۔ 24 اپریل تا 8 مئی دوران سفر مالی نقصان کا خدشہ ہے محتاط رہیں۔ 3 تا 28 ستمبر سفر سے گریز بہتر ہوگا۔ بیرون ملک سفر کے خواہش مند حضرات کیلئے یہ ایک بہترین سال ہے۔ گذشتہ سال سے ستارہ مشتری کے شرفی گھر آجانے سے آپ کے بیرون ملک سفر و قیام کی راہ ہموار ہوچکی ہے۔ پھر بھی ابتدائے سال تا 8 اپریل سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔ بوجہ مشتری رجعت آپ کے پروگرام میں التوا ہوسکتا ہے اور سفری دستاویزات کی جانب سے رکاوٹ آسکتی ہے۔ امیگریشن اپلائی کرنے والوں کیلئے بھی ان ایام میں گریز کرنا ضروری ہوگا اور آپ کسی بھی قسم کی جعلی دستاویزات استعمال نہ کریں۔

شراکتی ازدواجی معاملات: گذشتہ سال سے ستارہ زحل ہمراہ راہو آپ کے زائچہ کے آٹھویں گھر (جو کہ کئی شراکتی مالی معاملات کا گھر ہے) موجود ہے۔ زحل کی یہ منفی نشست آپ کو شراکتی معاملات میں خسارے سے دوچار کر سکتی ہے۔ بلکہ کئی افراد تو اس کا شکار بھی ہو چکے ہیں۔ امسال گو کہ آپ کو شراکتی حوالہ سے کئی ایک پرکشش پروپوزل ملیں گے مگر احتیاط بہر حال ضروری ہے۔ آپ کے ازدواجی تعلقات سال کے آغاز سے ہی بہترین نظر آرہے ہیں مگر سدا حالات ایک جیسے نہیں رہتے نشیب و فراز زندگی کا حصہ ہے۔ آپ کو 4 مئی تا 30 مئی۔ 6 ستمبر تا 17 نومبر انتہائی مشکل حالات سے واسطہ پڑ سکتا ہے ان ایام کو تدبر سے گزاریں۔ اس حوالہ سے 30 مئی تا 6 ستمبر اور 17 نومبر تا آخر سال کا عرصہ آپ کی خوشیوں میں اضافے کا باعث ہوگا مگر ایسا اس وقت ممکن ہوگا جب قوت برداشت کا مظاہرہ کریں گے۔ کیونکہ 27 جولائی تک مریخ آپ کے مابین کھچاؤ کی کیفیت پیدا کرتا رہے گا۔

معشیت کیریئر روزگار: آپ کے کیریئر کا حاکم ستارہ زائچہ کے آٹھویں گھر منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے گذشتہ سال کی طرح امسال بھی آپ کو کاروباری، مالی پریشانیوں سے دوچار رکھے گا اس حوالہ سے آپ کو ستارہ زحل کا روحانی تدارک قطعی طور پر کرنا ہوگا۔ کیونکہ اب آپ کی کاروباری پوزیشن پہلے سے مخدوش حالات کا شکار ہے اور اب مزید بوجھ برداشت نہ کر سکے گی بالخصوص 21 جنوری تک جبکہ شمس کا آپ کے کیریئر کے گھر حضیض ہوگا اور 3 مارچ تا 21 جولائی جبکہ زحل رجعت میں ہوگا۔ یہ سطور آپ کو ڈرانے کیلئے نہیں بلکہ آپ کی بھرپور توجہ اور تیاری کیلئے لکھی گئی ہیں اپنی سوچ کو مثبت رکھتے ہوئے اس کا حل تلاش کریں پروردگار مسبب الاسباب ہے۔

خصوصی احکامات: اس سال کی سب سے اہم بات ستارہ زحل کی راہو کے ہمراہ زائچہ کے آٹھویں گھر موجودگی ہے۔ زحل کے یہاں موجودگی آپ کے ذہنی دباؤ میں مسلسل اضافے کا باعث ہوں گی۔ اور اعصابی نظام متاثر ہونے سے آپ کے سماجی، معاشرتی، مالی الغرض ہر طرح کے معاملات متاثر ہوسکتے ہیں۔ آپ کو اپنی خواہشات پر خاص کنٹرول کرنا ہوگا۔ اور کاروباری معاملات کو محتاط روی سے چلانا ہوگا دوسری جانب نویں بارہویں کا حاکم ستارہ مشتری شرفی گھر رہتے ہوئے آپ کے روحانی معاملات پر مثبت اثر کرے گا۔ حج و زیارات کے خواہشمند افراد کو کامیابی ہوگی۔ بیرون ملک سفر اور مستقل سکونت کے حوالہ سے بھی نئے اسباب میسر آئیں گے مگر مشتری کی یہ پوزیشن آپ کے خفیہ دشمنوں کو بھی مضبوط کردے گی محتاط رہیں! ابتدائے سال ہی سے کیریئر کے گھر شمس کا حضیض کاروباری معاہدوں اور پوزیشن پر منفی اثرات مرتب کر رہا ہے۔ 19 جنوری تا 19 فروری گیارہویں شمس ہی کا وبال بچوں کی جانب سے مشکلات کا مظہر ہے۔ آپ کے بڑے بچوں کے ازدواجی یا اشترا کی مسائل سر اٹھا سکتے ہیں۔ دوستوں سے تعلقات محتاط روی سے نبھائیں۔

امسال 12 جنوری تا 8 اپریل آپ کو اپنے سماجی تعلقات، صحت اور ملازمت وغیرہ پر خاص توجہ دینا ہوگی کیونکہ تیسرے چھٹے کا حاکم عطارد رجعت کی وجہ سے دو مرتبہ ہوطی گھر سے گزرے گا ان ایام میں بحث و تکرار تحریری یا زبانی معاہدوں سے گریز کریں

ملازم پیشہ افراد کو بھی تحریری معاملات میں خاص توجہ دینا ہوگی۔ آپ کی ملازمت جانے کا خدشہ ہے۔ 8 اپریل کو طالع میں شرف شمس آپ کی عزت، توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا بے اولاد حضرات کو اولاد کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ انعامی سکیموں کے شائق افراد کیلئے یہ سال کا سب سے بہترین وقت ہے۔ 29 اپریل کو شرف زہرہ زائچہ کے بارھویں گھر ہوگا یہ گھر آپ کے خفیہ دشمنوں سے منسوب ہے اس لئے محتاط رہیں آپ کے خلاف خفیہ کاروائی ہو سکتی ہے۔ قرض کے خواہشمند افراد کو کامیابی مل سکتی ہے۔ نکاح و شادی کے خواہشمند افراد کی بھی دلی مراد پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ مگر ایسی تقریب سے قبل مریخ سے منسوبہ صدقات وغیرہ ضرور ادا کریں کیونکہ ساتویں مریخ کی وبالی کیفیت آپ کی مسرتوں پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔ 3 تا 29 مئی آپ کے غلط یا جلد بازی میں کئے گئے فیصلوں کی وجہ سے مالی نقصان ہو سکتا ہے۔ ان ایام میں نکاح و رخصتی سے قطعی گریز کریں پہلے سے شادی شدہ حمل افراد کو بھی اپنے ازدواجی تعلقات بچانے کیلئے کوشش کرنا پڑ سکتی ہے محتاط رہیں ورنہ مابین علیحدگی ناگزیر ہوگی۔ 11 جولائی کو اوج شمس و زہرہ آپ کیلئے کسی امداد غیبی سے کم نہ ہونگے آپ کے مالی و شراکتی ازدواجی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ جن احباب کی شادیاں ابھی تک نہ ہو سکی تھیں انشاء اللہ انجام پذیر ہو جائیں گی اسی طرح بے اولاد حضرات کو بھی راحت میسر آئے گی (انشاء اللہ)۔ آپ کیلئے کسی بڑے یا بہتر گھر میں تبدیلی ممکن ہوگی بے گھر افراد کو اپنا گھر مل سکتا ہے۔ چوتھے مشتری و شمس کی سعادتیں آپ کی خوشیوں کو دوبالا کر دیں گی اسی دورانیے میں عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں کا بھرپور تعاون حاصل ہوگا 16 جولائی کو مشتری پانچویں چلے جانے سے آپ کی اضافی آمدنی کے ذرائع متاثر ہو سکتے ہیں۔ یہ پوزیشن آخر سال تک برقرار رہے گی۔ اور چونکہ مشتری کی پوزیشن یہاں بہتر نہ ہوگی اس لئے آپ کو بچوں کے حوالہ سے اور بیرون ملک سفر کے حوالہ سے مشکلات درپیش آ سکتی ہیں۔ 23 اگست کو چھٹے عطارد کا شرف آپ کیلئے بہتر ثابت ہوگا مگر آپ کو محتاط بھی رہنا پڑے گا آپ کا کوئی قریبی عزیز کھلم کھلا دشمنی پر آمادہ ہے محتاط رہیں دوسری جانب آپکی صحت پر بھی سعد اثرات مرتب ہوں گے۔ ملازم پیشہ افراد کو ہرگز ہرگز نوکری نہ چھوڑنے کی ہدایت ہے آپ کا معاشی نظام بری طرح متاثر ہو سکتا ہے۔ آپ کو نظام ہضم، پھیپھڑوں اور معدے کے امراض سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے قطعی طور پر محتاط رہیں۔ زہرہ چونکہ آپ کے بیت الزوج کا بھی حاکم ہے اس لئے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بھی محتاط روی سے نبھائیں۔ 11 اکتوبر کو ساتویں شمس کا ہبوط آپکے پہلے سے تباہ حال ازدواجی شراکتی معاملات میں آخری کیل ثابت ہو سکتا ہے۔ اپنے بچوں پر خاص توجہ دیں اور انہیں ان معاملات سے دور رکھیں وگرنہ آپ کا بنتا کام بھی انکی وجہ سے خراب ہو سکتا ہے۔ 24 اکتوبر تا 16 نومبر آپ کو معالی معاملات میں خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ آپ کو شراکتی ازدواجی حوالہ سے بھی مالی نقصان کو سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وراثتی مقدمات بھی کسی خاتون کی وجہ سے آپ کے لئے ذہنی و قلبی دباؤ کا باعث ہوں گے۔ 11 نومبر کو آٹھویں عطارد کا اوج عزیز و اقرباء کے تعاون سے گذشتہ معاملات میں بہتری متوقع ہے۔ وہ افراد جن کی نوکریاں گذشتہ ایام میں چلی گئی تھیں نہیں دوبارہ مواقع میسر آئیں گے۔ 28 نومبر تا 17 دسمبر سسرالی عزیز و اقارب سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ بیرون ملک سفر دستاویزات کی وجہ سے ملتوی ہو سکتا ہے۔ یکم دسمبر کو شرف مریخ آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا کاروباری معاملات کو از سر نو سنبھالنے اور ترتیب دینے کا بہترین موقع ہے۔ امسال ہونے والے دو شمسی و دو قمری گرہن آپکے مالی شراکتی ازدواجی اور وراثتی معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں نماز اور صدقات ضرور ادا کریں۔

ورد خاص: روزانہ بعد از فجر ۳۴ مرتبہ سورۃ آل عمران آیت ۱۸۳ ورد کریں۔

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا کسی قبرستان وغیرہ میں پھینک دیں مگر راہگذر نہ ہو۔

برج: عقرب **SCORPIO** **سیارہ:** مریخ

رنگ: _____ نیلا، سرخ
عنصر: _____ آبی
جواہر: _____ پکھراج، عقیق، موتی
بہترین شریک حیات: _____ ثور، سرطان
ناموافق سائنس: _____ دلو، ثور، اسد
بیماریاں: سر، حلق و ناک کی بیماریاں، پیچش، نزلہ معدہ

دن: منگل **عدد:** 9 **21 Oct to 22 NOv** **حروف:** ن، ذ، ض، ظ

اہم نکات: آپ ساڑھ ستی کے دوسرے دور سے گذر رہے ہیں اور ابھی تقریباً 3/1/2 سال مزید باقی ہیں ساڑھ ستی کا یہ درمیانہ عرصہ آپ کیلئے کافی سخت ثابت ہوگا۔ خانہ سال کا حاکم مشتری گذشتہ جولائی سے آپ کے مالی معاملات میں بہتری کا باعث ہے اور جولائی آخر تک آپ کو نوازتا رہے گا بعد از جولائی صورتحال مختلف ہوگی۔ طالع کا حاکم مریخ بھی ابتدائے سال تا 27 وبال زدہ کیفیت میں ہوگا جس سے آپکی شخصیت اور صحت ملازمت کو شدید خطرات لاحق ہونگے۔

صحت: سال کا پہلا وسط حصہ صحت پر خاص توجہ کا طالب ہوگا آپ کے بیت الصحت کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال تا 27 جولائی وبال کے گھر رہتے ہوئے آپ کو صحت کے مسائل سے دوچار رکھ سکتا ہے آپ کو ریڑھ کی ہڈی، جوڑوں کے درد، آنکھ معدہ، گردہ کی تکالیف کا سامنا ہو سکتا ہے 21 مارچ تا 21 اپریل شمس کی بیت الصحت میں شرفی پوزیشن صحت کے مسائل میں کمی کا باعث ہوگی 4 تا 30 مئی اسی جگہ زہرہ کی وبالی کیفیت ایکبار پھر آپ کی مشکلات میں اضافہ کا باعث ہوگی۔ بعد از جولائی صحت انشاء اللہ بہتر رہے گی!

سماجی تعلقات: امسال آپ کو سب سے زیادہ توجہ اسی جانب دینا ہوگی گذشتہ سالوں سے آپ کے بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ طالع میں منفی پوزیشن کا حامل ہے اور آپ کے اور قریبی عزیز و اقارب کے مابین کچھ اچھے تعلقات نہیں بڑھا رہا آپ دونوں فریق ایک دوسرے کے بارے کچھ بہتر رائے نہیں رکھتے امسال بھی یہ کیفیت جاری رہے گی بالخصوص جولائی تک آپ کو بہت محتاط رہنا ہوگا آپ کو خدانخواستہ کسی الزام وغیرہ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جذباتیت سے گریز کریں۔

علی مولا کتب خانہ حسینیہ بلبل جھنگ 0342-4551272 شیخ ممتاز حسین ریلوے بک سٹال روہڑی ناولٹی بک سٹور میرپور ماتھیلو سندھ

27 جولائی کو مریخ بھی عقرب میں آجانے سے گو کہ آپ زیادہ پُر اعتماد ہو جائیں گے مگر دونوں مخالف سیارگان کی طالع میں موجودگی کچھ بہتر نہ ہوگی۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: امسال اس حوالہ سے آپ کو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا گو کہ بیت الاولاد کا حاکم مشتری شرفی گھر موجود ہے مگر 6 مارچ تک مشتری کی رجعت اور یکم فروری تا 8 اپریل عطارد کا ہبوط بچوں کی جانب سے پریشانیوں میں اضافہ کا باعث بنتا رہے گا بچوں کیساتھ بحث وتکرار سے گریز کریں گو کہ آپ کے بچوں میں ضد کا عنصر بڑھ رہا ہے مگر آپ کو تدبر کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ 8 اپریل تا 17 جولائی کا عرصہ سال کا بہترین وقت ہوگا۔

تعلیمی کیریئر: ابتدائی تعلیمات حاصل کرنے والے عقرب بچوں کیلئے یہ سال قطعی موافق نہ ہوگا ان کے والدین کو چاہیے کہ کہ ورد وظائف اور صدقہ خیرات سے بچوں کا مستقبل محفوظ بنائیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کیلئے حالات انشاء اللہ موافق ہونگے البتہ قمر در عقرب میں صدقہ دینا ضروری ہوگا تا کہ غیر متوقع مشکلات سے بچا جا سکے۔

سفر: امسال نزدیکی سفروں میں حد درجہ گریز کرنا بہتر ہوگا وہ افراد جن کے لیے سفر ناگزیر ہوتا ہے انہیں چاہئے کہ قبل ازیں زحل کے اثرات سے بچاؤ کا تدارک ضرور کریں۔ بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو پہلے دو ماہ سفر میں التوا یا رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے باقی تقریباً تمام سال حالات موافق ہونگے البتہ قمر در عقرب اور قمری گرہن کے ایام کو ضرور مدنظر رکھیں ان ایام میں سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی مت کریں وگرنہ نقصان کا اندیشہ ہوگا۔

منگنی شادی: یوں تو امسال آپ کی منگنی یا نسبت وغیرہ طے ہونے کے قوی امکانات موجود ہیں مگر کسی ناخوشگوار صورتحال سے بچاؤ کیلئے دُرست وقت کا انتخاب از حد ضروری ہوگا یکم فروری تا 8 اپریل ایسی کسی بھی کوشش سے گریز کریں وگرنہ بنی بنائی بات بگڑ سکتی ہے آپ کی منگنی افواہوں یا اختلافات کی نذر ہو جائے گی 8 اپریل تا 4 مئی حالات بالخصوص قطعی طور پر آپ کے حق میں ہونگے یہ سلسلہ آخر جولائی تک جاری رہے گا اسی طرح نکاح ورخصتی کیلئے 4 تا 30 مئی 6 تا 30 ستمبر 24 اکتوبر تا 17 نومبر تک کا عرصہ قطعی موافق نہ ہوگا اس عرصہ میں زندگی کے اس اہم ترین فیصلہ سے اجتناب کریں تا کہ معاہدہ نکاح مضبوط اور خوشگوار ہو۔

شراکتی ازدواجی معاملات: گذشتہ سال کی طرح امسال بھی آپ کو شراکتی ازدواجی تعلقات پر بھرپور توجہ دینا ہوگی حالات جیسے بھی ہوں آپ کو پُرعزم رہنا ہوگا طالع میں بیٹھا زحل آپ کے بیت الزوج کو مقابلے کی نظر سے دیکھ رہا ہے جو کہ قطعی طور پر کوئی بہتر صورتحال نہیں ہے۔ 4 تا 30 مئی، 6 تا 30 ستمبر، 24 اکتوبر تا 17 نومبر کا عرصہ آپ کو انتہائی تحمل اور بُردباری سے گذارنا ہے ساڑھ ستی جیسے سخت دور میں آپ کسی اور امتحان کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ 6 اپریل تا 4 مئی 30 مئی تا 17 اگست اور 30 ستمبر تا 24 اکتوبر اور 11 دسمبر تا آخر سال یہ دورانیہ شراکتی ازدواجی حوالہ سے انشاء اللہ بہترین وقت ہوگا آپ کو نئی شراکت داریوں کے بھرپور مواقع میسر آئیں گے۔

معشیت کیریئر روزگار: آپ کے خانہ مال کا حاکم ستارہ مشتری گذشتہ سال سے شرفی گھر رہتے ہوئے آپ کی معاشی صورتحال میں بہتری کا باعث ہے اور تقریباً وسط جولائی تک آپ اس کے فوائد حاصل کرتے رہیں گے۔ دوسری طرف آپ کی جاب سے متعلقہ ستارہ مریخ 27 جولائی تک آپ کیلئے مشکلات پیدا کر سکتا ہے جاب وغیرہ کے حوالہ سے جلد بازی سے گریز کریں جاب چھوڑنا یا تبدیل کرنا بہتر نہ ہوگا۔ 21 مارچ تا 21 اپریل چھٹے شمس کی شرفی نشست جاب میں ترقی کا باعث بن سکتی ہے یہ وقت کیریئر روزگار کے حوالہ سے قطعی طور پر بہتر وقت نہ ہوگا ان ایام میں نقصان کا اندیشہ ہے محتاط رہیں اسی طرح 24 اکتوبر تا 23 نومبر کا عرصہ بھی موافق نہ ہوگا ساڑھ ستی کے ادوار میں ہر قسم کے ادھار لینے دینے سے گریز کریں!

خصوصی احکامات: سال کی ابتداء سے ہی آپ کے کیریئر کا حاکم ستارہ 19 فروری تک پہلے حضیض اور پھر وبال میں رہتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار پر منفی اثرات مرتب کرے گا کسی تبدیلی یا اہم فیصلہ سے گریز کریں اسی دورانیہ میں عزیز واقارب اور والدہ کیساتھ بھی تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ 28 مارچ کو پانچویں عطارد کا ہبوط آپ کی منگنی وغیرہ کو ختم کر سکتا ہے۔ ان ایام میں بچوں کیساتھ معاملات بگڑ سکتے ہیں اس کے علاوہ غیر شرعی آمدن سے گریز کریں وگرنہ بدنامی کا سامنا ہوگا وراثتی شراکتی مالی معاملات میں تحریری یا زبانی معاہدوں سے بھی گریز کریں۔ 8 اپریل کو چھٹے گھر شمس شرفیاب ہونے سے آپکے کیریئر پر انتہائی سعد اثرات مرتب ہونگے۔ ملازم پیشہ افراد کو ترقی مل سکتی ہے۔ 29 اپریل کو پانچویں زہرہ کا شرف منگنی کے خواہشمند افراد کی دلیمراد پوری کر سکتا ہے آپ ایکبار پھر ایک سے زائد ذرائع آمدن کی جانب متوجہ ہیں انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے افراد کا انعام نکل سکتا ہے شادی کے خواہشمند افراد کو کامیابی مل سکتی ہے نکاح ورخصتی کیلئے یہ سال کا سب سے بہترین وقت ہے مگر اس کے فوراً بعد 3 تا 29 مئی زہرہ وبال کے گھر رہتے ہوئے منفی اثرات مرتب کرے گا۔ اب اول الذکر معاملات میں حالات بالکل برعکس ہونگے شادی وشراکت داری سے قطعی گریز کریں اور ملازمت چھوڑنے کی غلطی بالکل نہ کریں 11 جولائی کو آٹھویں زہرہ کا اوج شراکتی وراثتی حوالہ سے مالی فوائد کے حصول کو ممکن بنا رہا ہے۔ شراکت داری میں منافع متوقع ہے امیگریشن کا حصول ممکن ہوگا۔ 11 جولائی ہی کو ناویں شمس کا اوج آپ کے بیرون ملک سفر اور اعلیٰ تعلیمات میں کامیابی کی راہ ہموار کر رہا ہے آپ کا کیریئر ایکبار پھر بلندی پر ہوگا مگر 16 جولائی کو مشتری کے کیریئر کے گھر آجانے اور اس کی منفرد نشست کے اثرات کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا گو کہ یہ فوری طور پر منفی اثرات مرتب نہ کرے گا مگر پھر بھی آہستہ آہستہ حالات خراب ہو سکتے ہیں اب آپ کو معاشی تنگی کا بھی سامنا ہو سکتا ہے۔ ہر کام پلاننگ کے تحت کرنا بہتر ہوگا۔ 23 اگست کو عطارد کا شرف آپ کی خواہشات کی تکمیل کا باعث بن سکتا ہے۔ دوستوں کا بھرپور تعاون شامل حال رہے گا وراثتی مقدمات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہو سکتا ہے 26 ستمبر کو گیارہویں زہرہ کا ہبوط دوستوں کیساتھ تعلقات بگاڑ سکتا ہے اپنے شراکتی ازدواجی معاملات میں محتاط رہیں اور جلارائے قائم کرنے سے گریز کریں وگرنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے 11 اکتوبر کو بارہویں شمس کا ہبوط آپ کے کیریئر روزگار

پر انتہائی منفی اثرات مرتب کرے گا۔ آپ کے سینئرز آپ کے خلاف نظر آ رہے ہیں وہ افراد جنہوں نے امیگریشن اپلائی کر رکھا تھا انہیں بھی منفی جواب مل سکتا ہے 24 اکتوبر تا 16 نومبر زہرہ کی طالع میں منفی پوزیشن آپ کی شراکتی ازدواجی زندگی کو ایکبار پھر خدشات کا شکار کر دے گا آپ کا پارٹنر، زوجہ یا شوہر آپ کے بارے اچھی رائے نہیں رکھتا۔ 11 نومبر کا طالع میں عطارد کا اوج آپ کی گرتی ہوئی ساکھ کو سنبھالنے میں آپ کا معاون ہوگا آپ خود میں بہتر قوت فیصلہ اور خود اعتمادی محسوس کریں گے 28 نومبر تا 17 دسمبر خانہ مال میں عطارد کی منفی پوزیشن مالی بے قاعدگی پیدا کر دے گی لین دین میں محتاط رہیں چیک وغیرہ لکھنے سے گریز کریں بالخصوص دوستوں اور شراکت سے احتیاط کرنا ہوگی۔ یکم دسمبر کو تیسرے مریخ کا شرف آپ کی جاب اور شخصی وقار میں بہتری کا باعث ہوگا۔ قریبی عزیزوں بالخصوص بہن بھائیوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ممکن ہوگا مگر محتاط رہیں آپ کے دشمنوں میں اضافہ ہو رہا ہے امسال ہونے والے شمس وقمری گرہن آپ کے شراکتی ازدواجی، صحت، جاب اور شخصی معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں ان ایام میں بالخصوص اور قمر در عقرب کے ایام میں صدقہ آپ کے کئی ایک مسائل کا حل ہوگا۔ (انشاء اللہ) آخر میں ایکبار پھر آپ کو محتاط روی کا مشورہ دوں گا کیونکہ ساڑھے ستی کئی ایک مسائل پیدا کر دیتی ہے اس کا حل ضرور کریں۔

ورد خاص: روزانہ بعد از نماز پنجگانہ دعائے رد نحوست سیارگان 9 مرتبہ ورد کریں بمعہ اول و آخر 9-9 مرتبہ درود پاک۔

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈالیں۔

برج: قوس SAGITARIUS **سیارہ:** مشتری

رنگ: سفید، سبز
عنصر: آتشی
جواہر: فیروزہ، عقیق
بہترین شریک حیات: حمل، اسد
ناموافق ساتھی: ثور، جوزا، سنبلہ
بیماریاں: عرق النساء، عارضہ کی چوٹیں، ہاتھ کی خرابیاں

دن: جمعرات عدد: ۳ 23 Nov to 22 Dec حروف: ف

اہم نکات: آپ گذشتہ 1/1/4 سال سے ساڑھے ستی کا شکار ہو چکے ہیں یہ ساڑھے ستی کے تین 2/1/2 سالہ ادوار میں سے پہلا دور رہے اور گذشتہ سال آپ کو کچھ حالات میں تبدیلی کا احساس ہو چکا ہوگا۔ خانہ مال اور بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زحل گذشتہ کی طرح امسال بھی بارہویں منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کو مالی تنگی سے دوچار رکھے گا۔ اس سال ہونے والے چاروں گرہن آپ کے زائچہ کے اہم ترین گھروں میں لگیں گے ان کے اثرات سے بچاؤ کی تدابیر ضرور اختیار کریں۔

صحت: آپ کی صحت سے منسوبہ ستارہ زہرہ ہے جو کہ ابتدائے سال تا 30 جنوری رجعت میں رہے گا احتیاط کریں 4 تا 30 مئی زہرہ کا وبال اور 6 تا 30 ستمبر ہبوط اور 24 اکتوبر تا 17 نومبر برج عقرب میں وبالی کیفیت آپ کو صحت کے مسائل سے دوچار کر سکتی ہے آپ کو سر درد تیز بخار، نظام ہضم، اعصابی کمزوری اور مثانے کے مراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے اگر ان امراض کی علامات ظاہر ہوں تو زہرہ سے منسوبہ صدقات ضرور ادا کریں تا کہ محفوظ رہ سکیں!

سماجی تعلقات: آپ کے بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زحل گذشتہ سال کی طرح امسال بھی منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے عزیز واقرباء کے ساتھ تعلقات کشیدہ رکھے گا گو کہ آپ کا ذاتی ستارہ مشتری شرفی گھر میں ہے اور آپ کی عزت میں اضافہ کر رہا ہے مگر زحل کے اثرات اپنی جگہ کام کر رہے ہیں گے 21 جنوری تا 19 فروری یہیں شمس کا وبال سسرالی عزیزوں کے ساتھ بھی تعلقات کشیدہ کر دے گا بعد از جولائی مشتری کے شرفی نشست چھوڑنے سے آپ اس کیسعد اثرات سے محروم ہو جائیں گے اب ہر قدم محتاط رہنا ہوگا مجموعی طور پر یہ ایک مشکل وقت ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈلاٹری: آپ کے بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال تا 27 جولائی گیارہویں وبال زدہ رہتے ہوئے آپ کو بچوں کے مسائل میں الجھائے رکھے گا اسی دوران 2 مارچ تا 20 مئی مریخ کی رجعت مسائل کو بڑھانے کا باعث ہوگی بچوں کیساتھ آپ کے تعلقات باوجود بہتری کی کوشش کے تلخیوں کا شکار ہو رہے ہیں آپ ان کی شادی اور ازدواجی تعلقات کے حوالہ سے بھی پریشان نظر آتے ہیں اور بعد از 27 جولائی گیارہویں وبال زدہ رہتے ہوئے آپ کو بچوں کے مسائل میں الجھائے رکھے گا اسی دوران 2 مارچ تا 20 مئی مریخ کی رجعت مسائل کو بڑھانے کا باعث ہوگی بچوں کیساتھ آپ کے تعلقات باوجود بہتری کی کوشش کے تلخیوں کا شکار ہو رہے ہیں آپ ان کی شادی اور ازدواجی تعلقات کے حوالہ سے بھی پریشان نظر آتے ہیں بعد از 27 جولائی حالات تیزی سے بہتر ہونگے اولاد کے خواہشمند افراد کی مراد پوری ہو سکتی ہے اب انعامی سکیموں میں حصہ لینے کا بہترین وقت ہے 5 دسمبر کو 27 اکتوبر تا 5 دسمبر اس حوالہ سے سال کا بہترین وقت ہوگا مگر دسمبر کا باقی عرصہ آپ کو حد درجہ محتاط رہنا ہوگا بچوں پر بھرپور توجہ دیں۔

تعلیمی کیریئر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کو امسال خاصی مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا اور اعلیٰ تعلیمات حاصل کرنے والے قوس افراد کو سال کی پہلی سہ ماہی 24 ستمبر تا 23 نومبر مشکلات درپیش آ سکتی ہیں باقی عرصہ انشاء اللہ موافق ہوگا۔

سفر: امسال آپ کو نزدیکی سفروں میں خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی سفر سے قبل زحل سے منسوبہ صدقات ضرور ادا کریں، بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو ابتدائے سال تا 20 مارچ اور 24 ستمبر تا 23 نومبر سفر اور ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کرنا ہوگا جبکہ 21 مارچ تا 21 اپریل 22 جون تا 24 اگست سال کے بہترین اوقات ہیں امیگریشن کے خواہشمند افراد کیلئے امسال حالات قطعی موافق نہ ہونگے۔

منگنی شادی: منگنی یا کہیں نسبت وغیرہ طے کرنے کے حوالہ سے آپ کو امسال درست وقت کا انتخاب کرنا از حد ضروری ہوگا 21 مارچ تا 21 اپریل 27 جولائی تا 5 دسمبر کا عرصہ موافق ہوگا مگر ایام عزا کو ضرور ملحوظ خاطر رکھیں۔ 4 مئی 30 مئی بالخصوص اور بتائے گئے عرصہ کے علاوہ بالعموم ایسی تقریبات کے انعقاد سے گریز کریں۔ نکاح شادی کیلئے یکم فروری تا 8 اپریل بالخصوص اور 3 تا 28 ستمبر 11 اکتوبر تا 9 نومبر

سپر بک ڈپو اینڈ سٹیشنری علمدار چوک اسکردو بلتستان العارف بک بنک علمدار چوک اسکردو بلتستان علی کتاب گھر نزد نیشنل بنک آف پاکستان اسکردو

بالعموم گریز کریں وگرنہ آپ کی ازدواجی زندگی اختلافات کا شکار ہوسکتی ہے یہی دورانیہ پہلے سے طے شدہ پروگراموں میں بھی التوا کا باعث بن سکتا ہے!

شراکتی ازدواجی معاملات: آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات سے منسوبہ ستارہ عطارد ایک تیز رفتار ستارہ ہے اور ایک سال میں اچھے بُرے کئی طرح کے اثرات مرتب کرتا ہے امسال یکم فروری تا 8 اپریل آپ کو اپنی ازدواجی شراکتی زندگی بچانے کیلئے خاصی تگ ودو کرنا پڑسکتی ہے اپنے معاملات کو سلجھانے کیلئے دوسروں کی بجائے خود پر انحصار کریں اور افواہوں پر قطعی یقین نہ کریں آپ کا کوئی سسرالی قریبی عزیز معاملہ بگاڑ سکتا ہے اس کے علاوہ ماہ ستمبر اور 11 اکتوبر تا 9 نومبر کا عرصہ بھی کسی طرح موافق نہ ہوگا اور 8 مئی تا یکم اگست، 16 اگست تا 3 ستمبر، 9، 29 نومبر کا عرصہ نئی شراکت داریوں اور ازدواجی تعلقات کے حوالہ سے انتہائی موافق وقت ہوگا اسوقت سے ضروری فائدہ اُٹھائیں۔

معشیت کیریئر روزگار: جیسا کہ گذشتہ سطور میں بتایا جاچکا ہے آپ ساڑہ ستی کے دور سے گذر رہے ہیں اور معالی معاملات سے منسوبہ ستارہ زحل ہی آپ کیلئے مشکلات پیدا کررہا ہے ایسے میں آپ کو ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنا ہوگا کسی بھی طرح کا قرض لینے دینے سے گریز کریں وگرنہ وصولی، ادائیگی مشکل ہوگی مالی معاملات امسال سب سے زیادہ اہم ہونگے۔ کیریئر کا حاکم ستارہ عطارد یکم فروری تا 8 اپریل 3 تا 28 ستمبر، 11 اکتوبر تا 9 نومبر منفی پوزیشن میں ہوگا ان ایام میں کاروبار کی تبدیلی آغاز یا کسی کاروباری معاہدے یا اس حوالہ سے تحریر یا چیک وغیرہ لکھنے سے قطعی گریز کریں اس کے علاوہ رجعت عطارد کے ایام میں بھی گریز کرنا بہتر ہوگا آپ کے زائچہ کا یہ شعبہ ساڑہ ستی میں سب سے زیادہ متاثر ہوسکتا ہے۔

خصوصی احکامات: خصوصی احکامات میں سب سے پہلے آپ کو ساڑہ ستی سے بچاؤ کا روحانی تدارک کرنے کا مشورہ دوں گا کیونکہ یہ ایک مشکل ترین دور ہے اس سے ڈریں نہیں بلکہ بہتر انداز میں مقابلہ کرنے کی کوشش کریں ابتدائے سال تا 21 جنوری خانہ مال میں شمس کا حضیض مالی دباؤ کا شکار کرسکتا ہے ان ایام میں بیرون ملک سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے یا اس کیلئے پیسے وغیرہ دینے سے گریز کریں 20 جنوری تا 18 فروری تیسرے شمس ہی کا وبال بہن بھائیوں اور بالخصوص سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کردے گا محتاط رہیں آپ کے سماجی تعلقات بُری طرح متاثر ہوسکتے ہیں۔ 28 مارچ کو چوتھے عطارد کا ہبوط ری سہی کسر بھی نکال دے گا آپ کے تعلقات والدہ اور خاندان کے افراد سے بھی بگڑ سکتے ہیں اسی طرح آپ کی شراکتی ازدواجی زندگی بھی دباؤ پر ہوگی اگر آپ نے معاملات کو سنبھالا نہیں تو آپ کے مابین علیحدگی ہوجائے گی۔ یہ ہی وقت آپ کے کاروباری معاملات کے حوالہ سے بھی انتہائی اہم وقت ہوگا ذرا سی غلطی بہت مہنگی پڑسکتی ہے۔

18 اپریل کو پانچویں شرف شمس سسرالی عزیزوں سے جاری مخالفتوں کے خاتمہ کا باعث بن سکتا ہے اولاد کے خواہشمند افراد کو نوید مل سکتی ہے 29 اپریل کو چوتھے شرف زہرہ والدہ اور خاندان کے ساتھ تعلقات بحال کردے گا ملازمت کے خواہشمند افراد کو بہتر ملازمت میسر آسکتی ہے یہ وقت آپ کی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا مگر 3 تا 29 مئی زہرہ کے وبال کے گھر چلے جانے سے آپ کی صحت جاب اور دوستوں کیساتھ تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں آپ کے انیئرز بھی اور منگنیاں بھی خطرے میں ہونگی 11 جولائی کو ساتویں زہرہ کا اوج آپ کی شادی نکاح کی راہ ہموار کردے گا کسی دوست کیوجہ سے بہتر ملازمت مل سکتی ہے۔ 11 جولائی ہی کو آٹھویں شمس کا اوج کے سبب شراکتی وراثتی معاملات میں مالی فوائد متوقع ہیں بیرون ملک سفر کیلئے یہ بہترین وقت ہے 23 اگست کو کیریئر کے گھر عطارد کا شرف آپ کیلئے کاروباری معاملات کو سنبھالنے اور نئے منصوبوں پر عمل درآمد کرنے کا بہترین موقع ہے آپ کی شادی کی راہ ایکبار پھر آسان ہورہی ہے آپ نئی شراکت داریوں پر غور کررہے ہیں۔ 26 ستمبر کو کیریئر ہی کے گھر زہرہ کا ہبوط آپ کے کیریئر روزگار کو نقصان پہنچا سکتا ہے جاب وغیرہ چھوڑنے کی غلطی نہ کریں محتاط رہیں کاروباری معاملات آپ کی خواہشات کے برعکس ہونگے دوستوں وابستہ توقعات شکستہ ہوسکتی ہیں۔ 11 اکتوبر کو گیارہویں شمس کا ہبوط سسرالی عزیز واقارب کیساتھ ایکبار پھر کشیدگی پیدا کردے گا ان ایام میں بیرون ملک سفر اور ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں 24 اکتوبر تا 16 نومبر بارہویں زہرہ کی موجودگی آپ کی جاب پر ایکبار پھر سوالیہ نشان لگا سکتی ہے زہرہ کا یہ ہبوط جہاں آپ کیجاب اور صحت کو متاثر کررہا ہے وہیں آپ کے ظاہری باطنی مخالفین کو بھی زیر کررہا ہے خواتین ملازموں سے محتاط رہیں 11 نومبر کو ساتویں عطارد کا اوج نئے مشترکہ منصوبوں کو زیر غور لاسکتا ہے یہ وقت نئی شراکتی وکاروباری منصوبوں کیلئے بہترین وقت ہے آپ ازدواجی زندگی کی خوشیاں سمیٹ رہے ہیں امیگریشن کے خواہشمند افراد کو کامیابی مل سکتی ہے مگر اس کے فوراً بعد 28 نومبر تا 17 دسمبر طالع میں عطارد کی منفی پوزیشن آپ کی شخصیت کو متاثر کرسکتی ہے شریک حیات وشریک کار سے بحث وتکرار سے گریز کریں یکم دسمبر کو خانہ مال میں مریخ کا شرف معاشی پوزیشن کو مستحکم کررہا ہے آپ کے بچے اس سلسلہ میں بھرپور تعاون کررہے ہیں خواہشمند افراد کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے بیرون ملک مقیم افراد کو بہتر رہائش مل سکتی ہے امسال ہونے والے اولاد دوستوں۔ صحت ملازمت انیئرز منگنی اور امیگریشن سے منسوبہ معاملات میں خرابی پیدا کرسکتے ہیں اسی طرح وراثتی اور سسرالی مسائل بھی سر اُٹھا سکتے ہیں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں اُمید ہے دی گئی ہدایات کی روشنی میں آپ اپنا یہ سال بہتر طور پر گذار سکیں گے۔

ورد خاص: روزانہ بعد از نماز پنجگانہ دُعائے ردِ نحوست سیارگان 9 مرتبہ ورد کریں یہ آپ کیلئے ازحد ضروری ہوگا۔

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈالیں۔

بواسیر کا تعویذ سے خاتمہ

انشاء اللہ تعویذ باندھتے ہی مرض ختم ہوجاتا ہے۔ مریض اپنا اور والدہ کا نام جوابی لفافہ میں بھیج کر تعویذ فی سبیل اللہ منگوا سکتے ہیں۔
دستی تعویذ حاصل کرنے کے لئے صرف اتوار کو تشریف لائیں۔
غلام باقر عابد سپرا۔ بستی بہلول سپرا، اڈہ پل میراں شاہ
نزد قائم بھروانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ 0301-7696585

برج: جدی CAPRICORN ستارہ: زحل

رنگ: سرخ، بھورا، خاکی
عنصر: خاکی
جواہر: سفید رنگ سلیمانی، یاقوت
بہترین شریک حیات: ثور، سنبلہ
ناموافق ساتھی: حمل، سرطان، میزان
بیماریاں: دانتوں کی بیماریاں، اعصابی تناؤ، سردرد، نظام ہضم

دن: ہفتہ عدد: ۸ 23 Dec to 20 Jan حروف: ج، خ، گ

اہم نکات: گذشتہ جون سے سعد اکبر ستارہ مشتری آپ کے بیت الذوج میں رہتے ہوئے آپ کے شراکتی ازدواجی اور سماجی تعلقات مین بہتری لا رہا ہے یہ سلسلہ امسال وسط جولائی تک جاری رہے گا۔ آپ کا اپنا حاکم ستارہ زحل گیارہویں منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رُکاوٹ ہوگا اور امسال بھی گذشتہ سال کی طرح مالی صورتحال کچھ بہتر نہ ہوگی امسال دسمبر میں مریخ کا شرف آپ کے شخصی وقار اور خاندانی معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا۔

صحت: بیت الصحت کا حاکم عطارد یکم فروری تا 8 اپریل ہبوطی گھر قیام کرتے ہوئے آپ کی صحت پر انتہائی مضر اثرات مرتب کرسکتا ہے آپ کو اعصابی تناؤ بازوؤں کندھوں اور ٹانگوں کی تکالیف کا سامنا ہوسکتا ہے اس کے علاوہ 3 تا 28 ستمبر اور 11 اکتوبر تا 9 نومبر، 29 نومبر تا 18 دسمبر کے عرصہ میں بھی آپ کو صحت کی جانب خاص توجہ دینا ہوگی الغرضی نقصان دہ ہوگی!

سماجی تعلقات: گوکہ آپ کے سماجی تعلقات گذشتہ سال سے خاصے بہتر جارہے ہیں مگر امسال بالترتیب یکم فروری کو عطارد اور پھر 19 فروری کو شمس کے یہاں آجانے سے آپ کے سماجی تعلقات خاصے متاثر ہوسکتے ہیں دوسری طرف 3 مارچ کو زحل بھی رجعت میں چلا جائے گا جو کہ آپ کا اپنا ستارہ ہے یہ تمام عوامل آپ کی شخصی اور سماجی ساکھ کو حد درجہ متاثر کرسکتے ہیں بحث وتکرار اور جلد بازی میں فیصلہ سے گریز کریں زحل کی رجعت 21 جولائی تک جاری رہے گی اس عرصہ میں محتاط روش ہی دانش مندی ہوگی۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: آپ کے بیتالاولاد کا حاکم ستارہ سعد اصغر زہرہ ہے ماہ جنوری میں اس کی رجعت کچھ متاثر کرسکتی ہے مگر 6 اپریل تا 4 مئی اس کی شرفی گھر موجودگی سے آپ بچوں کے حوالہ سے کافی مطمئن نظر آرہے ہیں بے اولاد یا مزید اولاد کے خواہشمند افراد کو خوشخبری مل سکتی ہے اسی طرح 30 مئی تا 13 اگست اور 30 ستمبر تا 24 اکتوبر کا عرصہ اور دسمبر کا مہینہ بھی انشاء اللہ کافی بہتر نظر آرہے ہیں البتہ 4 تا 30 مئی اور 6 تا 30 ستمبر، 24 اکتوبر تا 17 نومبر کا عرصہ آپ کو بچوں کی جانب سے پریشانی اسکتی ہے ان اوقات میں اس حوالہ سے خاص احتیاط کریں۔

تعلیمی کیریئر: بنیادی تعلیمات حاصل کرنے والے بچوں کو مارچ آخر تک مشکلات پیش آسکتی ہیں آپ کو پہلے سے کہیں زیادہ محنت کرنا ہوگی اور اعلیٰ تعلیمات حاصل کرنے والے جدی افراد کو یکم فروری تا 8 اپریل 3 تا 30 ستمبر، 11 اکتوبر تا 9 نومبر، 29 نومبر تا 18 دسمبر مشکل صورتحال سے واسطہ پڑسکتا ہے ان ایام میں ارتکاز کی کمی آپ کا سب سے بڑا مسئلہ ہوگی۔

سفر: امسال آپ کو پہلی سہ ماہی میں نزدیکی سفروں سے ہر ممکن گریز کرنا ہوگا وگرنہ چوری چکاری یا دستاویزات سامان کی گمشدگی جیسے حادثات ہوسکتے ہیں۔ بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد بھی پہلی سہ ماہی بالخصوص اور 3 تا 28 ستمبر، 11 اکتوبر تا 9 نومبر، 29 نومبر تا 18 دسمبر سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں کسی بھی قسم کی جعلی یا عارضی دستاویزات قطعی استعمال نہ کریں امیگریشن کے خواہشمند افراد کیلئے 17 جولائی تک حالات سازگار ہونگے (انشاءاللہ)۔

منگنی شادی: امسال آپ کی منگنی یا نسبت وغیرہ طے پانے کے قوی امکانات ہونگے مگر درست وقت کا انتخاب ضروری ہوگا 4 تا 30 ستمبر، 24 اکتوبر تا 11 دسمبر ایسے کسی بھی اقدام سے قطعی گریز کریں باقی عرصہ انشاءاللہ موافق ہوگا۔ آپ کے بیت الذوج بُرج سرطان میں گذشتہ سال سے مشتری شرفی نشست پر ہے اور آپ کی شادی نکاح کے امکانات بڑھ رہے ہیں اور شادی کے قوی امکانات ہیں البتہ 6 مارچ تک مشتری کی رجعت کیوجہ سے صدقہ دینا ضروری ہوگا 17 جولائی کو گوکہ مشتری اگلے گھر چلا جائے گا مگر آپ کی خانہ آبادی کے امکانات اب بھی روشن ہیں!

شراکتی ازدواجی معاملات: آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات امسال انشاءاللہ بہترین رہنے کی توقع ہے اور آپ انہیں مزید بہتر بناسکتے ہیں ہر ماہ قمر در عقرب میں صدقہ دے کر امسال 2 قمری گرہن بالترتیب 15 اپریل اور 18 اکتوبر کو ہونگے آپ کیلئے لازم ہوگا کہ ان ایام میں صدقہ اور نماز ادا کریں تاکہ آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات پر کوئی آنچ نہ آنے پائے۔ امسال 22 جون تا 23 جولائی نئی شراکت داری کے حوالہ سے بہترین وقت ہوگا آفر ملنے پر ضرور فائدہ اُٹھائیں

معشیت کیریئر روزگار: یوں تو سال کی پہلی سہ ماہی بھی کیریئر کے حوالہ سے مناسب ہے مگر 6 اپریل تا 4 مئی کیریئر روزگار کے حوالہ سے بہترین وقت ہوگا نئے کاروبار اور ترقی کے اسباب بن رہے ہیں اس حوالہ سے بچے بھی بھرپور تعاون کررہے ہیں مگر 4 مئی تا 30 مئی بچوں کیوجہ سے گھر کا ماحول اور کاروبار دونوں متاثر ہوسکتے ہیں۔ بعد از 30 مئی حالات میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی۔ 6 تا 30 ستمبر اور 24 اکتوبر تا 11 دسمبر کا عرصہ بھی آپ سے محتاط روی کا متقاضی ہوگا دوسری طرف خانہ مال کا حاکم زحل گذشتہ سال سے منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے مالی تنگی کا شکار کررہا ہے معاشی بحران سے بچنے کیلئے آپ کو محتاط روی سے اخراجات میں توازن کرنا ہوگا۔

خصوصی احکامات: سال 2014ء آپ کیلئے مجموعی طور پر ایک بہتر سال ہوگا گوکہ کچھ سیارگان بالخصوص آپ کے اپنے ستارہ زحل کی پوزیشن مستحکم نہیں ہے مگر دیگر سیارگان آپ کو کافی آسانیاں دے رہے ہیں جولائی وسط تک مشتری کی بہترین پوزیشن شراکتی ازدواجی اور سماجی حوالہ سے بہتری کی جانب گامزن رکھے گی آیئے اب دیگر سیارگان کے اثرات کا جائزہ لیتے ہیں یکم تا 19 فروری طالع میں اور خانہ مال میں شمس کی منفی پوزیشن آپ کی عزت اور مالی پوزیشن کو متاثر کرسکتی ہے مریخ ابتدائے سال تا 27 جولائی کیریئر کے گھر وبال زدہ ہے جلد بازی میں کیے گئے فیصلے نقصان کا باعث

کینٹ ہومیو پیتھک سٹور بلاک 7 سرگودھا
علی جنرل سٹور اینڈ ایزی پیسہ شاپ ٹمنی چوک جنڈ (اٹک)

ہونگے مالی معاملات میں خاص احتیاط کریں تو بہتر ہوگا۔ 28 مارچ کو تیسرے عطارد کا ہبوط عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات کشیدہ کردے گا سفر اور سواری کی خرید و فروخت سے گریز کریں۔ 8 اپریل کو چوتھے شرف شمس والدہ، خاندان کے ساتھ تعلقات بہتر کردے گا جائیداد کی خرید و فروخت اور گھر کی تبدیلی ممکن ہوگی شراکتی معاملات میں منافع متوقع ہے۔ 29 اپریل کو تیسرے زہرہ کا شرف بچوں کے حوالہ سے خوشخبری لا رہا ہے۔ آپ کی رُکی ہوئی بات طے پا جائے گی منگنی وغیرہ کے حوالہ سے یہ آئیڈیل وقت ہے 3 تا 29 مئی چوتھے گھر زہرہ کی منفی پوزیشن گھر کے ماحول کو خراب کر رہی ہے آپ کو بچوں اور کاروباری معاملات کیوجہ سے مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے آپ کے افیئرز اور منگنیاں بھی خانگی ماحول میں خرابی کا باعث بن سکتی ہیں۔ 11 جولائی کو چھٹے گھر زہرہ کا اوج نہ صرف آپ کی صحت بلکہ جاب کیریئر پر بھی خوشگوار اثرات مرتب کر رہا ہے بہتر جاب اور ترقی متوقع ہے یہ وقت کاروبار کے آغاز اور وسعت میں بہترین معاون ہوگا 11 جولائی کو ہی ساتویں اوج شمس آپ کیلئے نئی شراکت داریوں کی آفر لا رہا ہے مشترکہ مفادات کے حوالہ سے مالی فوائد کا حصول ممکن ہوگا وراثتی معاملات بھی بہ احسن حل ہونگے اور آپ کیلئے فوائد کا باعث ہونگے یہ وقت نکاح اور شادی کے حوالہ سے بھی بہترین ہوگا۔ 16 جولائی کو مشتری کے آٹھویں چلے جانے سے آہستہ آہستہ آپ کے ذہنی دباؤ میں اضافہ ہوگا آپ کی پریشانیوں میں امیگریشن، عزیز و اقارب اور شراکتی مالی، وراثتی معاملات ہونگے۔ 23 اگست کو ناویں عطارد کا شرف اعلیٰ تعلیمات حاصل کرنے والے افراد کیلئے انتہائی سودمند ثابت ہوگا۔ آپ کے بیرون ملک سفر کی راہیں کھل رہی ہیں حج و عمرہ کے خواہشمند افراد کو بھی کامیابی مل سکتی ہے کئی جدی افراد جاب کیلئے بیرون ملک کی جانب گامزن ہیں مگر 26 ستمبر کو عین اسی جگہ زہرہ کا ہبوط آپ کی راہ میں رُکاوٹیں کھڑی کرسکتا ہے۔ ان ایام میں کاروباری سرگرمیاں محدود کرنا ہونگی اس حوالہ سے بیرون ملک سفر فائدہ مند نہ ہوگا آپ کے افیئرز بھی آپ کی راہ میں رُکاوٹ بن سکتے ہیں 11 اکتوبر کو کیریئر کے گھر شمس کا ہبوط رہی سہی کسر بھی پوری کردے گا ان ایام میں کاروبار کے حوالہ سے فیصلے کرنا درست نہ ہوگا بالخصوص اگر اُن کا تعلق کسی بھی حوالہ سے کسی سرکاری ادارہ سے ہو شراکتی مالی خسارہ آپ کے کیریئر روزگار کو بُری طرح متاثر کرسکتا ہے 24 اکتوبر تا 16 نومبر زہرہ کی گیارہویں وبال زدہ کیفیت آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رُکاوٹ ہوگی آپ کی منگنی داؤ پر ہوگی کاروباری معاملات بھی ایکبار پھر آپ کے مسائل کو بڑھا رہے ہیں بچوں پر خاص توجہ دیں آپ ان کی عمومی یا ازدواجی تعلقات کے حوالہ سے پریشانی میں مبتلا ہیں 11 نومبر کو اوج عطارد معاملات کو سلجھانے میں مددگار ہوگا کسی دوست کی وساطت سے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا ایکبار پھر آپ کیلئے زیارات و عمرہ کرنے کی راہ ہموار ہو رہی ہے بیرون ملک سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کا یہ بہترین وقت ہے۔ 28 نومبر تا 17 دسمبر جاب وغیرہ تبدیل کرنے سے گریز کریں اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ امیگریشن سے منسوبہ مسائل بڑھ رہے ہیں آپ کے کیسز مسترد ہوسکتے ہیں یکم دسمبر کو طالع میں مریخ کا شرف آپ کی شخصیت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے خاندان اور دوستوں میں آپ کی عزت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ آپ کیلئے بہتر رہائش کا حصول ممکن ہوگا خواہشمند افراد کیلئے پراپرٹی کا حصول بھی ممکن ہوگا امسال ہونے والے گربہن آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات، کیریئر اولاد، والدہ خاندان اور پراپرٹی کے علاوہ دوستوں اور خوش بختی کو بھی متاثر کرسکتے ہیں ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضروری ادا کریں امید ہے ان معلومات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے آپ اپنے معاملات کو بہتر انداز میں سرانجام دے سکیں گے۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح سورۂ آل عمران آیت نمبر ۱۷۳ ورد کریں!

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈالیں

برج: دلو AQUARIUS **سیارہ:** یورینس

رنگ: خاکی، بھورا، نیلا

عنصر: ہوا

جواہر: نیلم، حدید، عقیق سیاہ

بہترین شریک حیات: جوزا، میزان

ناموافق ساتھی: ثور، اسد، عقرب

بیماریاں: آنکھوں کی بیماریاں، احتلاج قلب، دمہ

دن: ہفتہ **عدد:** ۸ **21 Jan to 19 Fer حروف:** س، ش، ص، ث

اہم نکات: آپ گذشتہ سال سے کاروباری الجھنوں کا شکار ہیں اور اس کی وجہ آپ کا اپنا ستارہ زحل ہے جو کہ آپ کے کیریئر کے گھر منفی پوزیشن میں ہے اور اس سال بھی رہے گا۔ دوسری طرف آپ کے خانہ مال کا حاکم ستارہ مشتری گذشتہ جون سے آپ کی مالی پوزیشن کو سنبھالنے میں آپ کا مددگار ہے یہ پروردگار کی خاص عنایت ہے کہ اُس نے اِس مشکل میں بھی آپ کیلئے راحت کا سامان مہیا کردیا ہے دیگر سیارگان کی نشست و برخاست آپ پر کیا اثرات مرتب کرے گی یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں

صحت: گذشتہ سال مریخ کے ہبوط نے آپ کی صحت کو خاصہ متاثر کیا ہے مگر امسال انشاء اللہ آپ کی صحت کافی بہتر رہنے کا امکان ہے، جنتری میں سے قمر در عقرب کی تواریخ اور قمری گربہن کی تواریخ کو نوٹ فرمالیں اور ایام میں صدقہ ضرور ادا کریں تاکہ کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچا جاسکے۔

سماجی تعلقات: آپ کے سماجی تعلقات سے منسوبہ ستارہ ابتدائے سال تا 27 جولائی وبال کے گھر قیام پذیر رہتے ہوئے منفی اثرات مرتب کرتا رہے گا آپ کو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی بالخصوص سسرالی عزیزوں اور بہن بھائیوں سے تعلقات خراب ہوسکتے ہیں: 21 مارچ تا 21 اپریل شمس کی بیت الاقرباء میں شرفی نشست حالات میں بہتری کا باعث ہوگی 4 تا 30 مئی تیسرے زہرہ کی منفی پوزیشن ایکبار پھر مسائل میں اضافہ کردے گی ان ایام میں خاندان اور بالخصوص والدہ سے تعلقات میں احتیاط کریں 27 جولائی کو مریخ کے وبالی کیفیت سے نکل جانے سے حالات بہتری کی جانب گامزن ہونگے اس سال ایک اور بات کا بھی آپ کو خاص خیال رکھنا ہوگا۔ آپ کے طالع کا حاکم کیریئر کاروبار کے گھر رہتے ہوئے آپ کے کاروباری معاملات کو خراب کرسکتا ہے یہ بات آپ کے سماجی وقار کو مجروح کرسکتی ہے۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: آپ کے بیت الاولاد سے منسوبہ ستارہ ایک تیز رفتار ستارہ عطارد ہے جو کہ امسال یکم فروری تا 18 اپریل ہبوط کے گھر رہتے ہوئے آپ کو بچوں کی جانب سے پریشان رکھے گا اسی طرح 3 تا 28 ستمبر

11 اکتوبر تا 9 نومبر اور 29 نومبر تا 18 دسمبر کا عرصہ بھی بہتر نہ ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ باقی اوقات انشاء اللہ بہتر ہونگے بالخصوص 18 جون تا 14 جولائی 16 اگست تا 3 ستمبر کا عرصہ بہترین ہوگا بے اولاد حضرات کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے یہی اوقات انعام کے حصول میں بہتر ہونگے۔

سفر: امسال آپ کو آخر جولائی تک بالعموم اور یکم فروری تا 8 اپریل بالخصوص نزدیکی سفروں میں احتیاط کرنا ہوگی جلد بازی سے گریز کریں اور اپنے کاغذات اور قیمتی سامان کا خاص خیال رکھیں! بیرونِ ملک سفر کے حوالہ سے 6 اپریل تا 4 مئی اور 30 مئی تا 19 جولائی، 30 ستمبر تا 24 اکتوبر، 11 دسمبر تا آخر سال کا عرصہ موافق ہوگا باقی عرصہ میں ویزہ وغیرہ اور سفر سے گریز کریں امیگریشن کے خواہشمند افراد کیلئے دسمبر کے علاوہ کوئی بھی وقت موافق نہ ہوگا۔

تعلیمی کیریئر: تعلیمی حوالہ سے بچوں کو امسال پہلے 7 ماہ مشکلات پیش آئیں گی باقی سال حالات بہتر ہونگے اور اعلیٰ تعلیمات حاصل کرنے والے افراد کو امسال 4 تا 30 مئی 19 جولائی تا 13 اگست 6 تا 30 ستمبر، 24 اکتوبر تا 11 دسمبر مشکل صورتحال کا سامنا ہوسکتا ہے باقی عرصہ انشاء اللہ حالات بہتر رہیں گے۔

منگنی شادی: امسال منگنی یا نسبت وغیرہ طے کرنے کیلئے درست وقت کا انتخاب از حد ضروری ہوگا وگرنہ بنی بنائی بات ختم ہوسکتی ہے بالخصوص یکم فروری تا 8 مئی ایسے کسی بھی اقدام سے گریز کریں اس کے علاوہ 3 تا 28 ستمبر، 11 اکتوبر تا 9 نومبر اور 8 جون تا 14 جولائی، 16 اگست تا 3 ستمبر، 28 ستمبر تا 11۔ اکتوبر کا عرصہ اس حوالہ سے بہترین اوقات ہونگے شادی نکاح کے خواہشمند افراد کیلئے ضروری ہوگا کہ وہ یکم جنوری تا 23 مارچ، 24 ستمبر تا 24 اکتوبر بالخصوص ایسے اقدامات سے گریز کریں اُن کے لیے 23 مارچ تا 23 اپریل اور 22 جون تا 24 ستمبر کا عرصہ بہترین وقت ہوگا ان ایام میں کئی گئی شادیاں انشاء اللہ خوشی کا موجب ہونگیں۔

شراکتی ازدواجی معاملات: آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات امسال ملے جلے اثرات کے حامل ہونگے سال کی پہلی سہ ماہی بالخصوص 23 مارچ تک آپ کے تعلقات کافی سے زیادہ خراب نظر آرہے ہیں خاص احتیاط کریں وگرنہ مابین علیحدگی ہوسکتی ہے ان ایام میں کسی بھی قسم کی شراکت داری سے گریز کریں بعد از 23 مارچ حالات تیزی سے بہتر ہونگے۔ 26 جون تا 24 اگست اس حوالہ سے سال کے بہترین اوقات ہونگے آپ خوب انجوائے کر رہے ہیں اکثر احباب کو نئی شراکت داریوں کی آفر مل رہی ہے 24 ستمبر تا 24 اکتوبر بالخصوص اور 24 اکتوبر تا 24 نومبر بالعموم آپ کے حالات ایکبار پھر کشیدہ نظر آرہے ہیں اب آپ کو ہر صورت اپنی شراکتی ازدواجی زندگی بچانا ہوگی۔

معشیت کیریئر روزگار: جیسا کہ گذشتہ سطور میں بتایا جاچکا ہے کہ آپ کے کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ 27 جولائی تک وبال زدہ رہتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار پر منفی اثرات مرتب کرتا رہے گا دوسری جانب ستارہ زحل بھی گذشتہ تقریباً ڈیڑھ سال سے آپ کے کیریئر کے گھر موجود رہتے ہوئے آپ کی مشکلات میں اضافہ کر رہا ہے آپ کے بنتے بنتے کام آخری مراحل میں بگڑ رہے ہیں ایسا لگتا ہے جیسے کسی نے بندیش کر دی ہو جبکہ ایسا نہیں ہے یہ ستارہ زحل کے اثرات ہیں جن کا کام ہی رکاوٹیں اور بندیش کھڑی کرنا ہے آپ کیلئے امسال از حد ضروری ہوگا کہ آپ زحل اور مریخ کے منفی اثرات کا روحانی سدباب کریں تاکہ آپ کا کیریئر محفوظ رہ سکے اور کاروبار ختم ہونے سے بچ جائے۔

خصوصی احکامات: سال 2014ء مجموعی طور پر آپ کیلئے ایک ملا جلا سال ہے آپ کو اچھے بُرے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا ابتدائے سال میں ہی یکم تا 20 جنوری شمس بارہویں حضیض میں رہتے ہوئے آپ کے بیرون ملک قیام اور امیگریشن سے منسوبہ معاملات کو بگاڑ دے گا عین ممکن ہے آپ کو واپس آنا پڑے 20 جنوری تا 19 فروری طالع میں شمس کا وبال آپ کی شخصیت پر انتہائی منفی اثرات مرتب کرے گا آپ کے شریک کار اور شریک حیات کی نظروں میں آپ کی ویلیو کم ہو رہی ہے ان ایام میں شراکتی ازدواجی زندگی کے حوالہ سے کسی بھی اہم فیصلہ سے گریز کریں 28 مارچ کو خانہ مال میں عطارد کا ہبوط آپ کی معاشی صورتحال کو درہم برہم کرسکتا ہے مالی لین دین میں محتاط رہیں کسی بھی قسم کا چیک یا تحریری معاہدہ نہ کریں بچوں سے بحث و تکرار اچھی نہ ہوگی اسی طرح وراثتی معاملات بھی آپ کے خلاف جاسکتے ہیں۔ اپریل کو تیسرے شمس کا شرف بہن بھائیوں اور قریبی عزیزوں سے جاری کشیدگی میں کمی کا باعث ہوگا یہ وقت شادی اور شراکت داری دونوں کیلئے بہترین ہوگا۔ 29 اپریل کو خانہ مال میں شرف زہرہ آپ کو بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال کو سنبھالنے میں مدد دے گا اس حوالہ سے والدہ، خاندان کا کوئی فرد یا سسرالی عزیز بہترین کردار ادا کرسکتا ہے آپ کے بیرون ملک اور اعلیٰ تعلیم کی راہ ہموار ہو رہی ہے 3 تا 29 مئی قریبی عزیزوں سے ایکبار پھر کشیدگی بڑھ رہی ہے ان ایام میں والدہ یا خاندان کے افراد سے تعلقات بحال رکھنا مشکل ہوجائے گا۔ بیرون ملک سفر اور ویزہ اپلائی کرنے سے گریز کریں۔ 11 جولائی کو پانچویں اوج زہرہ آپ کی منگنی یا کہیں نسبت وغیرہ طے پاجانے کی جانب اشارہ ہے آپ کی توجہ افیئرز وغیرہ کی جانب بڑھ رہی ہے بے اولاد حضرات کو خوشی مل سکتی ہے 11 جولائی ہی کو چھٹے اوج شمس جہاں آپ کی صحت جاب پر انتہائی اثرات مرتب کرے گا اور آپ کیلئے کسی بہتر یا سرکاری ملازمت کی راہ ہموار کردے گا وہیں آپ کی مخالفتوں میں بھی اضافہ دے گا آپ کی شادی خانہ آبادی یا نکاح طے پاسکتا ہے۔ 16 جولائی کو مشتری کے ساتویں آجانے سے آپ کو مالی معاملات میں مشکلات پیش آنا شروع ہوجائیں گی اور یہ صورتحال آخر سال تک برقرار رہے گی دوستوں کے ساتھ واسطہ خواہشات کی تکمیل اب ممکن نہ ہوگی 23 اگست کو آٹھویں شرف عطارد شراکتی معاملات میں مالی فوائد کا حصول ممکن بنائے گا آپ کی منگنی وغیرہ کیلئے حالات ایکبار پھر سازگار ہو رہے ہیں اسی طرح بچوں اور اولاد کے حوالہ سے بھی خوشخبری مل سکتی ہے 26 ستمبر کو آٹھویں ہی ہبوط زہرہ خاندان وراثتی حوالہ سے نقصان کا پیش خیمہ ہوسکتا ہے آپ کے بیرون ملک سفر بھی متاثر ہو رہے ہیں سسرالی اور خاندان کے افراد سے اختلافات ذہنی دباؤ کا باعث ہونگے 11 اکتوبر کو ناویں شمس کا ہبوط آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو دباؤ پر لگا دے گا محتاط رہیں وگرنہ بات علیحدگی پر ختم ہوگی ان ایام میں ویزہ وغیرہ قطعی اپلائی نہ کریں۔ 24 اکتوبر تا 16 نومبر کیریئر کے گھر زہرہ کی وبال زدہ حالت آپ کا کاروبار والدہ خاندان یا کسی سسرالی عزیز کیوجہ سے متاثر ہونے کی نشاندہی ہے محتاط رہیں ان ایام میں پراپرٹی

کے لین دین یا گھر کی تبدیلی سے بھی گریز کریں۔ 11 نومبر کو کیریئر کے گھر اوج عطارد کاروباری معاملات میں دُرست فیصلوں اور نئے منصوبوں کے آغاز کے حوالہ سے بہترین وقت ہوگا اس وقت سے ضرور فائدہ اُٹھائیں آپ بچوں کے حوالہ سے کافی مطمئن نظر آرہے ہیں۔ 28 نومبر تا 17 دسمبر خواہشات کی تکمیل کے حوالہ سے کچھ بہتر وقت نہ ہوگا دوستوں کیساتھ اختلافات سے گریز کریں بچوں کے شراکتی ازدواجی مسائل آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث بن سکتے ہیں یکم دسمبر کو بارہویں مریخ کا شرف جہاں آپ کیلئے امیگریشن کا حصول ممکن کردے گا وہیں آپ کے خلاف خفیہ سازشوں کو بھی بڑھاوے گا آپ کے کاروباری حریف اور اپنے ہی عزیز آپ کے خلاف سرگرم عمل نظر آرہے ہیں!

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح ورد کریں بمعہ اوّل و آخر 9/9 مرتبہ درود پاک

اَللّٰھُمَّ افْتَحِ اَبْوَابَ فَتْحِکَ لِیْ یَا مُفْتِحُ الْاَبْوَابَ

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دین یا قبرستان میں ڈالیں

برج: حوت **PISCES** **سیارہ:** مشتری

رنگ: سبز، بھورا، خاکی
عنصر: آبی
جواہر: زمرد، یاقوت
بہترین شریک حیات: ثور، طان، عقرب
ناموافق ساتھی: جوزا، سنبلہ، قوس
بیماریاں: امراض قلب، دردِ شانہ، مرگی، حلق کی بیماریاں

دن: جمعرات **عدد:** ۳،۷ **20 Fer to 20 Mar** **حروف:** د، ج

اہم نکات: گذشتہ سال آپ کا اپنا ستارہ مشتری شرفی گھر رہتے ہوئے آپ کی شخصیت عزت وقار اور کیریئر روزگار پر انتہائی سعد اثرات مرتب کر رہا ہے یہ سلسلہ امسال وسط جولائی تک جاری رہے گا۔ دوسرا بڑا ستارہ زحل امسال بھی آپ کے زائچہ کے ناویں منفی اثرات مرتب کرتا رہے گا اور دسمبر میں آپ کے کیریئر کے گھر آجائے گا یہ زحل کے اوج کا گھر ہے یہ مشتری کی منفی پوزیشن کو دبالے گا امسال ہونے والے شمسی وقمری گرہن آپ کے زائچہ کے اہم ترین گھروں میں لگیں گے انہیں ضرور مدِ نظر رکھیں دیگر سیارگان کے شرف وہبوط کے ثمرات اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: سال کی پہلی سہ ماہی آپ کی صحت کیلئے قطعی موافق نہ ہوگی آپ کو سر درد آنکھوں ٹانگوں اور دل کے امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ 24 ستمبر تا 23 نومبر کا عرصہ بھی آپ کی صحت پر مضر اثرات مرتب کر رہا ہے ان ایام میں صحت پر خاص توجہ دیں الغرضی کسی بڑے نقصان میں تبدیل ہو سکتی ہے 29 مئی اور 24 اکتوبر کے شمس گرہن بھی خاص طور پر آپ کی صحت کو متاثر کر سکتے ہیں ان ایام میں صدقہ اور نماز آیات کا اہتمام ضروری ہوگا۔

سماجی تعلقات: آغاز سال سے ہی آپ کی شخصیت سے منسوبہ ستارہ مشتری رجعت میں رہتے ہوئے آپ کی سوچ کو منفی رُجحان دے رہا ہے دوسری طرف یکم فروری تا 8 اپریل طالع میں عطارد کی ہبوطی نشست اور رجعت آپ کی عزت توقیر میں کمی کا باعث بن سکتی ہے خاندان اور شریک کار یا شریک حیات سے شدید اختلافات آپ کے سماجی وقار کو مجروح کر رہے ہیں اپنی سوچ اور گفتگو کو مثبت رکھیں 6 اپریل تا 4 مئی طالع میں زہرہ کی موجودگی مثبت اثرات مرتب کرے گی آپ کے تعلقات بہن بھائیوں سے بہتر ہو رہے ہیں مگر 4 تا 30 مئی آپ کے مابین مالی معاملات وجہ تنازعہ بھی بن سکتے ہیں 3 تا 28 ستمبر 11 اکتوبر تا 17 نومبر کا عرصہ بھی آپ کو سماجی تعلقات کے حوالہ سے محتاط رہ کر گزارنا ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: بچوں کے حوالہ سے یہ سال انشاء اللہ کافی خوشگوار گذرے گا بے اولاد حوت افراد کو اولاد کی نوید مل سکتی ہے گذشتہ سال سے پانچویں مشتری کی شرفی نشست آپ کیلئے آسودگی پیدا کر رہی ہے امسال ہونے والے دو چاند گرہن جو کہ بالترتیب 15 اپریل اور 8 اکتوبر کو ہونگے ان کے اثرات سے بچاؤ کیلئے خصوصی صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں اس کے علاوہ قمر در عقرب کا صدقہ بھی آپ کے بچوں پر مثبت اثرات مرتب کرتا ہے۔

تعلیمی کیریئر: حوت بچوں کے لیے امسال 4 تا 30 مئی 6 تا 30 ستمبر اور 24 اکتوبر تا 17 نومبر کا عرصہ قدرے مشکل ثابت ہوگا باقی وقت بہتر ہے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے حوت افراد کو امسال کافی مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا آپ اپنے تعلیمی سلسلہ سے قطعی مطمئن نظر نہیں آرہے عین ممکن ہے اُن افراد کو تعلیمی سلسلہ منقطع کرنا پڑے جن کے زائچہ پیدائش میں زحل منفی ہے اس حوالہ سے زحل سے بچاؤ کا روحانی تدارک ضروری ہوگا۔

سفر: امسال گو کہ آپ کو کئی ایک نزدیکی سفروں سے واسطہ رہے گا مگر 4 تا 30 مئی۔ 6 تا 30 ستمبر 24 اکتوبر تا 17 نومبر سفر سے گریز کریں بامر مجبوری سفر کی صورت میں صدقہ ضرور ادا کریں۔ بیرون ملک سفر ویزہ یا امیگریشن وغیرہ اپلائی کرنے کیلئے یہ سال قطعی مناسب نہ ہوگا آپ کو سختی سے تاکید کی جاتی ہے کہ امسال ایسے اقدامات سے گریز کریں وگرنہ وقت اور پیسہ دونوں ضائع ہونگے۔

منگنی شادی: امسال آپکی منگنی یا نسبت وغیرہ طے ہونے کے قوی امکانات موجود ہیں وہ خواتین وحضرات جن کی تاحال کہیں بات نہ بن سکی تھی امسال انشاء اللہ بن جائے گی البتہ شادی نکاح کے حوالہ سے دُرست وقت کا انتخاب ضروری کریں تاکہ آپ کا رشتہ مضبوط بنیادوں پر استوار رہ سکے۔ یکم فروری تا 8 اپریل 3 تا 30 ستمبر 11 اکتوبر تا 9 نومبر 29 نومبر 18 دسمبر کا عرصہ ایسے اقدامات کیلئے قطعی مناسب نہ ہوگا گو کہ اس دوران کچھ عرصہ موافق ہوگا مگر ایام عزا کو مدِ نظر رکھتے ہوئے گریز بہتر ہوگا۔

شراکتی ازدواجی معاملات: اس حوالہ سے امسال آپ کو خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا تاکہ آنے والے متوقع مسائل سے بچا جا سکے یکم فروری تا 8 اپریل کا عرصہ بالخصوص تحمل اور بردباری سے گزارنا ہوگا آپ کے مابین چھوٹی چھوٹی باتیں وجہ تنازعہ ہونگی مگر یہی باتیں بڑے اختلافات کا بھی باعث بن سکتی ہیں اور بات علیحدگی تک جا سکتی ہے 16 اگست تا 3 ستمبر کا عرصہ شراکتی ازدواجی تعلقات کے حوالہ سے سال کا بہترین وقت ہوگا آپ کوئی بابہتر شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے مگر اس کے فوراً بعد 3 تا 30 ستمبر اور 11 اکتوبر تا 9 نومبر 29 نومبر تا 18 دسمبر کا

کیپٹل بک ہاؤس جی ٹی روڈ بہری پور
شان بک ڈپو ساگھڑ سندھ
علی سٹیشنری مارٹ پنجابی بازار پارا چنار

کا عرصہ بھی کسی امتحان سے کم نہ ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ تمام اوقات حالات موافق رہیں گے (انشاءاللہ)۔

معشیت کیریئر روزگار: آپ کے کیریئر کا حکام ستارہ مشتری 17 جولائی تک شرفی گھر رہتے ہوئے آپ کو اپنی سعادتوں سے نوازتا رہے گا گو کہ ابتدائے سال تا 6 مارچ مشتری کی رجعت ہوگی اور آپ کو مطلوبہ نتائج نہ مل سکیں مگر مجموعی طور پر صورتحال آپ کے حق میں ہوگی البتہ بعد از جولائی حالات مختلف ہونگے مشتری کی بُرج اسد میں موجودگی آپ کے کیریئر روزگار پر منفی اثرات مرتب کرے گی 24 ستمبر کے بعد کا عرصہ ملازم پیشہ افراد کیلئے خاصہ مشکل وقت ہوگا آپ کو اپنی نوکری بچانا ہوگی کسی بھی قسم کی جذباتیت سے گریز کریں۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ آپ گذشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں یہ ایک ملا جلا سال ہے آیئے دیگر سیارگان کے شرف وہبوط وغیرہ کے اثرات کا ایک اجمالی جائزہ لیتے ہیں یکم تا 19 فروری شمس بارہویں وبال میں رہتے ہوئے آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رُکاوٹ ہوگا دوستوں کیساتھ تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں آپ کی صحت اور جاب دونوں متاثر ہوسکتی ہیں 19 جنوری تا 19 فروری شمس بارہویں وبال میں رہتے ہوئے آپ کی صحت اور جاب پر مزید دباؤ بڑھاوے گا امیگریشن کے حصول میں ناکامی ہوسکتی ہے۔ بیرون ملک مقیم افراد کو بھی واپس آنا پڑسکتا ہے 28 مارچ کو طالع میں عطارد کا ہبوط آپس میں غلط فیصلہ یا گفتگو کرواسکتا ہے خاندان کے افراد والدہ اور شریک حیات و شریک کار کیساتھ تعلقات خراب ہوسکتے ہیں! 8 اپریل کو خانہ مال میں شمس کا شرف مالی پوزیشن کو مستحکم کرنے کا باعث ہوگا آپ کیلئے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا بیرون ملک سے مالی امداد ہوسکتی ہے۔

